وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ (التوبۃ:100)

"لَوْ كَانَ الْإِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ - أَوْ رَجُلٌ - مِنْ هٰؤُلَاءِ". (بخاری رقم 4897)

الموسوعۃ (انسائیکلوپیڈیا) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ (4)

امام الائمہ، سراج الامۃ، تابعی جلیل، امام المحدثین والفقہاء

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

مرویاتِ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

تالیف

حضرت مولانا ابوحفص اعجاز احمد اشرفی حفظہ اللہ

فاضل جامعہ اشرفیہ، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب	امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (4): مرویاتِ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ
مصنف	مولانا ابوحفص اعجاز احمد اشرفی حفظہ اللہ
صفحات	352
طبع اول	ربیع الثانی 1446ھ/ اکتوبر 2024ء
باہتمام	اعجاز احمد اشرفی حفظہ اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، امامِ اہل سنت، مُحیِ السُّنَّۃِ

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا

محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ

(المتوفی ۱۴۳۰ھ)

کے نام

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو ان کے بلندئ درجات کا باعث بنائے۔ آمین!

اعجاز احمد اشرفی

سلسلۂ تَعلِیمُ السُّنَّۃِ

1	ایمان وعقائد:	توحید وعقائد اہل السنت والجماعت
2	عبادات (1):	طہارت کے احکام
3	عبادات (2):	مسنون طریقۂ نماز
4	عبادات (3):	جنازہ کے احکام
5	عبادات (4):	زکوٰۃ کے احکام
6	عبادات (5):	روزہ کے احکام
7	عبادات (6):	حج کے احکام
8	معاشرت (1):	نکاح کے احکام
9	معاشرت (2):	طلاق کے احکام
10	معاشرت (3):	وراثت کے احکام
11	معاملات (1):	اسلامی تجارت کے احکام
12	معاملات (2):	حکمرانی اور عدلیہ کے احکام
13	معاملات (3):	جہاد کے احکام
14	حقوق (1):	حقوق رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
15	حقوق (2):	حقوق العباد
16	حقوق وآداب (1):	آدابِ معاشرت
17	حقوق وآداب (2):	کھانے پینے کے احکام وآداب
18	حقوق وآداب (3):	لباس کے احکام وآداب
19	تصوف وسلوک (1):	تزکیہ واحسان
20	تصوف وسلوک (2):	تہذیب اخلاق وتزکیۂ نفس
21	تصوف وسلوک (3):	تصوف
22	تصوف وسلوک (4):	روحِ تصوف
23	تصوف وسلوک (5):	وحدت الوجود اور وحدت الشہود
24	تصوف وسلوک (6):	مسئلۂ وحدت الوجود
25	تصوف وسلوک (7):	تصوف پر اشکالات کے جوابات
26	تصوف وسلوک (8):	اصطلاحاتِ تصوف
27	تصوف وسلوک (9):	شطحیاتِ صوفیہ رحمۃ اللہ علیہم
28	تصوف وسلوک (10):	مقبول مسنون دعائیں
29	تصوف وسلوک (11):	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصیحتیں اور وصیتیں

فہرست

پیشِ لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا○ أَمَّا بَعْدُ! فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ○ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ○ (التوبۃ:122)

"لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا، لَنَالَهٗ رِجَالٌ - أَوْ رَجُلٌ - مِنْ هٰٓؤُلَآءِ"۔ (بخاری رقم 4897) صدق اللہ العظیم

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ امت کی ان عظیم اور عبقری شخصیات میں سے ہیں، جن کی زندگی اور خدمات کا ایک روشن باب ہے، انہوں نے تدوینِ فقۂ اسلامی کی صورت میں قانونِ اسلامی کا وہ عظیم تحفہ امت کو دیا ہے، جس کی نظیر نہیں پیش کی جاسکتی ہے، اس فقید المثال خدمت کی بنا پر امت قیامت تک امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے احسانِ عظیم سے گراں بار رہے گی۔

احادیث میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مہارتِ تامہ، فقہ کی دقیقہ سنجی، سیاسی بصیرت، غیر معمولی حافظہ اور ذکاوت وذہانت، کامیاب اصولِ تجارت پر مشتمل آپ رحمۃ اللہ علیہ کی معاشی سرگرمیاں، زہد وتقویٰ اور تصوف وطریقت میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی نرالی شان، ان جیسی عظیم الشان اور غیر معمولی اہمیت کی حامل صفات سے آپ رحمۃ اللہ علیہ متصف تھے۔ یہی وجہ ہے کہ امت کے اخیار وابرار، محدثین عظام اور ائمۂ جرح وتعدیل نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عبقریت اور تقویٰ وطہارت سے لبریز آپ رحمۃ اللہ علیہ کی پاکیزہ زندگی کی شہادت دی ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی زبانِ حق کی ترجمان اور جن کا صیقلِ قلم بے داغ اور

بے غبار ہوا کرتا تھا، جن کے الفاظ نپے تلے اور عدل وانصاف کی ترازو میں تولے ہوئے ہوتے تھے۔

کہتے ہیں: ''شخصیت جتنی عظیم ہوتی ہے اس کی مخالفت بھی اس قدر شدید ہوتی ہے اور اس کی آزمائش بھی اتنی ہی سخت ہوتی ہے''۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو بھی مخالفت وعداوت اور آزمائش کی سخت ترین بھٹی سے گزرنا پڑا۔ صاحبانِ عزیمت کی طرح امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بیک وقت دو سطحوں پر صبر وبرداشت کی بھاری سلوں کو اپنے سینہ مبارک پر اٹھایا۔ مخالفت کی ایک سطح ''بادشاہت'' کا روایتی حربہ تھا۔ لیکن ظلم، ناشکری اور تعصب وعناد کی ایک دوسری صورت بھی تھی جو اس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کے معاصر حاسد علماء نے شروع کی اور پھر نسل در نسل متعصب ذہنیت رکھنے والے مذہبی طبقات میں بھی منتقل ہوتی رہی۔ صدیاں گزرنے کے بعد اب بھی مخصوص ''مذہبی'' پسِ منظر رکھنے والے لوگ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف حسد، بغض اور مخالفت کا ابلیسی مشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گذشتہ کئی صدیوں سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف جو پروپیگنڈہ سب سے زیادہ ہورہا ہے وہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی علمِ حدیث سے دوری، لاعلمی اور ناقدری کا الزام ہے۔ یہ کتنی عجیب بات ہے کہ آج بھی پورے عالمِ اسلام کا اسی (80) فیصد حصہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے فقہی اصولوں کا مقلد ہے لیکن پھر بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ کو حدیث سے لاعلم کہا جاتا ہے۔ تاہم یہ نظامِ قدرت ہے کہ ان مخالفانہ رویوں اور مسلسل متعصّبانہ کاوشوں کے باوجود اب بھی ''امام اعظم'' ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہی ہیں اور ان شاء اللہ رہتی دنیا تک ''امام اعظم'' کا اعزاز آپ رحمۃ اللہ علیہ ہی کے سر سجا رہے گا۔ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات فقہ پر بے شمار متقدم ومتاخر علماء نے مستقل کتب تصنیف کیں۔ اسی طرح آپ رحمۃ اللہ علیہ کی علمِ حدیث میں خدمات کے اعتراف پر بھی ہر دور کے علماء نے قابلِ قدر علمی کاوشیں مرتب کیں۔ دل چسپ بات یہ ہے کہ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات پر احناف سے زیادہ مالکی، شافعی اور حنبلی علماء نے لکھا ہے۔ ان اجل ائمہ میں امام ابوعبداللہ احمد بن علی صیمری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 436ھ)، قاضی ابوعمر یوسف بن عبد البر مالکی رحمۃ اللہ علیہ

(463ھ)، حجۃ الاسلام امام محمد بن محمد غزالی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (505ھ)، امام فخر الدین رازی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (606ھ)، امام ابو زکریا یحییٰ بن شرف نووی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (676ھ)، حافظ جمال الدین یوسف بن عبد الرحمٰن مزی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (742ھ)، امام شمس الدین محمد بن احمد ذہبی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (748ھ)، مجد الدین فیروز آبادی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (817ھ)، حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (852ھ)، علامہ یوسف بن عبد الہادی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ (909ھ)، امام جلال الدین سیوطی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (911ھ)، حافظ محمد بن یوسف صالحی دمشقی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (942ھ)، قاضی حسین بن محمد دیار بکری مالکی رحمۃ اللہ علیہ (966ھ)، امام احمد بن حجر ہیتمی مکی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (973ھ)، امام عبد الوہاب شعرانی شافعی رحمۃ اللہ علیہ (973ھ) جیسے جلیل القدر لوگوں کے نام شامل ہیں۔ علاوہ ازیں گزشتہ دو تین صدیوں میں بھی عرب وعجم میں امام صاحب پر برابر کام ہوتا رہا۔ لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ کے علمِ حدیث پر ایک ایسی ضخیم تحقیقی کتاب کی ضرورت تھی جس میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی فقہی خدمات کی طرح علمِ حدیث میں نمایاں کارناموں کا بھرپور احاطہ ہو سکے۔ یہ کام احناف کے ذمے ایک تاریخی قرض تھا۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی امامت اور جلالتِ شان متفق علیہ ہے۔ فقہ میں ان کی عظمت کو بیان کرنے کے لئے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول ہی کافی ہے:

"الناس عيال على أبي حنيفة في الفقه"۔ (تاریخ بغداد: ج15 ص474)

ترجمہ "لوگ فقہ میں ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے محتاج ہیں"۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس قول پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"الإمامة في الفقه ودقائقه مسلمة إلى هذا الإمام، وهذا أمر لا شك فيه"۔ (سیر اعلام النبلاء: ج6 ص403)

ترجمہ اس میں کوئی شک نہیں کہ فقہ اور اس کی باریکیوں سے واقفیت کے معاملہ میں وہ مسلمہ امام ہیں۔

اسی سلسلہ کی ایک کتاب: الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة

رحمۃ اللہ علیہ، میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی ساری احادیث کو ایک انسائیکلو پیڈیا کی شکل میں جمع کر دیا گیا ہے جو 20 جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کے مؤلف مولانا لطیف الرحمن مکی بہرائچی حفظہ اللہ ہیں جنھوں نے کچھ علمائے کرام کے بکھرے کام کو یکجا کر دیا۔ ان علمائے کرام میں مولانا عبد الحی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ، العلامہ زاہد الکوثری رحمۃ اللہ علیہ، مولانا ظفر احمد العثمانی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا مفتی مہدی حسن شاہ جہاں پوری رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابو الوفاء الافغانی رحمۃ اللہ علیہ اور عبد الرشید النعمانی رحمۃ اللہ علیہ حضرات شامل ہیں۔

امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت الکوفی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق کچھ کم علم اور متعصب افراد "قلیل الحدیث" اور "یتیم فی الحدیث" وغیرہ ہونے کا الزام لگایا ہے، جو خالص حسد وعناد پر مبنی ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو حفاظِ حدیث کے طبقے میں لکھا ہے اور جس نے ان کے بارے میں یہ خیال کیا ہے کہ وہ حدیث میں کم شان رکھتے تھے، تو اس کا یہ خیال یا تو تساہل پر مبنی ہے یا حسد پر"۔ (الخیرات الحسان، ص: 60)

"الموسوعة الحديثية لمرويات الإمام أبي حنيفة رحمۃ اللہ علیہ" سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی شانِ محدثیت روزِ روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ صرف محدث ہی نہیں بلکہ امامِ حدیث، حافظِ حدیث اور صاحبِ "جرح وتعدیل" ہونے کے ساتھ ساتھ، کثیر الحدیث ہونے میں بعد کے محدثین مثلاً امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، مسلم رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے ہم پلہ ہیں؛ جس سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا علمِ حدیث میں بلند مقام و مرتبہ کا ہونا ظاہر ہے۔ نیز آپ رحمۃ اللہ علیہ پر حدیث کے حوالے سے کیے گئے اعتراضات کا بے بنیاد ہونا بھی ثابت ہوتا ہے۔

مؤلف نے دنیا بھر کے کتب خانوں کے اسفار کیے، خاص طور پر ہندوستان، پاکستان، سعودی عرب، مصر، ترکی، روس اور انڈونیشیا وغیرہ میں موجود مکتبات پہنچ کر ان کی مخطوطات کی فہرست کو کھنگالا، اور اس فن کے ماہرین سے رابطہ فرمایا۔ اور احادیث کی تمام کتابوں کی ورق گردانی کی، خواہ وہ مسانید ہوں یا سنن یا صحاح یا جوامع یا مصنفات یا مستدرکات یا معاجم یا اجزاء یا مشکلات الآثار یا کتب الزوائد یا کتبِ اطراف و

غرائب یا کتبِ رجال وتاریخ یا طبقات وتراجم وغیرہ۔غرض یہ ہے کہ قرنِ اول سے لے کر قرنِ عاشر تک امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی پھیلی ہوئی احادیث جو اسانیدِ متصلہ کے ساتھ ہوں، ان کو ایک جگہ جمع کیا۔جس کے نتیجے میں متعدد مسانید جو آج تک چھپے نہیں تھے بلکہ وہ مخطوطات ہی کی شکل میں موجود تھے، ان کو حاصل کر کے ان کی تحقیق وتخریج کر کے شامل کیا۔پھر پندرہ سال کی مسلسل جدوجہد سے پورے ذخیرہ احادیث کو کھنگال کر کے ان کی ترتیب، تبویب اور تہذیب کر کے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی 10613 (دس ہزار چھ سو تیرہ) مرویات جمع کیں۔ اور ان پر تحقیقی کام کیا۔ یہ انسائیکلوپیڈیا، **الموسوعة الحديثية لمرويات الإمام أبي حنيفة** رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے عربی میں 20 جلدوں میں شائع ہو چکا ہے جس میں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مکمل دفاع، علمِ حدیث میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم مقام اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی مرویات پر ہوئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔

کتاب کل 20 جلدوں میں ہے، جس میں طویل مقدمہ ہے جو 3 جلدوں پر مشتمل ہے، جس میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا مکمل دفاع، علمِ حدیث میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم مقام اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی مرویات پر ہوئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔

بہت سی غلط فہمیاں اس بارے میں جو علمی حلقوں میں رائج تھیں اس کی نشان دہی کی گئی ہے اور اسے دور کیا ہے۔

کتاب فقہی اور حدیثی دونوں ترتیب کی رعایت کے ساتھ مرتب کی گئی ہے۔

کتاب میں جتنے رواۃ ہیں ان سب کے تراجم ہیں، جن کی تعداد 2314 ہیں۔

پوری کتاب کچھ اس طرح ہے:

(1) 3 جلدیں مقدمہ (2) 3 جلدیں تراجم رواۃ

(3) 2 جلدیں فہرست (4) 12 جلدوں میں احادیث

اس طرح کل 20 جلدوں میں کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔

اس موسوعہ کو دار الکتب العلمیہ بیروت نے شائع کیا ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی علمِ حدیث سے وابستگی اور اس میں رسوخ کو عوام تو کجا اکثر خواص

بھی اس سے ناواقف ہیں۔بعض نے تو اتنا بھی کہہ دیا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو صرف سترہ (17) حدیثیں یاد تھیں!!! یہ سب یا تو لاعلمی کی وجہ سے ہے یا سراسر عناد ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ قرونِ اولیٰ میں فقیہ ہونے کے لیے علمِ حدیث میں رسوخ شرطِ اول تھی کیونکہ قرآن کے بعد یہ فقہ کا دوسرا مآخذ ہے۔چنانچہ امام صاحب کے دادا استاذ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 95ھ) فرماتے تھے:

"لَا يَسْتَقِيمُ رَأْيٌ إِلَّا بِرِوَايَةٍ، وَلَا رِوَايَةٌ إِلَّا بِرَأْيٍ"۔

(حلیۃ الاولیاء لابی نعیم:4/251)

ترجمہ: فقہ میں بغیر حدیث کے اور حدیث میں بغیر فقہ کے رسوخ ناممکن ہے۔

تو حدیث وفقہ لازم وملزوم ٹھہرے۔اس سے معلوم ہوا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ جس فقہی سلسلہ سے منسلک تھے ان کے ہاں داخلے کی شرط ہی محدث ہونا تھا۔

الحمد للہ! یہ کتاب بارہ (12) جلدوں میں مرتب کی گئی ہے۔

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (1): حیات وخدمات

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (2): شرفِ تابعیت اور وحدانی روایات

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (3): حدیث میں مقام ومرتبہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (4): مرویاتِ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (5): فقہ میں مقام ومرتبہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (6): فقہِ اکبر اور وصایا

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (7): فضائل ومناقب

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (8): ناقدین کے مؤقف کا تحقیقی جائزہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (9): اعتراضات کا علمی جائزہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (10): ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ کے اعتراضات کا منصفانہ جائزہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (11): خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے اعتراضات کا منصفانہ جائزہ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (12): امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ

اس کتاب: امام اعظم ابوحنیفہ ؒ (4) "مرویاتِ امام ابوحنیفہ ؒ" میں مرویاتِ امام ابوحنیفہ ؒ کو ایک دوسرے انداز سے مختصراً بیان کیا گیا ہے۔ اس میں دس (10) ابواب ہیں:

اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل وکرم اور لطف وعنایت سے اس خدمت کو شرفِ قبولیت سے نوازے۔ اور باقی حصوں کی تکمیل کی خاص توفیق عطا فرمائے۔ اخلاص، قبولیت اور استقامت سے نوازے۔ مجھے، میرے والدین، بہن بھائیوں، گھر والوں، اساتذۂ کرام اور احباب و متعلقین کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین، ثم آمین۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ (البقرۃ:127)

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہم سے یہ خدمت قبول فرمالے، تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

اعجاز احمد اشرفی عفی عنہ

جمعہ، 18/ رمضان المبارک 1445ھ 29/ مارچ 2024ء

باب 1

امام اعظم ابوحنیفہ ؒ کی وحدانی روایات

1 آپ ؒ کی وحدانی روایات

آپ کی مسانید میں کئی ایسی روایات پائی جاتی ہیں جن کی اسناد میں آپ ؒ کے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان صرف ایک واسطہ ہے۔

بعض محدثین نے تو آپ ؒ کی ایسی وحدانی روایات پر مستقل جزء تصنیف کیے ہیں، جن میں امام ابوحامد محمد بن ہارون حضرمی ؒ، امام ابوالحسین علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقی ؒ، امام ابومعشر عبدالکریم طبری المقری ؒ اور امام ابوبکر عبدالرحمن محمد بن احمد سرخسی ؒ کے اجزاء زیادہ مشہور ہیں۔

اوّل الذکر تین اجزاء کی روایات حافظ ابن حجر عسقلانی ؒ (م 852ھ) کی مرویات میں سے ہیں۔

(المعجم المفهرس أو تجريد أسانيد الكتب المشهورة والأجزاء المنثورة، ص 272 ۔المؤلف:أبو الفضل أحمد بن علي بن محمد بن أحمد بن حجر العسقلاني (المتوفى: 852ھ).الناشر: مؤسسة الرسالة - بيروت؛ تانیب الخطیب، ص ۱۹، للامام الکوثریؒ)

اسی طرح یہ تینوں اجزاء "الفہرست الاوسط" میں حافظ ابن طولون ؒ (م 953ھ) کی مرویات میں سے بھی ہیں، جب کہ آخر الذکر جزء کی روایات "الانتصار والترجیح"

میں امام سبط ابن الجوزی ؒ (م 654ھ) کی مرویات میں سے ہیں۔

(تانیب الخطیب، ص41، للامام زاہد الکوثری ؒ۔ طبع: دار الکتاب، پشاور)

امام ابوالحسن نہفقی ؒ کے جزء کو امام ابوالمؤید خوارزمی ؒ (م 665ھ) نے ''جامع المسانید'' میں، امام ابومعشر طبری ؒ کے جزء کو امام جلال الدین سیوطی ؒ (م 911ھ) نے ''تبییض الصحیفۃ'' میں، اور ان کے شاگرد حافظ صالحی ؒ (م 942ھ) نے ''عقود الجمان'' میں، اور امام ابوبکر سرخسی ؒ کے جزء کو امام موفق بن احمد مکی ؒ (م 568ھ) نے ''مناقب ابی حنیفۃ ؒ'' میں ذکر کیا ہے۔

(جامع المسانید، 1/23-25؛ تبییض الصحیفۃ، ص26-32؛ عقود الجمان، ص54-61؛ مناقب ابی حنیفۃ، ص32-34، للمکی ؒ)

علاوہ ازیں امام ابوالمکارم عبداللہ بن حسین نیشاپوری ؒ نے امام اعظم ؒ کی ایسی سات وحدانی احادیث پر مشتمل ایک جزء لکھا ہے جو آپ ؒ نے سات صحابہ ؓ سے براہِ راست روایت کی ہیں۔ اس جزء کا نام ''اَلْاَحَادِيْثُ السَّبْعَةُ عَنْ سَبْعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ الَّذِيْنَ رَوٰى عَنْهُمُ الْاِمَامُ اَبُوْحَنِيْفَةَ ؒ'' ہے۔ یہ جزء مطبوعہ ہے۔

اسی طرح امام محمد بن عبدالملک ابوعبداللہ ؒ جو فقیہ، شاعر، ادیب اور فاضل تھے، نے بھی امام اعظم ؒ کی تین وحدانی احادیث جو آپ ؒ نے حضرت انس بن مالک ؓ، حضرت عبداللہ بن ابی اوفی ؓ اور حضرت عائشہ بنت عجرد ؓ سے روایت کی ہیں، پر مشتمل ایک جزء لکھا ہے۔ اس جزء کو امام عبدالکریم رافعی قزوینی ؒ (م 623ھ) نے بھی اپنی تاریخ میں نقل کر دیا ہے۔

(التدوین فی اخبار قزوین، 1/437، 438)

البتہ بعض حضرات نے ان وحدانیات پر تنقید بھی کی ہے، تو اس کے لئے ملا علی قاری ؒ، امام عینی ؒ اور امام سیوطی ؒ کی تصریحات ملاحظہ کیجئے، ان تمام حضرات نے حقیقت واضح کر دی ہے۔

محدثین کا امام عالی شان ؒ کی وحدانی احادیث سے یہ اس قدر اعتناء ان کے صحیح اور مقبول ہونے کی بیّن دلیل ہے۔

2 حضرت امام اعظم ؒ کی بیس (20) وحدانیات کا متن

1 حضرت انس ؓ کی روایات

حدیث 1:۔ حَدثَنَا أَبُو الْحسن مُحَمَّد بن مُحَمَّد بن أَحْمد الْمُؤَذّن الحبلی، ثَنَا إِبْرَاهِيم بن مُحَمَّد بن عمرويه، ثَنَا أَحْمد بن أبي الصَّلْت بن الْمُغلس، ثَنَا بشر بن الْوَلِيد، ثَنَا يَعْقُوب بن إِبْرَاهِيم، عَن أبي حنيفَة، سَمِعت أنس بن مَالك، يَقُول: سَمِعت رَسُول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُول: ''طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ''.

(مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص24؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنیفة رقم 611 تا 627؛ الاربعين المختارة من حديث الامام ابی حنيفة'' للحافظ يوسف بن عبد الهادی الصالحی رقم 41؛ ''اربعين البلدانية'' لمسافر بن محمد بن حاجی الدمشقی، رقم 2؛ مسند الامام الاعظم لابن خُسرو، ج1 ص173 رقم 3، 4، 7، 9، 10؛ تاریخ بغداد ج5 ص338 رقم 1432، ج10 ص161 رقم 3009؛ تاریخ بغداد و ذیولہ ج4 ص208، ج9 ص111؛ ذیل تاریخ بغداد، لابن نجار، ج3 ص87؛ مناقب الامام اعظم ابی حنیفہ للموفق ج1 ص28؛ التدوین فی اخبار قزوین، ج1 ص290؛ البداية والنهاية ج13 ص416؛ الأربعون البلدانية لمسافر حاجی (مسافر حاجی) ص3) (حديث حسن بطرقه وشواهده: ابن ماجہ رقم 224؛ مسند بزار رقم 94، 94، 7478؛ مسند ابی یعلی رقم 2837، 2903، 4035؛ معجم ابن الاعرابی رقم 1832، 2095؛ معجم اوسط طبرانی رقم 9، 2008، 2462، 8381، 8833، 8833؛ معجم صغیر طبرانی رقم 22؛ مسند الشامیین رقم 2084، 3375؛ مسند الشہاب رقم 175؛ عن ابن مسعود ؓ: الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 628 تا 629؛ المسند للحارثی رقم 887؛ کشف الآثار للحارثی رقم 902؛ معجم ابی یعلی رقم 320؛ معجم اوسط رقم 5908؛ معجم

کبیر رقم 10439؛ عن ابی سعید رضی اللہ عنہ: معجم ابن الاعرابی رقم 312؛ معجم اوسط رقم 8567؛ عن حسین بن علی رضی اللہ عنہ: معجم اوسط طبرانی رقم 2030؛ معجم صغیر رقم 61؛ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ: معجم اوسط طبرانی رقم 4096؛ عن ابی ہریرۃ: الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 630؛ المسند للحارثی، رقم 1682)

ترجمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے:
''علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے''۔

حدیث 2:۔قرأت على أبي نصر العمر بن محمد بن الحسين بن محمد بن جامع فأقر به، قلت له: أخبركم القاضي أبو جعفر محمد بن أحمد بن حامد بن عبيد بقراءتك عليه، قال: حدثنا أبو سعد إسماعيل بن على الرازى السمان، قال: أخبرنا أحمد بن محمد، قال: حدثنا الحسين بن أحمد، قال: حدثنا أبو العباس أحمد بن الصلت بن المغلس، قال: حدثنا بشر بن الوليد القاضی، عن أبي يوسف، عن أبي حنيفة، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ"۔

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 9974 تا 9976؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الأدب، رقم 22؛ مسند الامام الاعظم، لابن خسرو، ج 1 ص 174، 175 رقم 5، 8؛ "الأحاديث السبعة" للإمام أبي المكارم عبد الله بن حسين النيسابورى رقم 3؛ جامع المسانید للخوارزمی ج 1 ص 85؛ أخبار أبي حنيفة و أصحابه، للصَّيْمَرى ص 18؛ مناقب الامام اعظم ابی حنیفہ للموفق ج 1 ص 26؛ منازل الأئمة الأربعة أبي حنيفة ومالك والشافعي وأحمد، للسلماسی، ص 167؛ مغانی الأخيار فی شرح أسامی رجال معانی الآثار ج 3 ص 123؛ عن بُریدۃ رضی اللہ عنہ: ثلاثیاً: مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص 150، 151؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الأدب، رقم 23؛ مسند احمد رقم 23027؛ مسند الرویانی رقم 6؛ جزء الف دینار رقم 76) (عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ: مسند احمد رقم 22360 م؛ معجم کبیر طبرانی 17 / (رقم 629، 631)؛ عن انس رضی اللہ عنہ: ترمذی رقم 2670؛ مسند ابی یعلیٰ رقم

4296؛ مسند بزار رقم 7520، 7521؛ جامع بيان العلم وفضلہ رقم 60؛ الاحادیث المختارۃ رقم 2193؛ صَحِيح الْجَامِع: 1605؛ الصَّحِيحَة: 1660)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''نیکی کی طرف بلانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے''۔

حدیث 3:۔أخبرنا الفقيه أبو سعد المطهر بن الحسين بن سعد بن على بن بندار اليزدى الحنفي مذهباً ببغداد. قال: أخبرنا أبي، قال: أخبرنا أبو معشر عبد الكريم بن عبد الصمد المقرئ، قال: حدثنا أبو عبد الله الحسين بن محمد بن منصور الفقيه الواعظ، قال: حدثنا أبو إبراهيم أحمد بن الحسن القاضی، قال: أخبرنا الامام أبو بكر محمد بن أحمد بن محمد بن حمدان الحنيفي، قال: حدثنا الإمام أبو سعد إسماعيل بن على السمان، حدثنا أبو الحسين أحمد بن محمد بن محمود البزار، حدثنا أبو سعيد الحسين بن أحمد بن محمد بن المبارك، حدثنا أبو العباس أحمد بن الصلت بن المغلس الحمانی، حدثنا بشر بن الوليد القاضی، عن أبي يوسف القاضی، عن الإمام أبي حنيفة، قال: سمعت أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: "إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يُحِبُّ إِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ"۔

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 10036 تا 10040؛ "العجم" لعبد الخالق بن أسد الحنفي، رقم 423؛ "معجم الشيوخ الأبرقوهي، لأحمد بن اسحاق الأبرقوهي، رقم 64؛ جزء ما رواه ابوحنيفة عن الصحابة، للامام ابو معشر عبد الكريم بن عبد الصمد الطبرى المقرى الشافعي، كما فی تبييض الصحيفة ص 12؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الأدب، رقم 29؛ مسند الامام الاعظم، لابن خسرو، ج 1 ص 174 رقم 3، 6؛ جامع المسانید للخوارزمی ج 1 ص 85؛ أخبار أبي حنيفة و أصحابه، للصَّيْمَرى ص 18؛ مناقب ابی حنیفہ للمکی ص 28؛ منازل الأئمة الأربعة أبي حنيفة ومالك والشافعي وأحمد، للسلماسی، ص 167؛ الانتصار والترجیح، لسبط ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ، ص 22؛ مغانی

الأخیار فی شرح أسامی رجال معانی الآثار ج 3 ص 123؛ المعجم لعبد الخالق بن أسد الحنفی، ص 397 رقم 423؛ عن بُریدة ؓ: ثلاثیاً: مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص 150، 151) (عن انس ؓ: مسند ابی یعلی رقم 4296؛ مسند بزار رقم 7521، 4296؛ مکارم الاخلاق طبرانی رقم 95؛ الترغیب فی فضائل الأعمال وثواب ذلك لابن شاهین رقم 508؛ شعب الایمان رقم 1544؛ معجم ابن عساکر رقم 1272؛ جامع بیان العلم وفضلہ رقم 1272)

ترجمہ: حضرت انس ؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ تعالیٰ فریادخواہ کی مدد کرنے کو پسند کرتا ہے''۔

حدیث 4:۔ قرأت علی الشیخ الامام أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار ابن أحمد بن القاسم فأقر به. قلت له: أخبركم القاضی الامام أبو عبد الله الحسین بن علی الصیمری قراءة علیه، قال: حدثنا هلال بن محمد بن محمد بن أخی هلال الرأی بالبصرة، قال: حدثنی أبی أبو عبید، قال: حدثنا محمد بن حمدان الطنافسی، قال: حدثنا أحمد بن الصلت، عن بشر بن الولید، عن أبی یوسف، عن أبی حنیفة، قال: سمعت أنس بن مالك یقول: سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول: "الدال علی الخیر کفاعله، والله یحب إغاثة اللهفان".

(الموسوعة الحدیثیة لمرویات الامام ابی حنیفة رقم 9973، 10041؛ "المسند" لابن خسرو رقم 1؛ اخبار ابی حنیفة للصیمری ص 18)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''نیکی کی طرف بلانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے، اور اللہ تعالیٰ فریادخواہ کی مدد کرنے کو پسند کرتا ہے''۔

حدیث 5:۔ أَخْبَرَنَا عَنْ كِتَابِ الْقَاضِي عَبْدِ الْمَلِكِ، أنبا قَاضِي الْقُضَاةِ أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الدَّامَغَانِيُّ سَنَةَ أَرْبَعٍ وسبعين وأربعمائة، أَنْبَأَ الْقَاضِي أَبُو عَبْدِ اللهِ الحسن بْن علی بْن مُحَمَّدٍ الصَّيْمَرِيُّ، ثَنَا أَبُو بَكْرٍ

هِلَالُ بن محمد بن مُحَمَّدِ بْنِ أَخِي هِلَالٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا أَبُو عُبَيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَانَ الطَّيَالِسِيُّ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "مَنْ تَفَقَّهَ فِي دِينِ اللهِ كَفَاهُ اللهُ هَمَّهُ وَرِزْقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ".

(التدوین فی أخبار قزوین، ج 3 ص 261؛ الموسوعة الحدیثیه لمرویات الامام ابی حنیفة، رقم 576؛ مسند الامام الاعظم لابن خسرو، ج 1 ص 173 رقم 2)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ کے دین میں تفقہ (سمجھ بوجھ) حاصل کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے غموں کو کافی ہوجاتا ہے اور اس کو وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ سوچ بھی نہیں سکتا''۔

حدیث 6:۔ أخبرنا الشیخ الإمام محمد بن منصور الوانی فی شعبان سنة ست وخمسمائة، قال: أخبرنا الشیخ الفقیه العالم الزواهی، قال: حدثنا القاضی الإمام الشهید أبو سعید بن عماد الإسلام أبی العلاء صاعد بن محمد، قال: أنبأنا أبو مالك نصرویه بن أحمد البلخی ورد علینا حاجاً، قال: حدثنا أبو الحسن علی بن الخضیب، قال: حدثنا علی بن بدر وهو أبو الخضر القاضی، قال: حدثنا هلال بن بدر، عن هلال بن أبی العلاء، عن ابیه، عن الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه، قال: لقیت سبعة من أصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم وسمعت عن كل واحدٍ منهم حدیثاً: لقیت أنس ابن مالك الأنصاری وسمعته یقول: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ خَالِصاً مُخْلِصاً بِهَا قَلْبُهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَلَوْ أَنَّكُمْ تَوَكَّلْتُمْ عَلَى اللهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ، لَرُزِقْتُمْ كَمَا تُرْزَقُ الطَّيْرُ، تَغْدُو خِمَاصًا، وَتَرُوحُ بِطَانًا".

(الموسوعة الحدیثیه لمرویات الامام ابی حنیفة، رقم 86؛ الأحادیث السبعة،

للإمام أبي المكارم عبد الله بن حسين النيسابوری رقم 4؛ مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ، للمکیؒ، ج 1 ص 36؛ جزء الاحاديث السبعة عن سبعة من الصحابة الذين روىٰ عنهم الامام ابوحنيفة، مطبوع در ضمن "الرسائل الثلاث الحديثية" ص 170؛ البداية والنهاية ج 13 ص 416) (عن عمرؓ: الزهد والرقائق لابن المبارك رقم 559؛ مسند ابی داؤد طیالسی رقم 51؛ مسند احمد رقم 205، 370، 373؛ مسند عبد بن حمید رقم 10؛ ابن ماجہ رقم 4164؛ ترمذی رقم 2344؛ مسند بزار رقم 340؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 11805؛ مسند ابی یعلیٰ رقم 247؛ ابن حبان رقم 730؛ مستدرک حاکم رقم 7894؛ مسند الشہاب القضاعی رقم 1444)

ترجمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے سات اصحاب سے ملاقات کی ہے، اور میں نے ان میں سے ہر ایک سے حدیث سنی ہے۔ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے شرفِ ملاقات حاصل کیا ہے۔ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص خلوصِ دل کے ساتھ ''لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ'' کہتا ہے، وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور اگر تم نے اللہ پر اس طرح توکل کیا جس طرح توکل کرنے کا حق ہے تو تمہیں اس طرح رزق دیا جائے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے۔ وہ خالی پیٹ صبح کرتے ہیں اور شام کو سیر ہو کر (واپس اپنے گھروں کو) لوٹتے ہیں''۔

2 حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کی روایات

حدیث 7:۔ القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی الأنصاری روی فی "مسنده" عن أبي السعادات أحمد بن أحمد بن عبد الواحد المتوكلي، عن أبي الحسين أحمد بن محمد بن أحمد السمناني، عن أبي الحسن علي بن أحمد بن عيسى النهفقني، عن الحسن بن علي بن إسحاق التمار، عن أبي الحسن علي بن بابويه الأسواري، عن جعفر بن محمد بن علي بن الحسن، عن يونس بن حبيب، عن أبي داود الطيالسي، عن أبي حنيفة رضی الله عنه، عن عبد الله بن أنيس رضی الله عنه صاحب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، أنه قال: "حبك للشيء يعمي ويصم".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 10010؛ "مسند" محمد بن عبد الباقی، كما فی "جامع المسانيد": 1)

* قَالَ: وُلِدْتُ سَنَةَ ثَمَانِينَ، وَقَدِمَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُنَيْسٍ صَاحِبُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكُوفَةَ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَتِسْعِينَ، وَرَأَيْتُهُ، وَسَمِعْتُ مِنْهُ، وَأَنَا ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: "حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ".

(مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الأدب، رقم 31؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 10011 تا 10016؛ المسند للثعالبی رقم 127؛ جزء ما رواه ابوحنيفة عن الصحابة، للامام ابو معشر عبد الكريم بن عبد الصمد الطبری المقری الشافعی، كما فی تبييض الصحيفة ص 16؛ مسند الامام الاعظم لابن خسروؒ ج 2 ص 506 -503 رقم 570 -560؛ جامع المسانید للخوارزمی ج 1 ص 78؛ مناقب الامام الاعظم ابی حنیفہ، للمکیؒ، ج 1 ص 30؛ تاریخ مدینۃ دمشق، لابن عساکر، ج 13 ص 316؛ الانتصار والترجیح للمذہب الصحیح، لسبط ابن الجوزیؒ، ص 462، (مجموع کتب الامام الکوثری) (عن ابی الدرداءؓ: ابوداؤد رقم 5130؛ مسند ابن أبي شيبة رقم 49؛ مسند احمد رقم 21694، 27548؛ تخريج الأحاديث المرفوعة المسندة فی كتاب التاريخ الكبير للبخاری رقم 416؛ مسند بزار رقم 4125؛ الکنیٰ والاسماء للدولابی رقم 546؛ معجم اوسط طبرانی رقم 4359؛ مسند الشامیین رقم 1454، 1468؛ مسند الشہاب القضاعی رقم 219؛ الآداب بیہقی رقم 172؛ شعب الایمان رقم 407، 408)

ترجمہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''میں ۸۰ھ میں پیدا ہوا اور 94ھ میں جب میری عمر چودہ سال تھی، حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لائے، تو میں نے ان کی زیارت کی اور اُن کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تمہارا کسی چیز سے (بہت زیادہ) محبت کرنا تم کو اندھا اور بہرا کر دیتا ہے''۔

حدیث 8:۔ أخبرنا الشيخ الإمام محمد بن منصور الوانی فی شعبان سنة ست

وخمسمائة، قال: أخبرنا الشيخ الفقيه العالم الزواهی، قال: حدثنا القاضی الإمام الشهيد أبو سعيد بن عماد الإسلام أبی العلاء صاعد بن محمد، قال: أنبأنا أبو مالك نصرويه بن أحمد البلخی ورد علينا حاجاً، قال: حدثنا أبو الحسن علی بن الخضيب، قال: حدثنا علی بن بدر وهو أبو الخضر القاضی، قال: حدثنا هلال بن بدر، عن هلال بن أبی العلاء، عن ابيه، عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه، قال: لقيت سبعة من أصحاب رسول الله صلی الله عليه وسلم، وسمعت عن كل واحد منهم حديثاً: لقيت عَبْدَ اللهِ بْنَ أُنَيْسٍ رضی الله عنه وسمعته يقول: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: "رَأَيْتُ فِي عَارِضَتَي الْجَنَّةِ مَكْتُوبًا ثَلَاثَةُ أَسْطُرٍ بِالذَّهَبِ الْأَحْمَرِ، لَا بِمَاءِ الذَّهَبِ: السَّطْرُ الْأَوَّلُ: لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ. السَّطْرُ الثَّانِي: اَلْإِمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، فَأَرْشَدَ اللهُ الْأَئِمَّةَ وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِينَ. السَّطْرُ الثَّالِثُ: وَجَدْنَا مَا عَمِلْنَا، رَبِحْنَا مَا قَدَّمْنَا، خَسِرْنَا مَا خَلَّفْنَا، قَدِمْنَا عَلٰى رَبٍّ غَفُورٍ".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 1790، 1791؛ "الأحاديث السبعة" للإمام أبی المكارم عبد الله بن حسين النيسابوری رقم 10؛ "تاريخ سمرقند" لعمر بن محمد النسفی ص 147؛ مناقب الامام الاعظم ابی حنيفة ج 1 ص 35، 36؛ البداية والنهاية ج 13 ص 417) (عن انس رضی اللہ عنہ: التدوين فی اخبار قزوين ج 3 ص 91؛ الثالث من الخلعيات. المؤلف: علی بن الحسن بن الحسين بن محمد، أبو الحسن الخِلَعی الشافعی (المتوفی: 492ھ). مكتبة الشاملة مخطوطه؛ الجامع الصغير وزيادته رقم 6707؛ الفتح الكبير فی ضم الزيادة إلى الجامع الصغير رقم 1648؛ جامع الاحاديث للسيوطی رقم 12275؛ الضعيفة رقم 3291)

* أخبرنا الحجاج صابر بن أحمد بن حمدان السمرقندی، قال: أخبرنا الشيخ الإمام أبو نصر أحمد بن الفضل بن يحيى البخاری، قال: حدثنا

القاضی أبو القاسم عبد الله بن العباس بسرخس، قال: حدثنا أحمد بن عبد العزيز، قال: حدثنا نصرويه بن نصر، قال: حدثنا السيد أحمد بن الحسن، قال: حدثنا أحمد بن علی الخطيب، قال: حدثنا علی بن بدر القاضی، عن هلال بن العلاء، عن أبيه، قال: سمعت أبا حنيفة رحمه الله، يقول: سمعت عبد الله بن أنيس رضی الله عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله عليه وسلم يقول: "رأيت فی عارضی الجنة فی الليلة التی أسری بی ثلاثة أسطر مكتوبة بالذهب الأحمر لا بماء الذهب، فی السطر الأول: لا إله إلا الله محمد رسول الله، وفی السطر الثانی: الإمام ضامن والمؤذن مؤتمن. أرشد الله الأئمة وغفر للمؤذنين. وفی السطر الثالث: وجدنا ما قدمنا وخسرنا ما خلفنا وقدمنا علی رب غفور.

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 8453؛ "تاريخ سمرقند" لعمر بن محمد النسفی (461-537ھ) ص 147)

ترجمہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں نے جنت کے کونوں میں سرخ سونے (خالص سونے) کے ساتھ، نہ کہ سونے کے پانی کے ساتھ، تین سطریں لکھی ہوئی دیکھیں: پہلی سطر میں لکھا ہوا تھا: ''لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ'' (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں)۔ دوسری سطر میں لکھا ہوا تھا: امام ضامن ہے اور مؤذن امانت دار۔ پس اللہ تعالیٰ ائمہ کو ہدایت دے اور مؤذنین کی مغفرت فرمائے۔ تیسری سطر میں لکھا ہوا تھا: ہم نے جو عمل کیا (اس کا صلہ) ہم نے پا لیا۔ ہم نے جو کچھ آگے بھیجا، اس کا نفع پا لیا۔ ہم جو پیچھے چھوڑ آئے، اس کو ہم نے کھو دیا، اور ہم ربِ غفور کے پاس حاضر ہو گئے ہیں''۔

3 حضرت عبداللہ بن حارث بن جزءِ زبیدی رضی اللہ عنہ کی روایات

حدیث 9:۔أُخۡبِرۡتُ عَنۡ أَبِي يَعۡقُوبَ يُوسُفَ بۡنِ أَحۡمَدَ الصَّيۡدَلَانِيِّ الۡمَكِّيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو جَعۡفَرٍ مُحَمَّدُ بۡنُ عَمۡرِو بۡنِ مُوسَى الۡعُقَيۡلِيُّ، ثنا أَبُو عَلِيٍّ عَبۡدُ اللهِ بۡنُ جَعۡفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بۡنُ سَمَاعَةَ، عَنۡ أَبِي يُوسُفَ، قَالَ: سَمِعۡتُ أَبَا حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللهُ، يَقُولُ: "حَجَجۡتُ مَعَ أَبِي سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسۡعِينَ وَلِيَ سِتَّ عَشۡرَةَ سَنَةً فَإِذَا شَيۡخٌ قَدِ اجۡتَمَعَ النَّاسُ عَلَيۡهِ، فَقُلۡتُ لِأَبِي: "مَنۡ هٰذَا الشَّيۡخُ؟"۔ فَقَالَ: "هٰذَا رَجُلٌ قَدۡ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ عَبۡدُ اللهِ بۡنُ الۡحَارِثِ بۡنِ جَزۡءٍ"۔ فَقُلۡتُ لِأَبِي: "فَأَيُّ شَيۡءٍ عِنۡدَهُ؟"۔ قَالَ: "أَحَادِيثُ سَمِعَهَا مِنۡ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ"۔ فَقُلۡتُ لِأَبِي: "قَدِّمۡنِي إِلَيۡهِ حَتّٰى أَسۡمَعَ مِنۡهُ"۔ فَتَقَدَّمَ بَيۡنَ يَدَيَّ وَجَعَلَ يُفَرِّجُ النَّاسَ حَتّٰى دَنَوۡتُ مِنۡهُ فَسَمِعۡتُهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: "مَنۡ تَفَقَّهَ فِي دِينِ اللهِ كَفَاهُ اللهُ هَمَّهُ وَرَزَقَهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ"۔

(جامع بیان العلم وفضله، رقم 216؛مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص25؛مسند أبی حنیفة روایة الحصكفی، كتاب العلم، رقم 3؛مسند الامام الاعظم لابن خسروؒ ج 2 ص501 -497 رقم 564 -561؛مسند محمد بن عبد الباقی الانصاری، کما فی جامع المسانید (3)؛"المسند" لابن المقری (1)؛الموسوعة الحدیثیة لمرویات الامام ابی حنیفة، رقم 565 تا 582؛الریاض المستطابة فی جملة من روىٰ فی الصحیحین من الصحابة ص215-المؤلف: یحیی بن أبی بكر بن محمد بن یحیی العامری الحرضی (المتوفى: 893ھ)-الناشر: مکتبة المعارف، بیروت؛ شذرات الذهب فی أخبار من ذهب ج 2 ص 230؛ الأربعون المختارة من حدیث الإمام أبی حنیفة رقم 18؛أخبار أبی حنیفة وأصحابه ص18؛ تاریخ بغداد ج 4 ص 50 رقم 832؛منازل الأئمة الأربعة أبی حنیفة ومالك والشافعی وأحمد، ص166؛الجواهر المضیة فی طبقات الحنفیة ج1 ص69 رقم 114، ص272 رقم 724، ج2 ص100، 101 رقم 303؛ تاریخ نیسابور ص302)(جمع

الجوامع رقم 2646 / 21142؛مرآة الزمان فی تواریخ الأعیان ج14 ص28؛لسان المیزان ج1 ص612 رقم 764؛مغانی الأخیار فی شرح أسامی رجال معانی الآثار ج3 ص124)

ترجمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے 93ھ میں اپنے والد کے ساتھ حج کیا، اس وقت میری عمر سولہ سال تھی۔ جب میں مسجدِ حرام میں داخل ہوا، تو ایک بہت بڑا حلقہ درس دیکھا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا: ''یہ شیخ کون ہیں؟''۔انہوں نے فرمایا: ''یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حضرت عبداللہ بن حارث بن جزءِ زبیدی رضی اللہ عنہ ہیں''۔ میں نے اپنے باپ سے پوچھا: ''ان کے پاس کون سا علم ہے؟''۔انھوں نے فرمایا: ''ان کے پاس احادیث ہیں جو انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سماعت کی ہیں''۔ میں نے اپنے باپ سے کہا: ''مجھے اُن کے پاس آگے لے چلو تاکہ میں ان سے احادیث سُن لوں''۔ پھر وہ ان کے سامنے لے گئے، اور لوگوں کے درمیان سے راستہ بناتے گئے یہاں تک کہ میں اُن کے بالکل قریب ہوگیا۔ پھر میں نے ان کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''جو شخص اللہ کے دین میں تفقہ پیدا کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے غم کی کفایت کرے گا اور اس کو ایسی جگہ سے روزی دے گا، کہ جہاں سے اس کو وہم وگمان بھی نہیں ہوگا''۔

حدیث 10:۔أخبرنا الشیخ الإمام محمد بن منصور الوانی فی شعبان سنة ست وخمسمائة، قال: أخبرنا الشیخ الفقیه العام الزواهی، قال: حدثنا القاضی الإمام الشهید أبو سعید بن عماد الإسلام أبی العلاء صاعد بن محمد، قال: أنبانا أبو مالك نصرویه بن أحمد البلخی ورد علینا حاجاً، قال: حدثنا أبو الحسن علی بن الخضیب، قال: حدثنا علی بن بدر وهو أبو الخضر القاضی، قال: حدثنا هلال بن بدر عن هلال بن أبی العلاء، عن أبیه، عن الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه، قال: لقیت سبعة من أصحاب رسول الله صلى الله علیه وسلم وسمعت عن كل واحدٍ منهم حدیثاً: لقیت عبد الله بن الحارث بن جزء الزبیدی

صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم. قلت لأبي: أريد أن أسمع منه فحملني أبي على عاتقه، وذهب بي إليه. فقال: "ما تريد؟". قلت: "أريد أن تحدثني حديثاً سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم. فقال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "إِغَاثَةُ الْمَلْهُوفِ فَرْضٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ، وَمَنْ تَفَقَّهَ فِي دِينِ اللهِ كَفَاهُ اللهُ هَمَّهُ، وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، رقم 574؛ "الأحاديث السبعة" للإمام أبي المكارم عبد الله بن حسين النيسابوری رقم 1؛ البداية والنهاية ج 13 ص 417؛ مناقب الامام اعظم ابی حنیفہ، للموفق، ج 1 ص 35)

ترجمہ حضرت عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيُّ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "مصیبت زدہ کی مدد کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ جو شخص اللہ کے دین میں تفقہ پیدا کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے غم کی کفایت کرے گا اور اس کو ایسی جگہ سے روزی دے گا، کہ جہاں سے اس کو وہم وگمان بھی نہیں ہوگا"۔

4 حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کی روایات

حدیث 11:۔ القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی الأنصاری روی فی "مسنده"، عن أبی السعادات أحمد بن أحمد بن عبد الواحد المتوکلی، عن ابی الحسين احمد بن محمد بن احمد السمنانی، عن ابی الحسن علی بن احمد بن عيسى النهفقی، عن ابی علی الدمشقی، عن ابی الحسن علی بن بن غياث القاضی، عن محمد بن موسى، عن الجلودی محمد بن عياش، عن التمتام يحيى بن القاسم، عن أبی حنيفة، عن ابی معاوية عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: "مَنْ بَنَى لِلهِ مَسْجِدًا وَلَوْ كَمِفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 1840 تا 1846؛ "مسند" محمد بن عبد الباقی، كما فی "جامع المسانيد": 4؛ مسند أبی حنيفة رواية الحصكفی، كتاب الصلاة، رقم 13؛ مسند الامام الاعظم لابن خسروؒ ج 2 ص 501 - 503 رقم 567 -565؛ المسند للثعالبی رقم 58؛ جامع المسانيد للخوارمی ج 1 ص 35؛ مناقب الامام اعظم ابی حنیفہ، للموفق، ج 1 ص 30؛ التدوين فی أخبار قزوين، ج 1 ص 438؛ الانتصار والترجیح للمذہب الصحیح، لسبط ابن جوزیؒ، ص 23؛ جزء ما رواه ابو حنيفة عن الصحابة، للامام ابو معشر عبد الكريم بن عبد الصمد الطبری المقری الشافعی، كما فی تبييض الصحيفة ص 17) (عن ابن عباسؓ: مسند ابی داؤد طیالسی رقم 2739؛ مسند احمد رقم 2157؛ مسند بزار رقم 5079؛ عن جابرؓ: ابن ماجہ رقم 738؛ ابن خزیمہ رقم 1292؛ شرح مشکل الآثار رقم 1557؛ تخريج الأحاديث المرفوعة المسندة فی كتاب التاريخ الكبير للبخاری، رقم 260؛ عن انسؓ: مسند ابی یعلیٰ رقم 4018؛ معجم اوسط طبرانی رقم 1857؛ معجم صغیر رقم 1105؛ عن ابی ذرؓ؛ شرح مشکل الآثار رقم 1549؛ ابن حبان رقم 1610، 1611؛ شعب الایمان رقم 2681؛ موقوفاً: مسند ابی داؤد طیالسی رقم 463؛ ابن عمرؓ: معجم اوسط رقم 6167؛ عن عائشہؓ: حلیۃ الاولیاء ج 4 ص 219)

ترجمہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "جس شخص نے اللہ کے لیے کوئی مسجد بنائی، اگرچہ وہ تیتر پرندہ کے گھونسلا کے برابر ہی ہو، تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا"۔

حدیث 12:۔ أخبرنا الشيخ الامام محمد بن منصور الوانی فی شعبان سنة ست وخمسمائة، قال: أخبرنا الشيخ الفقيه العالم الزواهی، قال: حدثنا القاضی الامام الشهيد أبو سعيد بن عماد الاسلام أبی العلاء صاعد بن محمد، قال: أنبأنا أبو مالك نصرويه بن أحمد البلخی ورد علينا حاجاً، قال: حدثنا أبو الحسن علی بن الخضيب، قال: حدثنا علی بن بدر وهو ابو الخضر القاضی، قال: حدثنا هلال بن بدر، عن هلال بن أبی العلاء، عن أبيه، عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه، قال: لقيت

سبعة من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم وسمعت عن كل واحدٍ منهم حديثاً: لَقِيتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى، وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ، وَالدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ، وَالدَّالُّ عَلَى الشَّرِّ كَمِثْلِهِ، وَإِنَّ اللهَ يُحِبُّ إِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابى حنيفة رقم 9960؛ "الأحاديث السبعة" للامام أبي الكارم عبد الله بن حسين النيسابورى رقم 3؛ مناقب الامام الاعظم ابى حنيفة، للموفق، ج 1 ص 36؛ جزء الاحاديث السبعة عن سبعة من الصحابة الذين روى عنهم الامام ابوحنيفة، مطبوع در ضمن "الرسائل الثلاث الحديثية" ص 170؛ البداية والنهاية ج 13 ص 417)

ترجمہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تمہارا کسی چیز سے (بہت زیادہ) محبت کرنا تم کو اندھا اور بہرا کر دیتا ہے۔ نیکی کی طرف بلانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔ اللہ تعالیٰ فریاد خواہ کی مدد کرنے کو پسند کرتا ہے"۔

5 حضرت عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کی روایت

حديث 13:۔القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي روى في "مسنده" عن أبي السعادات أحمد بن عبد الواحد المتوكلي، عن أبي الحسين أحمد بن محمد بن أحمد السماني، عن أبي الحسن علي بن أحمد بن عيسى، عن أبي علي الحسن بن علي الدمشقي، عن أبي محمد عبد الله بن كثير الرازي، عن عبد الرحمن بن أبي حاتم الرازي، عن عباس الدوري، عن يحيى بن معين رحمه الله، أن أَبَا حَنِيفَةَ صاحب الرأى سمع عَائِشَةَ بِنْتَ عَجْرَدٍ تقول: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "أَكْثَرُ جُنْدِ

اللهِ فِي الْأَرْضِ الْجَرَادُ، لَا آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابى حنيفة رقم 8776 تا 8784؛ "مسند" محمد بن عبد الباقى الأنصارى، كما فى "جامع المسانيد" رقم 2؛ "المسند" لابن خسرو رقم 571، 572، 911؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كِتَابُ الْأَطْعِمَةِ وَالْأَشْرِبَةِ وَالشُّرْبِ وَالضَّحَايَا وَالصَّيْدِ وَالذَّبَائِحِ، رقم 9؛ "الأحاديث السبعة" للامام أبي الكارم عبد الله بن حسين النيسابورى ص 170؛ "جزء ما رواه أبوحنيفة عن الصحابة" لأبي معشر عبد الكريم بن عبد الصمد الطبرى كما فى "تبييض الصحيفة" للسيوطى ص 17؛ التدوين فى أخبار قزوين، ج 1 ص 438؛ جامع المسانيد للامام ابى حنيفة ج 1 ص 79؛ أسد الغابة فى معرفة الصحابة ج 7 ص 190 رقم 7098؛ الانتصار والترجيح للمذهب الصحيح، لسبط ابن جوزیؒ، ص 463؛ مغانى الأخيار فى شرح أسامى رجال معانى الآثار ج 3 ص 125؛ البداية والنهاية ج 13 ص 417؛ جامع المسانيد والسنن ج 15 ص 605 رقم 13240؛ الجامع لما فى المصنفات الجوامع من أسماء الصحابة، (أبو موسى الرعينى) ج 6 ص 326 رقم 6983؛ البدور المضية فى تراجم الحنفية، (محمد حفظ الرحمن الكملائى) ج 9 ص 391) (عن سلمان: ابوداؤد رقم 3813، 3814؛ ابن ماجہ رقم 3219؛ مسند بزار رقم 2509؛ معجم کبیر طبرانی رقم 6129، 6149؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 18994؛ تاریخ بغداد ج 14 ص 72)

ترجمہ حضرت عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے: "زمین میں اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا لشکر ٹڈیوں کا ہے۔ نہ میں ان کو کھاتا ہوں اور نہ ان کو حرام قرار دیتا ہوں"۔

6 حضرت وَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ رضی اللہ عنہ کی روایات

حديث 14:۔القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري روى في "مسنده" عن أبي السعادات أحمد بن أحمد بن عبد الواحد المتوكلي، عن أبي الحسين أحمد بن محمد بن أحمد السمناني، عن أبي الحسن علي بن أحمد بن

عیسی، عن أبی علی الحسن بن علی الدمشقی، عن أبی محمد عبد الله بن محمد بن الحسین، عن طلحة بن سنان الیامی، عن هناد بن السری، عن أبی سعید، عن أبی حنیفة رحمه الله تعالی، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: "لَا تُظْهِرَنَّ شَمَاتَةً لِأَخِيكَ فَيُعَافِيَهُ اللهُ، وَيَبْتَلِيَكَ"۔

(الموسوعة الحدیثیة لمرویات الامام ابی حنیفة، ج15 ص 3 - 7 رقم 9921 - 9926؛ "مسند" محمد بن عبد الباقی الأنصاری کما فی "جامع السانید" رقم 7؛ "المسند" لابن خسرو، رقم 1117، 1119؛ "المسند" للثعالبی رقم 40، 118؛ مسند أبی حنیفة روایة الحصکفی، کِتَابُ الْأَدَبِ، رقم 32؛ مسند الامام الاعظم لابن خسروؒ ج 2 ص 839 تا 841 رقم 1117- 1119؛ جامع المسانید للامام ابی حنیفة ج 1 ص 86؛ مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة، للمکی، ج 1 ص 30؛ "جزء ما رواه أبو حنیفة عن الصحابة" لأبی معشر عبد الکریم بن عبد الصمد الطبری کما فی "تبییض الصحیفة" للسیوطی ص 15؛ الانتصار والترجیح للمذهب الصحیح، لسبط ابن جوزیؒ، ص 463؛ مغانی الأخیار فی شرح أسامی رجال معانی الآثار ج 3 ص 125؛ الخیرات الحسان ص 51، 52) (ترمذی رقم 2506؛ معجم ابن الاعرابی رقم 1612؛ معجم اوسط رقم 3739؛ معجم کبیر طبرانی 22/ (رقم 127)؛ مسند الشامیین رقم 384، 3379؛ حلیة الاولیاء ج 5 ص 186؛ مسند الشهاب القضاعی رقم 917 تا 919؛ شعب الایمان رقم 6355؛ ابن حبان فی "المجروحین" ج 2 ص 213)

ترجمہ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''اپنے بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار مت کرو، ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس مصیبت سے عافیت دے دے، اور تم کو اس میں مبتلا کر دے''۔

حدیث 15:۔قرأت علی الشیخ أبی نصر المعمر بن محمد بن الحسین بن محمد بن جامع فأقر به، قال: أخبرنا القاضی الإمام المؤتمن أبو جعفر محمد بن أحمد بن حامد بن عبید البخاری، قال: حدثنا أبو سعد إسماعیل بن علی الرازی السمان، قال: حدثنا علی بن أحمد بن عبد الله ابن حزام،

قال: حدثنا المظفر بن سهل، قال: حدثنا موسی بن عیسی بن المنذر، قال: حدثنا أبی، قال: حدثنا إسماعیل بن عیاش، عن أبی حنیفة، قال: حدثنی واثلة بن الأسقع رضی الله عنه، أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: "دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ"۔

(الموسوعة الحدیثیة لمرویات الامام ابی حنیفة، رقم 10136 تا 10138؛ المسند لابن خسرو، رقم 1118؛ المسند للثعالبی رقم 41؛ "جزء ما رواه أبو حنیفة عن الصحابة" لأبی معشر عبد الکریم بن عبد الصمد الطبری کما فی "تبییض الصحیفة" للسیوطی ص 15؛ مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة، للموفق، ج 1 ص 31؛ تبییض الصحیفة بمناقب ابی حنیفة ص 36) (عن حسن بن علیؓ: مسند ابوداؤد طیالسی رقم 1274؛ مصنف عبد الرزاق رقم 4984؛ مسند احمد رقم 1723، 1727؛ سنن دارمی رقم 2574؛ ترمذی رقم 2518؛ سنن نسائی رقم 5711؛ الآحاد والمثانی لابن ابی عاصم رقم 416؛ مسند بزار رقم 1336؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 5201؛ مسند ابی یعلیٰ رقم 6762؛ ابن خزیمہ رقم 2348؛ ابن حبان رقم 722؛ معجم کبیر طبرانی رقم 2708، 2711؛ مستدرک حاکم رقم 2169، 2170، 7046؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 10819؛ عن انسؓ: مسند احمد رقم 12099، 12550؛ عن واثلہ بن اسقعؓ: مسند ابی یعلیٰ رقم 7492؛ معجم کبیر طبرانی 22/ (رقم 197)

ترجمہ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جو چیز تم کو شک میں ڈالے، اُس کو چھوڑ کر وہ چیز اپنا لو، جو تم کو شک میں نہ ڈالے''۔

حدیث 16:۔أخبرنا الشیخ الإمام محمد بن منصور الوانی فی شعبان سنة ست وخمسمائة، قال: أخبرنا الشیخ الفقیه العالم الزواهی، قال: حدثنا القاضی الإمام الشهید أبو سعید بن عماد الإسلام أبی العلاء صاعد بن محمد، قال: أنبانا أبو مالك نصرویه بن أحمد البلخی ورد علینا حاجاً، قال: حدثنا أبو الحسن علی بن الخضیب، قال: حدثنا علی بن بدر وهو أبو الخضر القاضی، قال: حدثنا هلال بن بدر، عن هلال بن أبی العلاء، عن أبیه، عن الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه، قال: لقیت سبعة من أصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم، وسمعت عن کل

واحدٍ منهم حديثاً، لقيت وَاثِلَةَ بن الأَسْقَعِ يقول: قال رسول الله ﷺ: "لَا يَظُنَّ أَحَدُكُمْ أَنَّهُ يَتَقَرَّبُ إِلَى اللهِ بِأَقْرَبَ مِنْ هٰذِهِ الرَّكَعَاتِ"، يَعْنِي الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ".

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابى حنيفة، رقم 1673؛ "الأحاديث السبعة" للإمام أبي المكارم عبد الله بن حسين النيسابوري رقم 7؛ مناقب الامام الاعظم ابى حنيفة، للموفق، ج 1 ص 31؛ الرسائل الثلاث الحديثية ص 170؛ البداية والنهاية ج 13 ص 417)

ترجمہ: حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "تم میں سے کوئی یہ گمان نہ کر لے کہ وہ ان رکعات یعنی پانچ وقت کی فرض نمازوں سے بڑھ کر کسی اور شے سے اللہ کا قُرب حاصل کرسکتا ہے"۔

7 حضرت عبداللہ بن ابی حبیبہ رضی اللہ عنہ کی روایت

حدیث 17: ـ قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُولُ: كُنْتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: "يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ! مَنْ شَهِدَ أَلَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللهِ مُخْلِصًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ"۔ قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: "وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟"۔ فَسَارَ سَاعَةً ثُمَّ عَادَ لِكَلَامِهِ، قَالَ: فَقُلْتُ: "وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟"۔ فَسَارَ سَاعَةً ثُمَّ عَادَ لِكَلَامِهِ۔ فَقُلْتُ: "وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟"۔ فَقَالَ: "وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي الدَّرْدَاءِ"۔ فَكَانَ أَبُو الدَّرْدَاءِ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ عِنْدَ كُلِّ جُمُعَةٍ عِنْدَ مِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَضَعُ أُصْبُعَهُ عَلٰى أَنْفِهِ وَيَقُولُ: "وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي الدَّرْدَاءِ"۔

(الآثار لابی یوسف رقم 891؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص 175؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كِتَابُ الْإِيمَانِ وَالْإِسْلَامِ وَالْقَدَرِ وَالشَّفَاعَةِ، رقم 9؛ مسند الامام ابی حنیفہ للحارثی ص 122، 123؛ مسند الامام الاعظم لابن خسروؒ ج 2 ص 574 - 571 رقم 677 تا 680؛ الموسوعه الحديثيه لمرويات الامام ابى حنيفة، رقم 56 تا 80؛ فرع فى الحديث المسلسل بالحنفية: الموسوعه الحديثيه لمرويات الامام ابى حنيفة، رقم 81، "الامالى" لمرتضى الزبيدى، (19)؛ الأربعون حديثاً من أربعين كتاباً عن أربعين شيخاً، للفادانى، ص 20، 21؛ هٰذَا حَدِيث مسلسل بالحنفية: بغية الوعاة فى طبقات اللغويين والنحاة، للسيوطى، ج 2 ص 397، 398؛ معرفة أسامى أرداف النبى ﷺ (ابن منده يحيى بن عبد الوهاب) ص 79؛ التحفة اللطيفة فى تاريخ المدينة الشريفة - ط مركز دراسات المدينة، (السخاوى) ص ج 3 ص 472 رقم 1882) (عن أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ: مسند احمد رقم 27491، 27527؛ مسند بزار رقم 4122؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 10897، 10898، 10899؛ عمل الیوم واللیلۃ للنسائی رقم 1124، 1125؛ شرح مشکل الآثار رقم 3995، 4002؛ معجم اوسط رقم 2932؛ مسند الشامیین رقم 2113؛ فوائد تمام رقم 456؛ البعث والنشور للبیہقی رقم 28، 29؛ عن ابی ذر رضی اللہ عنہ: بخاری رقم 5827؛ مسلم رقم 154-94؛ ترمذی رقم 2644؛ مسند احمد رقم 21347، 21414، 21434، 21464، 21466، 22464؛ ابن حبان رقم 169، 170، 195، 213، 3326)

ترجمہ: حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عبداللہ بن ابی حبیبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سواری پر سوار تھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ابودرداء! جو شخص اخلاص کے ساتھ یہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور میں اللہ کا رسول ہوں، تو اس کے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے''۔ میں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ! اگرچہ وہ زنا اور چوری بھی کرے؟''۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھوڑی دیر خاموش رہے۔ پھر اپنے کلام کو دہرایا۔ تو میں نے پھر عرض کیا: ''یارسول اللہ اگرچہ وہ زنا اور چوری بھی کرے؟''۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھوڑی دیر خاموش رہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے فرمایا: ''اگرچہ وہ زنا اور چوری ہی کیوں نہ کرے، اور اگرچہ ابودرداء ؓ کی ناک خاک آلود ہی کیوں نہ ہو''۔ حضرت ابودرداء ؓ ہر جمعہ کو اپنی انگلی اپنے ناک پر رکھ کر یہ حدیث رسول اللہ ﷺ کے منبر کے پاس بیان فرماتے تھے: ''اگرچہ وہ زنا اور چوری ہی کیوں نہ کرے، اگرچہ ابودرداء ؓ کی ناک خاک آلود ہی کیوں نہ ہو''۔

نوٹ حضرت عبداللہ بن ابی حبیبہ ؓ صحابی رسول ہیں۔ علامہ ابن حجر ؒ لکھتے ہیں:

عبد الله بن أبي حبيبة : واسمه الأدرع بن الأزعر بن زيد بن العطاف بن ضبيعة بن زيد بن مالك بن عوف بن عمرو بن عوف الأنصاري الأوسي. قال ابن أبي داود: شهد الحديبيّة. وذكره البخاري وابن حبان وغيرهما في الصحابة. وقال البغويّ: كان يسكن قباء.

(الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ: ج4 ص47 رقم الترجمۃ 4639)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن ابی حبیبہ ؓ کا نام الادرع بن الازعر ہے۔ ابن ابی داؤد ؒ فرماتے ہیں کہ یہ صلح حدیبیہ میں موجود تھے۔ امام بخاری ؒ، علامہ ابن حبان ؒ وغیرہ نے انہیں صحابہ ؓ میں شمار کیا ہے۔ امام بغوی ؒ فرماتے ہیں کہ یہ مقام قباء میں رہتے تھے۔

دیگر محدثین اور ائمہ اسماء الرجال نے بھی ان کا شمار صحابہ کرام ؓ میں کیا ہے:

أسد الغابة ت (2888)؛ الاستيعاب ت (1505)؛ معرفة الصحابة لأبي نعيم 3/ 1590؛ الثقات لابن حبان 3/ 231 رقم 741؛ تجريد أسماء الصحابة 1/ 304؛ الجرح والتعديل 5/ 42؛ تلقيح فهوم أهل الأثر 374؛ التاريخ الكبير 3/ 17؛ الطبقات 86، الطبقات الكبرى 1/480-3/471-44018؛ بقي بن مخلد 392.

8 حضرت جابر بن عبداللہ ؓ کی روایات

حديث 18:- القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي روى في "مسنده" عن أبي السعادات أحمد بن عبد الواحد المتوكلي، عن أبي الحسين أحمد بن

حديث:۔ أجازنا بذلك مولانا الشيخ حسن بن علي العجيمي الحنفي، عن الشيخ خير الدين الرملي الحنفي، عن الشيخ محمد بن سراج الدين الحانوتي الحنفي، عن أحمد بن الشبلي الحنفي، عن إبراهيم الكركي الحنفي، عن الشيخ أمين الدين يحيى بن محمد الاقصرائي الحنفي، عن الشيخ محمد بن علي البخاري الحنفي، عن الشيخ حافظ الدين محمد بن محمد بن علي البخاري الظاهري الحنفي، عن صدر الشريعة عبيد الله بن مسعود الحنفي، عن جده تاج الشريعة محمود الحنفي، عن والده صدر الشريعة أحمد الحنفي، عن والده جمال الدين عبيد الله بن إبراهيم المحبوبي الحنفي، عن محمد بن أبي بكر البخاري، عرف بإمام زاده الحنفي، عن أبي الفضائل شمس الأئمة أبي بكر بن محمد الزنجري الحنفي، عن شمس الأئمة عبد العزيز بن أحمد الحلواني الحنفي، عن أبي علي الخضر النسفي بن علي الحنفي، عن أبي بكر محمد بن الفضل البخاري الحنفي، عن الأستاذ عبد الله بن محمد الجارفي الحنفي، عن أبي حفص الصغير محمد الحنفي، عن أبيه حفي الكبير أحمد بن حفص البخاري الحنفي، عن الإمام الرباني محمد بن الحسن الشيباني، عن الإمام أبي حنيفة النعمان بن ثابت، عن علقمة بن مرثد، عن عبد الله بن بريدة، عن أبيه، قال: كان رسول الله

صلی الله علیه وسلم، إذا بعث جیشا أو سریة، أوصی إلی صاحبها بتقوی الله فی نفسه خاصة. وأوصاه بمن معه من المسلمین خیرا، ثم قال: "اغزوا باسم الله، فی سبیل الله، قاتلوا من کفر بالله، لا تغلوا، ولا تغدروا، ولا تمثلوا، ولا تقتلوا ولیدا، وإذا لقیتم عدوکم من المشرکین فادعوهم إلی الإسلام، فإن أسلموا فاقبلوا منهم وکفوا عنهم، وأخبروهم أنهم کأعراب المسلمین، یجری علیهم حکم الله الذی یجری علی المسلمین، ولیس لهم فی الفیء، ولا فی الغنیمة نصیب، فإن أبوا فادعوهم إلی إعطاء الجزیة، فإن فعلوا فاقبلوا ذلك منهم وکفوا عنهم، وإذا حاصرتم أهل حصن أو مدینة، فسألوکم أن تنزلوهم علی حکم الله، فلا تنزلوهم، فإنکم لا تدرون ما حکم الله فیهم، ولکنهم علی حکمکم، ثم احکموا فیهم بما رأیتم، وإذا حاصرتم أهل حصن أو مدینة، فأرادوکم علی أن تعطوهم ذمة الله وذمة رسوله، فلا تعطوهم ذمة الله ولا ذمة رسوله، ولکن أعطوهم ذممکم، وذمم آبائکم، فإنکم إن تخفروا ذممکم فهو أهون".

(الفوائد الجلیلة فی مسلسلات ابن عقیلة، لمحمد بن أحمد بن سعید الحنفی المکی ص108؛الموسوعة الحدیثیة لمرویات الامام ابی حنیفة،ج12ص73-74 رقم 7372۔جمعه واعده وعلق علیه: العلامه المحقق الشیخ لطیف الرحمن البهرائجی القاسمی)

ترجمہ: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی فوجی دستے پر کسی شخص کو امیر متعین فرماتے، تو اسے ذاتی طور پر اللہ سے ڈرتے رہنے اور اپنے ساتھی مسلمانوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کی وصیت کرتے، اور فرماتے: "اللہ کے راستے میں اللہ کا نام لے کر لڑنا، جو اللہ کے ساتھ کفر کرے اس سے لڑنا، اور بدعہدی نہ کرنا، (مالِ غنیمت میں) خیانت نہ کرنا، کسی بچے کو قتل نہ کرنا، اور مثلہ نہ کرنا۔ جب مشرکوں

میں سے اپنے دشمن سے مڈبھیڑ ہو، تو انہیں (تین باتوں میں سے ایک کی) دعوت دینا، ان میں سے جس بات پر وہ راضی ہو جائیں اسے قبول کرنا، اور ان سے جنگ سے رک جانا (سب سے پہلے) انہیں اسلام کی دعوت دینا، اگر وہ قبول کر لیں تو ان کا اسلام قبول کرنا، اور ان کے قتل سے باز رہنا، پھر انہیں گھر بار چھوڑ کر مہاجرین کے ساتھ رہنے کی دعوت دینا، اور انہیں بتانا کہ اگر وہ ایسا کریں گے تو انہیں مہاجرین جیسے حقوق حاصل ہوں گے، اور جرم و سزا کا جو قانون مہاجرین کے لیے ہے وہی ان کے لیے بھی ہوگا، اگر وہ ہجرت کرنے سے انکار کریں تو انہیں بتانا کہ ان کا حکم اعرابی (دیہاتی) مسلمانوں جیسا ہوگا، اللہ تعالیٰ کے جو احکام مسلمانوں پر جاری ہوتے ہیں ان پر بھی جاری ہوں گے، لیکن مالِ غنیمت میں اور اس مال میں جو کافروں سے جنگ کے بغیر ہاتھ آ جائے، ان کا کوئی حصہ نہ ہوگا، مگر اس صورت میں کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ جہاد کریں۔ اگر وہ اسلام میں داخل ہونے سے انکار کریں، تو ان سے جزیہ دینے کا مطالبہ کرنا، اگر وہ جزیہ دیں تو ان سے قبول کرنا، اور ان سے اپنا ہاتھ روک لینا، اور اگر وہ انکار کریں تو (کامیابی کے لیے) اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنا، اور ان سے جنگ کرنا، اگر تم کسی قلعہ کا محاصرہ کر لو اور قلعہ والے تم سے اللہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عہد کرانا چاہیں۔ تو اللہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عہد مت دینا، بلکہ اپنا، اپنے باپ کا، اور اپنے ساتھیوں کا ذمہ دینا، کیونکہ تم اپنا اور اپنے باپ کا ذمہ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ کے مقابلے میں آسانی سے توڑ سکتے ہو۔ اگر تم نے کسی قلعے کا محاصرہ کر لیا، اور وہ اللہ کے حکم پر اترنا چاہیں تو انہیں اللہ کے حکم پہ مت اتارنا، بلکہ اپنے حکم پہ اتارنا کیونکہ تمہیں کیا معلوم کہ ان کے بارے میں تم اللہ کے حکم پر چل رہے ہو یا نہیں۔

حدیث 21:۔قَالَ: حَدَّثَنَا یُوسُفُ عَنْ أَبِیهِ عَنْ أَبِي حَنِیفَةَ، عَنْ عَبْدِ الْکَرِیمِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ رضی الله عنهما عَنْ أَبِي رَافِعٍ رضی الله عنه، سَاوَمَهُ سَعْدٌ بِبَیْتٍ، فَقَالَ سَعْدٌ: "خُذْ هٰذَا الْبَیْتَ بِأَرْبَعِمِائَةٍ، أَمَا إِنِّي قَدْ أُعْطِیتُ بِهِ ثَمَانِمِائَةٍ، وَلٰکِنِّي أُعْطِیکَهُ لِحَدِیثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صلی

الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "اَلْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ".

(الآثار لابی یوسف رقم 767؛ الآثار للامام محمد رقم 763؛ اختلاف أبي حنيفة وابن أبي ليلى (أبو يوسف القاضي) ص 40؛ الحجۃ علی اہل المدینۃ ج3 ص72؛ الأصل لمحمد بن الحسن - ت بوينو كالن (محمد بن الحسن الشيباني) ج9 ص217؛ المسند للحارثی رقم 1152-1169؛ کشف الآثار للحارثی رقم 1343، 1806، 3219، 3316؛ المسند لابن خسرو رقم 644-647، 729، 730؛ مسند أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص167؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، ج13 ص23-32 رقم 8183-8210۔ جمعه واعده وعلق عليه: العلامه المحقق الشيخ لطيف الرحمن البهرائجي القاسمي)(المصنف - عبد الرزاق - ط التأصيل الثانية رقم 15318؛ مسند حمیدی رقم 562؛ بخاری رقم 2258، 6978، 6980، 6981؛ ابن ماجہ رقم 2495، 2498؛ شرح معانی الآثار رقم 6005؛ معجم اوسط طبرانی رقم 7152؛ صحيح ابن حبان: التقاسيم والأنواع رقم 1540؛ سنن دار قطنی رقم 4527، 4528؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 11580)

ترجمہ: حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ایک مکان بیچنے کے لیے اُس کا بھاؤ لگوایا۔ پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "تم اس مکان کو چار سو (400) (دینار) میں خرید لو۔ بے شک مجھے اس مکان کے آٹھ سو (800) (دینار) مل رہے ہیں، لیکن میں اس مکان کو تجھے ایک حدیث کی وجہ سے دے رہا ہوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے: "پڑوسی اپنے پڑوس کا زیادہ حقدار ہے"۔

حدیث 22:- حدثنا محمد بن إبراهيم بن زياد الرازي، حدثنا عمرو بن حميد، حدثنا علي بن غراب، عن أبي حنيفة، عن القاسم بن عبد الرحمن، عن أبيه، عن عبد الله بن مسعود. قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من كذب علي متعمداً أو قال: على ما لم أقل فليتبوأ مقعده من النار".

(المسند للحارثی رقم 1295؛ المسند للثعالبی رقم 212؛ "التدوین فی اخبار قزوین" لعبد الكريم الرافعي القزويني 1/196؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي (أبو حنيفة النعمان)، كتاب العلم، رقم

7؛ "الارشاد فی معرفۃ علماء الحدیث" لابی یعلی الخلیلی 2/707؛؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، ج4 ص395-397 رقم 761-764۔ جمعه واعده وعلق عليه: العلامه المحقق الشيخ لطيف الرحمن البهرائجي القاسمي؛)(مسند ابی داؤد طیالسی رقم 340، 360؛ مسند ابن الجعد رقم 560؛ مسند ابن ابی شیبہ رقم 284؛ مصنف ابن ابی شیبہ، ت: الشثری، رقم 27921؛ مسند احمد رقم 3814، 3847، 4338؛ ترمذی رقم 2659؛؛)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا، یا میری طرف وہ بات منسوب کی جو میں نے نہیں کہی ہے، وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے"۔

تنبیہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف دو واسطوں (صحابی اور تابعی) سے ملی ہیں، بلکہ بعض احادیث امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے براہِ راست بھی روایت کی ہیں۔ دو واسطوں سے ملی احادیث کو احادیث ثنائی کہا جاتا ہے، جو سند کے اعتبار سے حدیث کی اعلیٰ قسم شمار ہوتی ہے۔ بخاری و دیگر کتب حدیث میں دو (2) واسطوں کی کوئی بھی حدیث موجود نہیں ہے، تین (3) واسطوں والی، یعنی احادیثِ ثلاثیات بخاری میں صرف 22 ہیں، ان میں سے 20 احادیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں سے روایت کی ہیں۔

بخاری شریف میں کل ثلاثیات بائیس ہیں جن میں سے گیارہ روایات مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، چھ امام ابوعاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ سے، تین محمد بن عبداللہ الانصاری رحمۃ اللہ علیہ سے ایک خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ سے اور ایک عصام بن خالد الحمصی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہیں۔

ان بزرگوں میں سے مکی بن ابراہیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ (م 215ھ)، امام ابوعاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ (م 212ھ) دونوں حضرات امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے کبار تلامذہ میں شمار ہوتے ہیں۔ تیسرے بزرگ محمد بن عبداللہ الانصاری البصری رحمۃ اللہ علیہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ میں سے ہیں۔ اس لحاظ سے گویا بخاری شریف کی بیس ثلاثیات کے راوی حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور حنفی ہوئے۔ ملاحظہ فرمائیں:

5 رُبَاعِيَاتُ الإِمَامِ ابی حنيفة رحمۃ اللہ علیہ

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی چار واسطوں کی روایات کا بیان

حدیث 1:۔أخبرنا أحمد بن محمد الهمداني، ثنا أحمد بن محمد بن يحيى الحازمي، حدثني حسين بن سعيد اللخمي، عن أبيه، عن زكريا بن أبي العتيك، عن أبي حنيفة، عن يحيى بن سعيد، عن محمد بن إبراهيم التيمي، عن علقمة بن وقاص الليثي، عن عمر بن الخطاب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "الأعمال بالنيات، ولكل امرىء ما نوى، فمن كانت هجرته إلى الله ورسوله فهجرته إلى الله ورسوله، ومن كانت هجرته إلى دنيا يصيبها أو إلى امرأة ينكحها فهجرته إلى ما هاجر"۔

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 1 تا 4؛ المسند للحارثی رقم 264) (بخاری رقم 1؛ مسلم رقم ؛ مسند احمد رقم 168، 299؛ ابن المبارك فی "الزهد" رقم 188؛ الطيالسی، رقم 37؛ الحميدی، رقم 28؛ ترمذی، رقم 1647؛ ابن ماجه، رقم 4227)

ترجمہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے: "سب انسانی اعمال کا دارومدار بس نیتوں پر ہے اور آدمی کو اس کی نیت ہی کے مطابق پھل ملتا ہے تو جس شخص نے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہجرت کی (اور اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا جوئی و اطاعت کے سوا اس کی ہجرت کا اور کوئی باعث نہ تھا)۔ تو اس کی ہجرت درحقیقت اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کی طرف ہوئی (اور بے شک وہ اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سچا مہاجر ہے اور اس کو اس ہجرت الی اللہ والرسول کا ضرور اجر ملے گا) اور جو کسی دنیاوی غرض کے لیے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کی خاطر "مہاجر" بنا تو (اس کی ہجرت اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نہ ہو گی، بلکہ) فی الواقع جس دوسری غرض اور نیت سے اس نے ہجرت اختیار کی ہے عند اللہ

بس اسی کی طرف اس کی ہجرت مانی جائے گی"۔

حدیث 2:۔حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْهَاشِمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِسْحَاقَ، بِبَغْدَادَ، ثَنَا أَبُو رَوْقٍ الْهَزَّانِيُّ، ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَيُّوبَ، ثَنَا أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ مَرَّةً مَرَّةً"۔

(مسند أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص123؛ الموسوعة الحديثيه لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 885 تا 889؛ المسند لابن خسرو رقم 515؛ المعجم لابن عساکر رقم 86؛)(الطهور - أبو عبيد- ت مشهور رقم 102؛ مسند احمد رقم 1889، 3526، 4966)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعضائے وضو کو دھویا"۔

حدیث 3:۔عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ رضى الله عنه، عَنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: "لِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَلِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ"۔

(الآثار، للامام ابی يوسف، رقم 76؛ الموسوعة الحديثيه لمرويات الامام ابی حنيفة رقم 1095 تا 1135؛ المسند للحارثی رقم 855، 856، 860 تا 863، 890، 891، 829، 1454؛ کشف الآثار للحارثی، رقم 965، 2291، 2468؛؛ عن ابن مسعود: الآثار لابی يوسف، رقم 71؛ عن عمر: الآثار لمحمد بن الحسن رقم 10؛ الحجة على أهل المدينة (محمد بن الحسن الشيبانی) ص 27) (عن خزيمة: مسند ابی داؤد طيالسی رقم 1315؛ معجم اوسط طبرانی رقم 1432؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 1325؛ عن علی: مسند احمد رقم 748، 1277؛ شرح معانی الآثار رقم 523؛ ابن حبان رقم 5832؛ عن صفوان: مسند احمد رقم 18094؛ معجم کبیر طبرانی رقم 7397؛ عن ابی ہریرة: مسند بزار رقم 8629؛ عن ابن عباس: معجم کبیر طبرانی رقم 12423؛ عن ابن عمر: معجم اوسط طبرانی رقم 4530؛ رَوَاهُ الْقَطِيعِيُّ مِنْ زِيَادَاتِهِ عَلَى مُسْنَدِ أَحْمَدَ وَأَبُو يَعْلَى وَالْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الْكَبِيرِ وَالْأَوْسَطِ، وَرِجَالُ الْبَزَّارِ وَأَبِي

یَعْلٰی ثِقَاتٌ: مجمع الزوائد رقم 1384)

ترجمہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مقیم آدمی موزوں پر ایک دن اور ایک رات مسح کر سکتا ہے، اور مسافر تین دن اور تین راتیں"۔

حدیث 4:۔حدثنا أبو عبد الله محمد بن خزيمة بن محسبان البخاري، حدثنا رجاء بن عبد الله النهشلي بمكة، حدثنا شقيق بن إبراهيم، عن أبي حنيفة، عن حماد، عن إبراهيم، عن الأسود: أن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه كان يرفع يديه في أول التكبير، ثم لا يعود لشيء من ذلك، ويأثر ذلك عن النبي صلى الله عليه وسلم.

(الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنیفہ رقم 2047؛ "المسند" للحارثی رقم 801؛ کشف الآثار للحارثی رقم 2878) (مسند ابن ابی شیبۃ رقم 323؛ المصنف - ابن أبي شيبة - ت الشثري رقم 2462، 2475؛ مسند احمد رقم 3681؛ ؛ابوداؤد رقم 748، 751؛ ترمذی رقم 257؛ نسائی رقم 1058؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 649؛ صحيح سنن النسائي (ناصر الدين الألباني) رقم 1013؛ مسند أبي يعلى - ت السناري رقم 5301؛ شرح معانی الآثار رقم 1349؛ العلل ومعرفة الرجال لأحمد رواية ابنه عبد الله رقم 709، 710، 711؛ الأوسط في السنن والإجماع والاختلاف - ت حنيف (ابن المنذر) رقم 1391؛ الخلافيات - البيهقي - ت النحال رقم 1699؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 2531؛ السنن الكبرى - البيهقي - ت التركي رقم 2567؛ المدونة، ج1 ص166؛ مسند الشافعی - ترتیب السندی، ص73)

ترجمہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صرف نماز کے شروع میں پہلی تکبیر کے وقت ہی رفع یدین کیا کرتے تھے، اور اسے نبی اکرم ﷺ کی طرف منسوب کر کے نقل کیا کرتے تھے"۔

حدیث 5:۔عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه، دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي شِكَاةٍ شَكَاهَا، فَإِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى عَبَاءَةٍ قَطَوَانِيَّةٍ وَمَرْفَقَةٍ مِنْ صُوفٍ حَشْوُهَا مِنْ إِذْخِرٍ۔

فَقَالَ: "بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللهِ! كِسْرَىٰ وَقَيْصَرُ عَلَى الدِّيبَاجِ!"۔
فَقَالَ: "يَا عُمَرُ! أَمَا تَرْضَىٰ أَنْ تَكُونَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ؟"۔ ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ مَسَّهُ فَإِذَا هُوَ فِي شِدَّةِ الْحُمّٰى۔ فَقَالَ: "تُحَمُّ هٰكَذَا وَأَنْتَ رَسُولُ اللهِ؟"۔
فَقَالَ: "إِنَّ أَشَدَّ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بَلَاءً نَبِيُّهَا، ثُمَّ الْخَيِّرُ، ثُمَّ الْخَيِّرُ، وَكَذٰلِكَ كَانَتِ الْأَنْبِيَاءُ عليهم السلام قَبْلَكُمْ وَالْأُمَمُ"۔

(مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الرقاق رقم 3؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنیفہ رقم 10122 تا 10127؛ "المسند" للحارثی رقم 753، 1253؛ الآثار لابی یوسف رقم 945؛ الآثار للامام محمد بن الحسن الشیبانی رقم 864؛ مسند عمر بن الحسن الاشنانی، کما فی "جامع المسانید" رقم 196؛ المسند لابن خسرو، رقم 330) (بخاری رقم 4913؛ مسند احمد رقم 12417؛ مسلم رقم 31-1479؛ ترمذی رقم 2461، 3318؛ ابن ماجہ رقم 4153؛ مسند ابی یعلیٰ رقم 222)

ترجمہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کے بیمار ہونے پر عیادت کے لیے حاضر ہوئے۔ دیکھا کہ آپ ﷺ "قطوان" کی بنی ہوئی ایک کھردری چادر پر لیٹے ہوئے ہیں، اور اُون کا تکیہ رکھا ہوا ہے جس میں "اذخر" نامی گھاس بھری ہوئی ہے۔ عرض کیا: "یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان! قیصر اور کسریٰ ریشم پر آرام کریں (اور آپ ﷺ اس تنگی میں رہیں؟)"۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "عمر! کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ انھیں دنیا مل جائے، اور ہمیں آخرت"۔ پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے جسم مبارک کو ہاتھ لگایا، تو وہ انتہائی تیز بخار میں تپتا ہوا محسوس ہوا۔ عرض کیا: "آپ ﷺ کو بھی اس طرح بخار ہوتا ہے، حالانکہ آپ ﷺ پیغمبرِ خدا ہیں؟"۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اس اُمت میں سب سے زیادہ سخت تکلیف نبی ﷺ کو ہوتی ہے۔ اس کے بعد درجہ بدرجہ بہترین لوگوں کو۔ اور تم سے پہلے دیگر انبیائے کرام علیہم السلام اور اُمتوں کا بھی یہی حال تھا"۔

حدیث 6:۔حدثنا أبو عبد الله محمد بن خزيمة بن محسبان البخاري، حدثنا رجاء بن عبد الله النهشلي بمكة، حدثنا شقيق بن إبراهيم، عن أبي

حنیفة، عن حماد، عن إبراهيم، عن الأسود: أن عبد الله بن مسعود رضی الله عنه كان يرفع يديه فی أول التكبير ثم لا يعود لشیء من ذلك. ويأثر ذلك عن النبی صلی الله عليه وسلم.

(المسند للحارثی، رقم 801؛ کشف الآثار للحارثی، رقم 3510؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، ج6 ص129، 130 رقم 2047. جمعه واعده وعلق عليه: العلامه المحقق الشيخ لطيف الرحمن البهرائجی القاسمی) (مسند ابن ابی شیبہ رقم 323؛ المصنف - ابن أبي شيبة - ت الشثری رقم 2462؛ مسند احمد رقم 3681؛ ابوداؤد رقم 748، 751؛ ترمذی رقم 257؛ سنن نسائی رقم 1058؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 649؛ شرح معانی الآثار رقم 1349؛ مسند ابی یعلیٰ رقم، 5040 5302؛ الخلافیات للبیہقی رقم 1698، 1699؛ سنن کبریٰ بیہقی 2531) (مسند أبي يعلى - ت حسين أسد رقم 5039؛ الضعفاء الكبير للعقيلي ج4 ص41؛ الكامل فی ضعفاء الرجال (ابن عدی) ج7 ص339؛ معجم أسامي شيوخ أبي بكر الإسماعيلي رقم 318؛ سنن دارقطنی رقم 1133؛ معرفۃ السنن والآثار بیہقی رقم 3286؛ الخلافيات - البيهقي - ت النحال رقم 1705؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 2534؛ تاريخ بغداد - ط العلمية (الخطيب البغدادی) ج11 ص224؛ نصب الرایہ ج3941، 396)

ترجمہ: حضرت اسود ؒ فرماتے ہیں: "حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ نماز میں پہلی تکبیر کے وقت ہی رفع یدین کرتے تھے، اس کے بعد پھر کسی جگہ بھی رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ اور اس کو نبی اکرم ﷺ سے نقل کرتے تھے"۔

حدیث 7:۔ عَنْ مُخَوَّلِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی الله عليه وسلم: "مَا مِنْ أَيَّامٍ أَفْضَلُ عِنْدَ اللهِ مِنْ أَيَّامِ عَشْرِ الْأَضْحٰى، فَأَكْثِرُوا فِيهِنَّ مِنْ ذِكْرِ اللهِ تَعَالٰى"۔

(مسند أبی حنيفة رواية الحصكفی، كِتَابُ الْأَطْعِمَةِ وَالْأَشْرِبَةِ وَالشُّرْبِ وَالضَّحَايَا وَالصَّيْدِ وَالذَّبَائِحِ، رقم 15؛ المسند للحارثی، رقم 1669؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، ج9 ص15 رقم 4638. جمعه واعده وعلق عليه: العلامه المحقق

الشيخ لطيف الرحمن البهرائجی القاسمی) (بخاری رقم 969؛ طیالسی رقم 2753؛ مصنف عبد الرزاق رقم 8121؛ المصنف - ابن أبي شيبة - ت الشثری رقم 20697؛ مسند احمد رقم 1968، 3139، 3228؛ ابن ماجہ رقم 1727؛ ترمذی رقم 757؛ ابن خزیمہ رقم 2865؛ ابن حبان رقم 324؛ البغوی رقم 1125؛ الطبرانی رقم 12326، 12328، 12436؛ البیہقی: شعب الایمان رقم 3749، 3752؛ ابوداؤد رقم 2438؛ سنن الدارمی رقم 1774؛ تاریخ بغداد ج2679)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرماتے ہیں: "اللہ تعالیٰ کے نزدیک ذوالحجہ کے دس دن سے زیادہ کوئی دن افضل نہیں ہے۔ پس ان دنوں میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت کیا کرو"۔

حدیث 8:۔ عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَان، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه، أَنَّ النَّبِيَّ صلی الله عليه وسلم قَالَ: "الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ"۔

(مسند أبی حنيفة رواية الحصكفی، كتاب النكاح، رقم 25؛؛ المسند للحارثی، رقم 810؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، ج10 ص271 رقم 6168. جمعه واعده وعلق عليه: العلامه المحقق الشيخ لطيف الرحمن البهرائجی القاسمی) (مصنف عبد الرزاق رقم 9152؛ حمیدی رقم 24؛ مسند احمد رقم 173؛ ابن ماجہ رقم 2005؛ ابویعلیٰ رقم 199؛ شرح معانی الآثار رقم 4675؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 15330)

ترجمہ: حضرت عمر فاروق ؓ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بچہ صاحب بستر کا ہے اور زانی کے لیے سنگساری ہے"۔

6 حضرت امام ابوحنیفہ ؒ اور امام بخاری ؒ

1 ثُلَاثِيَاتُ الْإِمَامِ الْبُخَارِيِّ ؒ

امام بخاری ؒ سے مروی تین واسطوں کی روایات کا بیان

حدیث 1:۔ حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ

رضی اللہ عنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ يَقُلْ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ". (بخاری رقم 109)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جو میرے متعلق ایسی بات کہے جو میں نے نہ کہی ہو، تو وہ جہنم کے اندر اپنا ٹھکانہ تیار رکھے"۔

حدیث 2:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنه قَالَ: "كَانَ جِدَارُ الْمَسْجِدِ عِنْدَ الْمِنْبَرِ مَا كَادَتِ الشَّاةُ تَجُوْزُهَا".

(بخاری رقم 475)

ترجمہ حضرت یزید بن ابی عبید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "مسجد کی دیوار منبر کے اتنا قریب تھی کہ جس میں سے بکری نہ گزر سکے"۔

حدیث 3:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ: كُنْتُ آتِي مَعَ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی اللہ عنه، فَيُصَلِّي عِنْدَ الْأُسْطُوَانَةِ الَّتِي عِنْدَ الْمُصْحَفِ فَقُلْتُ: "يَا أَبَا مُسْلِمٍ! أَرَاكَ تَتَحَرَّى الصَّلَاةَ عِنْدَ هٰذِهِ الْأُسْطُوَانَةِ؟". قَالَ: "فَإِنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَتَحَرَّى الصَّلَاةَ عِنْدَهَا".

(بخاری رقم 480)

ترجمہ حضرت یزید بن ابی عبید رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ میں حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے ساتھ آکر ستون کے پاس نماز پڑھتا، جو مصحف کے پاس ہے۔ میں نے عرض کیا: "اے ابومسلم! میں دیکھتا ہوں کہ آپ رضی اللہ عنہ اس ستون کے پاس نماز پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں؟"۔ انہوں نے فرمایا: "میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کے پاس خاص طور پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے"۔

حدیث 4:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنه قَالَ: "كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم الْمَغْرِبَ إِذَا تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ". (بخاری رقم 536)

ترجمہ حضرت یزید بن ابی عبید رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ مغرب پڑھا کرتے تھے جب کہ سورج پردے میں ہو جاتا"۔

حدیث 5:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی اللہ عنه قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم رَجُلاً مِنْ أَسْلَمَ أَنْ أَذِّنْ فِي النَّاسِ أَنَّ مَنْ كَانَ أَكَلَ فَلْيَصُمْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ أَكَلَ فَلْيَصُمْ، فَإِنَّ الْيَوْمَ عَاشُوْرَاءَ. (بخاری رقم 1903، 1824، 6837)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبیلۂ اسلم کے ایک شخص کو لوگوں میں یہ اعلان کرنے کا حکم دیا: "جس نے جو کچھ کھا لیا ہے، تو وہ باقی دن کا روزہ رکھے (یعنی بقیہ دن روزہ دار کی طرح گزارے)، اور جس نے کچھ نہیں کھایا، وہ (آج) روزہ رکھے کیونکہ آج عاشورہ کا دن ہے"۔

حدیث 6:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی اللہ عنه قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذْ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالُوْا: "صَلِّ عَلَيْهَا". فَقَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ". قَالُوْا: "لَا". قَالَ: فَهَلْ تَرَكَ شَيْئًا. قَالُوْا: "لَا". فَصَلَّى عَلَيْهِ، ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرَى، فَقَالُوْا: "يَا رَسُوْلَ اللهِ! صَلِّ عَلَيْهَا". قَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ". قِيْلَ: "نَعَمْ". قَالَ: "فَهَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟". قَالُوْا: "ثَلَاثَةَ دَنَانِيْرَ". فَصَلَّى عَلَيْهَا. ثُمَّ أُتِيَ بِالثَّالِثَةِ، فَقَالُوْا: "صَلِّ عَلَيْهَا". قَالَ: "هَلْ تَرَكَ شَيْئًا؟". قَالُوْا: "لَا". قَالَ: "فَهَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ". قَالُوْا: "ثَلَاثَةُ دَنَانِيْرَ". قَالَ: "صَلُّوْا عَلَى صَاحِبِكُمْ". قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: "صَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللهِ! وَعَلَيَّ دَيْنُهُ". فَصَلَّى عَلَيْهِ. (بخاری رقم 2168، 2173، 5056)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک جنازہ لایا گیا اور عرض کی گئی: "اس پر نماز جنازہ پڑھیے"۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "کیا اس پر قرض ہے؟"۔ لوگوں نے عرض کیا: "نہیں"۔ آپ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "کیا اس نے کچھ (ترکہ) چھوڑا ہے؟"۔ عرض کیا: "نہیں"۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر نماز (جنازہ) پڑھی۔ پھر دوسرا جنازہ آیا اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "یارسول اللہ! اس پر نماز (جنازہ) پڑھیے"۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "کیا اس پر قرض ہے؟"۔ عرض کیا: "ہاں"۔ فرمایا: "کیا اس نے کچھ چھوڑا ہے؟"۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "تین دینار (چھوڑے ہیں)"۔ سو اس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی۔ پھر تیسرا جنازہ لایا گیا اور عرض کیا گیا: "اس پر نمازِ (جنازہ) پڑھیے"۔ فرمایا: "کیا اس نے کچھ (ترکہ) چھوڑا ہے؟"۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "نہیں"۔ فرمایا: "کیا اس پر قرض ہے؟"۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "تین دینار (قرض ہیں)"۔ فرمایا: "تم اپنے ساتھی پر نمازِ (جنازہ) پڑھ لو"۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: "یارسول اللہ! اس پر نماز پڑھیئے اور اس کا قرض میں ادا کروں گا"۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر بھی نمازِ جنازہ پڑھی''۔

حدیث 7:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہ: قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ ﷺ ثُمَّ عَدَلْتُ إِلَى ظِلِّ الشَّجَرَةِ، فَلَمَّا خَفَّ النَّاسُ قَالَ: "يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ! أَلَا تُبَايِعُ؟"۔ قَالَ: قُلْتُ: "قَدْ بَايَعْتُ، يَا رَسُولَ اللهِ!"۔ قَالَ: "وَأَيْضًا"۔ فَبَايَعْتُهُ الثَّانِيَةَ. فَقُلْتُ لَهُ: "يَا أَبَا مُسْلِمٍ! عَلَى أَيِّ شَيْءٍ كُنْتُمْ تُبَايِعُونَ يَوْمَئِذٍ؟"۔ قَالَ: "عَلَى الْمَوْتِ"۔

(بخاری رقم 2800، 3936، 6780)

ترجمہ: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کر لی۔ پھر میں ایک درخت کے سائے میں چلا گیا۔ جب بھیڑ کم ہوئی، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "اے ابن اکوع! کیا تم بیعت نہیں کرتے؟"۔ میں نے عرض کیا: "یارسول اللہ! میں تو بیعت کر چکا ہوں"۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "اچھا دوبارہ سہی"۔ سو میں نے دوسری دفعہ بھی بیعت کر لی۔ تو میں نے ان سے پوچھا: "اے ابومسلم! آپ حضرات نے اس روز کس بات پر بیعت کی تھی؟"۔ انہوں نے فرمایا: "(غلامیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میں) موت پر''۔

حدیث 8:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ: رَأَيْتُ أَثَرَ ضَرْبَةٍ فِي سَاقِ سَلَمَةَ. فَقُلْتُ: "يَا أَبَا مُسْلِمٍ! مَا هٰذِهِ الضَّرْبَةُ؟"۔ فَقَالَ: "هٰذِهِ ضَرْبَةٌ أَصَابَتْنِي يَوْمَ خَيْبَرَ"۔ فَقَالَ النَّاسُ: "أُصِيبَ سَلَمَةُ"۔ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَنَفَثَ فِيهِ ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ، فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ. (بخاری رقم 3969)

ترجمہ: حضرت یزید بن ابی عبید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی پر زخم کا نشان دیکھا، تو پوچھا: "اے ابومسلم! یہ نشان کیا ہے؟"۔ انہوں نے فرمایا: "یہ زخم مجھے غزوۂ خیبر میں آیا تھا"۔ لوگ تو یہ کہنے لگے تھے: "سلمہ رضی اللہ عنہ کا آخر وقت آ پہنچا ہے"۔ لیکن میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس (زخم) پر تین مرتبہ دم کیا، تو مجھے اب تک کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔

حدیث 9:۔ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ إِلَى خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: "أَسْمِعْنَا يَا عَامِرُ! مِنْ هُنَيَّاتِكَ"۔ فَحَدَا بِهِمْ۔ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "مَنِ السَّائِقُ؟"۔ قَالُوا: "عَامِرٌ"۔ فَقَالَ: "رَحِمَهُ اللهُ"۔ فَقَالُوا: "يَا رَسُولَ اللهِ! هَلَّا أَمْتَعْتَنَا بِهِ"۔ فَأُصِيبَ صَبِيحَةَ لَيْلَتِهِ۔ فَقَالَ الْقَوْمُ: "حَبِطَ عَمَلُهُ، قَتَلَ نَفْسَهُ"۔ فَلَمَّا رَجَعْتُ وَهُمْ يَتَحَدَّثُونَ أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ، فَجِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقُلْتُ: "يَا نَبِيَّ اللهِ! فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي! زَعَمُوا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ"۔ فَقَالَ: "كَذَبَ مَنْ قَالَهَا، إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ اثْنَيْنِ، إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ وَأَيُّ قَتْلٍ يَزِيدُهُ عَلَيْهِ"۔ (بخاری رقم 6496، 3960، 5796)

ترجمہ: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ خیبر کی طرف نکلے، تو لوگوں میں سے ایک نے کہا: "اے عامر! کیا آپ ہمیں اپنے اشعار

نہیں سنائیں گے؟"۔ چنانچہ انہوں نے اشعار سنائے، تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "یہ ہانکنے والا کون ہے؟"۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ ہے"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے"۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "یارسول اللہ! آپ ﷺ ہمیں ان سے اور فائدہ اٹھا لینے دیتے"۔ سو اسی رات کی صبح کو وہ موت کی آغوش میں چلے گئے۔ تو لوگوں نے کہا: "اس کے عمل ضائع ہو گئے کیونکہ اس نے اپنے آپ کو خود قتل کیا ہے"۔ جب میں واپس لوٹا، تو لوگ یہی باتیں کر رہے تھے: "عامر رضی اللہ عنہ کے عمل ضائع ہو گئے ہیں"۔ سو میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا: "یا نبی اللہ! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان! لوگوں کا یہ خیال ہے کہ عامر رضی اللہ عنہ کے اعمال ضائع ہو گئے ہیں"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جس کسی نے یہ کہا، غلط کہا ہے۔ اس کے لیے تو دوگنا اجر ہے۔ وہ تو مشقت اٹھانے والا مجاہد ہے۔ اس کے قتل سے بہتر کس کی موت ہے"۔

حدیث 10: حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی الله عنه أَنَّهُ أَخْبَرَهُ قَالَ: خَرَجْتُ مِنَ الْمَدِينَةِ ذَاهِبًا نَحْوَ الْغَابَةِ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةِ الْغَابَةِ لَقِيَنِي غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ، قُلْتُ: "وَيْحَكَ! مَا بِكَ؟"۔ قَالَ: "أُخِذَتْ لِقَاحُ النَّبِيِّ ﷺ"۔ قُلْتُ: "مَنْ أَخَذَهَا؟"۔ قَالَ: "غَطَفَانُ وَفَزَارَةُ"۔ فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ أَسْمَعْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا: "يَا صَبَاحَاهْ! يَا صَبَاحَاهْ!"۔ ثُمَّ انْدَفَعْتُ حَتَّى أَلْقَاهُمْ، وَقَدْ أَخَذُوهَا، فَجَعَلْتُ أَرْمِيهِمْ وَأَقُولُ:

أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ
وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

فَاسْتَنْقَذْتُهَا مِنْهُمْ قَبْلَ أَنْ يَشْرَبُوا، فَأَقْبَلْتُ بِهَا أَسُوقُهَا فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ ﷺ فَقُلْتُ: "يَا رَسُولَ اللهِ! إِنَّ الْقَوْمَ عِطَاشٌ، وَإِنِّي أَعْجَلْتُهُمْ أَنْ يَشْرَبُوا سِقْيَهُمْ، فَابْعَثْ فِي أَثَرِهِمْ"۔ فَقَالَ: "يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ! مَلَكْتَ، فَأَسْجِحْ، إِنَّ

الْقَوْمَ يُقْرَوْنَ فِي قَوْمِهِمْ"۔ (بخاری رقم 2876، 3958)

ترجمہ: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں مدینہ منورہ سے جنگل کی طرف چلا، پہاڑی پر پہنچا، تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ایک غلام ملا۔ میں نے کہا: تو ہلاک ہو! تو یہاں کیسے آیا؟"۔ اس نے جواب دیا: "حضور نبی اکرم ﷺ کی دودھ دینے والی اونٹنی پکڑی گئی ہے"۔ میں نے پوچھا: "کس نے پکڑی ہے؟"۔ اس نے جواب دیا: "قبیلۂ غطفان اور فزارہ کے آدمی لے گئے ہیں"۔ پھر میں تین مرتبہ "یا صباحاہ" کے الفاظ کے ساتھ اس زور سے چلایا کہ مدینہ منورہ کے ہر گوشہ میں رہنے والے سن لیں۔ پھر میں نے دوڑ لگائی، یہاں تک کہ ان لوگوں کو جا پہنچا۔ سو میں ان کی جانب تیر پھینکنے لگا، اور ساتھ یہ کہنے لگا: "میں اکوع کا بیٹا ہوں، اور آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے"۔ تو میں نے ان کے پانی پینے سے پہلے ہی ان سے اونٹنی چھین لی۔ میں اسے لے کر واپس لوٹا، تو رسول اللہ ﷺ سے میری ملاقات ہو گئی۔ میں نے عرض کیا: "یارسول اللہ! وہ لوگ پیاسے تھے، اور میں ان کے پانی پینے سے پہلے ہی جلدی سے ان سے اونٹنی چھین لایا۔ اُن کے پیچھے کسی کو روانہ کر دیں"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اے ابن اکوع! تم مالک ہو گئے ہو۔ اب نرمی کرو۔ ان کی مہمانی اپنی قوم میں ہو رہی ہو گی"۔

حدیث 11: حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رضی الله عنه بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه قَالَ: لَمَّا أَمْسَوْا يَوْمَ فَتَحُوا خَيْبَرَ، أَوْقَدُوا النِّيرَانَ، قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "عَلَامَ أَوْقَدْتُمْ هٰذِهِ النِّيرَانَ"۔ قَالُوا: "لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ"۔ قَالَ: "أَهْرِيقُوا مَا فِيهَا، وَاكْسِرُوا قُدُورَهَا"۔ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ: "نُهَرِيقُ مَا فِيهَا وَنَغْسِلُهَا"۔ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "أَوْ ذَاكَ"۔ (بخاری رقم 5178)

ترجمہ: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس روز خیبر فتح ہوا، اس شام لوگوں نے آگ جلائی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "تم نے یہ آگ کیا چیز پکانے کے لئے

جلائی ہے؟"۔مجاہدین نے عرض کیا: "پالتو گدھوں کا گوشت پکانے کے لئے"۔آپ ﷺ نے فرمایا: "جو ہانڈیوں میں ہے، اسے الٹ دو، اور ہانڈیوں کو توڑ دو"۔ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا: "ہم گوشت کو الٹ دیں اور ہانڈیوں کو دھو نہ لیں؟"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "چلو یونہی کرلو"۔

حدیث 12:۔حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ رَجُلًا يُنَادِيْ فِي النَّاسِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ: "إِنَّ مَنْ أَكَلَ فَلْيُتِمَّ، أَوْ فَلْيَصُمْ، وَمَنْ لَمْ يَأْكُلْ فَلَا يَأْكُلْ". (بخاری رقم 1824)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو عاشورہ کے روز لوگوں میں منادی کرنے کے لئے بھیجا: "جس نے کھانا کھا لیا، وہ روزہ پورا کرے یا اسے چاہیے کہ روزہ رکھے اور جس نے نہیں کھایا وہ نہ کھائے"۔

حدیث 13:۔حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ مِنْ دَيْنٍ". قَالُوْا: "لَا". فَصَلّٰى عَلَيْهِ. ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرٰى. فَقَالَ: "هَلْ عَلَيْهِ مِنْ دَيْنٍ؟". قَالُوْا: "نَعَمْ". قَالَ: "صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ". قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: "عَلَيَّ دَيْنُهُ يَا رَسُوْلَ اللهِ!". فَصَلّٰى عَلَيْهِ.

(بخاری رقم 2173، 2168، 5056)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک جنازہ لایا گیا تا کہ آپ ﷺ اس پر نمازِ (جنازہ) پڑھیں۔آپ ﷺ نے فرمایا: "کیا اس پر کوئی قرض ہے؟"۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "نہیں"۔تو آپ ﷺ نے اس پر نمازِ جنازہ پڑھی۔ پھر دوسرا جنازہ لایا گیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا: "کیا اس پر کچھ قرض ہے؟"۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "ہاں"۔آپ ﷺ نے فرمایا: "اپنے ساتھی پر نماز پڑھو"۔حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: "یارسول اللہ! اس کا قرض میں ادا کروں گا"۔پھر آپ ﷺ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی۔

حدیث 14:۔حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ رَأٰى نِيْرَانًا تُوْقَدُ يَوْمَ خَيْبَرَ. قَالَ: "عَلٰى مَا تُوْقَدُ هٰذِهِ النِّيْرَانُ". قَالُوْا: "عَلَى الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ". قَالَ: "اكْسِرُوْهَا وَأَهْرِقُوْهَا". قَالُوْا: "أَلَا نُهْرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا؟". قَالَ: "اغْسِلُوْا". (بخاری رقم 2345)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ نے خیبر کے روز آگ جلتی ہوئی دیکھ کر فرمایا: "یہ کیوں جلائی ہے؟"۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "پالتو گدھوں کا گوشت (پکانے کے لئے)"۔اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: "ہانڈیاں توڑ دو اور اسے بہا دو"۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "کیا ہم ایسا نہ کریں کہ اسے الٹ دیں اور ہانڈیاں دھولیں"۔آپ ﷺ نے فرمایا: "انہیں دھولو"۔

حدیث 15:۔حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَغَزَوْتُ مَعَ ابْنِ حَارِثَةَ، اسْتَعْمَلَهُ عَلَيْنَا. (بخاری رقم 4023)

ترجمہ حضرت یزید بن ابو عبید رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "میں نے سات غزوات میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک ہونے کا شرف حاصل کیا ہے اور اس غزوہ میں بھی شریک تھا جس میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ نے ہمارا امیر بنایا تھا"۔

حدیث 16:۔حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "مَنْ ضَحّٰى مِنْكُمْ فَلَا يُصْبِحَنَّ بَعْدَ ثَالِثَةٍ، وَفِيْ بَيْتِهِ مِنْهُ شَيْءٌ". فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ، قَالُوْا: "يَا رَسُوْلَ اللهِ! نَفْعَلُ كَمَا فَعَلْنَا عَامَ الْمَاضِيْ؟". قَالَ: "كُلُوْا وَأَطْعِمُوْا وَادَّخِرُوْا، فَإِنَّ ذٰلِكَ الْعَامَ كَانَ بِالنَّاسِ جَهْدٌ، فَأَرَدْتُ أَنْ تُعِيْنُوْا فِيْهَا".

(بخاری رقم 5249)

ترجمہ حضرت سلمہ بن اکوع ؓ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "جو تم میں سے قربانی کرے، تو تیسرے روز کی صبح اس کے گھر میں قربانی کا گوشت نہیں ہونا چاہئے"۔ جب اگلا سال آیا تو صحابہ ؓ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! کیا اب بھی ہم اسی طرح کریں جیسے پچھلے سال کیا تھا؟"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "کھاؤ، کھلاؤ اور جمع بھی کرلو کیونکہ وہ سال تنگی کا تھا، تو میرا ارادہ ہوا کہ تم اس (تنگی) میں ایک دوسرے کی مدد کرو"۔

حدیث 17:۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ ﷺ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، فَقَالَ لِي: "يَا سَلَمَةُ! أَلَا تُبَايِعُ". قُلْتُ: "يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَدْ بَايَعْتُ فِي الْأَوَّلِ"۔ قَالَ: "وَفِي الثَّانِيْ".

(بخاری رقم 6782، 2800، 3936، 6780)

ترجمہ حضرت یزید بن ابو عبید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت سلمہ بن اکوع ؓ نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ سے ہم نے درخت کے نیچے بیعت کی۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اے سلمہ! کیا تم بیعت نہیں کرتے؟"۔ میں نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! میں تو پہلے ہی بیعت کر چکا ہوں"۔ فرمایا: "دوبارہ کرلو"۔

حدیث 18:۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ أَنَّ أَنَسًا رضی اللہ عنہ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ الرُّبَيِّعَ، وَهِيَ ابْنَةُ النَّضْرِ، كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ، فَطَلَبُوا الْأَرْشَ وَطَلَبُوا الْعَفْوَ، فَأَبَوْا۔ فَأَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَأَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ۔ فَقَالَ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ: "أَتُكْسَرُ ثَنِيَّةُ الرُّبَيِّعِ، يَا رَسُوْلَ اللهِ! لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا"۔ فَقَالَ: "يَا أَنَسُ! كِتَابُ اللهِ الْقِصَاصُ". فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَعَفَوْا۔ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ". زَادَ الْفَزَارِيُّ: عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ: فَرَضِيَ الْقَوْمُ وَقَبِلُوا الْأَرْشَ. (بخاری رقم 2556، 2651، 4230، 4335)

ترجمہ حضرت حمید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت انس ؓ نے فرمایا: حضرت ربیع بنت نضر ؓ نے ایک لڑکی کے سامنے والے دو دانت توڑ دیئے۔ تو انہوں نے دیت کا مطالبہ کیا۔ یہ معافی کے خواستگار ہوئے۔ تو انہوں نے انکار کر دیا۔ سو وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو آپ ﷺ نے قصاص کا حکم فرمایا۔ حضرت انس بن نضر ؓ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! کیا ربیع کے سامنے کے دانت توڑے جائیں گے؟ نہیں، قسم اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اے انس! اللہ کی کتاب قصاص کا کہتی ہے"۔ (اس پر حضرت انس ؓ خاموش ہو گئے)۔ سو (بعد میں) وہ لوگ (جنہوں نے قصاص کا تقاضا کیا تھا) راضی ہو گئے، اور انہیں معاف کر دیا۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اللہ کے بندوں میں سے وہ بھی ہیں کہ اگر وہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھا لیں، تو اللہ تعالیٰ اسے سچا کر دیتا ہے"۔ فزاری رحمۃ اللہ علیہ کی روایت میں اتنا اضافہ ہے: "وہ لوگ دیت لینے پر رضامند ہو گئے"۔

حدیث 19:۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ أَنَّ أَنَسًا رضی اللہ عنہ حَدَّثَهُمْ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: "كِتَابُ اللهِ الْقِصَاصُ".

(بخاری رقم 4229)

ترجمہ حضرت محمد بن عبد اللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی فرمایا تھا: "اللہ کی کتاب قصاص کا حکم دیتی ہے"۔

حدیث 20:۔ حَدَّثَنَا الْأَنْصَارِيُّ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ ابْنَةَ النَّضْرِ لَطَمَتْ جَارِيَةً فَكَسَرَتْ ثَنِيَّتَهَا۔ فَأَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَأَمَرَ بِالْقِصَاصِ.

(بخاری رقم 6499، 2556)

ترجمہ حضرت حمید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: حضرت انس ؓ فرماتے ہیں: "نضر ؓ کی بیٹی نے ایک لڑکی کو طمانچہ مارا، جس کے باعث اس کے اگلے دو دانت ٹوٹ گئے۔ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، تو آپ ﷺ نے قصاص کا حکم فرمایا"۔

حدیث 21:۔ حَدَّثَنَا عِصَامُ بْنُ خَالِدٍ: حَدَّثَنَا حَرِيْزُ بْنُ عُثْمَانَ أَنَّهُ سَأَلَ عَبْدَ اللهِ

بْنَ بُسْرٍ رضی اللہ عنه صَاحِبَ النَّبِيِّ ﷺ. قَالَ: "أَرَأَيْتَ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ شَيْخًا؟". قَالَ: "كَانَ فِي عَنْفَقَتِهِ شَعَرَاتٌ بِيضٌ". (بخاری رقم 3353)

ترجمہ حضرت حریز بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: "کیا آپ رضی اللہ عنہ کی نظر میں حضور نبی اکرم ﷺ بوڑھے ہو گئے تھے؟"۔ انہوں نے فرمایا: "آپ ﷺ کی ٹھوڑی مبارک کے صرف چند بال سفید ہوئے تھے"۔

حدیث 22:۔ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ طَهْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رضی اللہ عنه يَقُولُ: نَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ فِي زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ رضی اللہ عنہا وَأَطْعَمَ عَلَيْهَا يَوْمَئِذٍ خُبْزًا وَلَحْمًا، وَكَانَتْ تَفْخَرُ عَلَى نِسَاءِ النَّبِيِّ ﷺ، وَكَانَتْ تَقُولُ: "إِنَّ اللهَ أَنْكَحَنِي فِي السَّمَاءِ".

(بخاری رقم 6985)

ترجمہ حضرت عیسیٰ بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا: "پردے کی آیت حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے حق میں نازل ہوئی، اور ان کے ولیمہ میں آپ ﷺ نے روٹی اور گوشت کھلایا تھا اور یہ حضور نبی اکرم ﷺ کی باقی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن پر فخر کیا کرتی تھیں: "میرا نکاح آسمان پر ہوا ہے"۔

2 امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ 22 ثلاثیات میں سے 21 کے راوی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد ہیں

بخاری شریف کی سب سے اعلیٰ اور اونچی روایات وہ ہیں جن میں حضور ﷺ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان صرف تین واسطے ہیں۔ (۱) تبع تابعی (۲) تابعی (۳) صحابی، ایسی رویات کو ثلاثیات کہا جاتا ہے۔ بخاری شریف میں کل ثلاثیات بائیس ہیں، جن میں سے گیارہ روایات مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، چھ امام ابو عاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ سے، تین محمد بن عبداللہ الانصاری رحمۃ اللہ علیہ سے، ایک خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ سے اور ایک عصام

بن خالد الحمصی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہیں۔

بڑی ایمان افروز اور خاص بات یہ ہے کہ جن مذکورہ بالا ذکر کردہ چار راویوں سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بائیس (22) میں اکیس (21) احادیث لی ہیں۔ اُن 21 ثلاثیاتِ بخاری کے چاروں راوی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حنفی المذہب شاگرد ہیں، اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ ہیں۔ عام درجے کے شیخ نہیں، بلکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی اسانیدِ عالیہ "ثلاثیات" کے بھی یہی شیخ ہیں۔ یہ اسانید امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا سب سے بڑا سرمایۂ افتخار ہیں۔ صحیح بخاری کی 22 ثلاثیات میں سے ان 21 کے راوی، جو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد ہیں، کو ایک طرف کر دیا جائے، تو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا ثلاثیات کے ضمن میں امتیاز ہی ختم ہو جاتا ہے۔

3 ثلاثیاتِ بخاری کے رواۃ جو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ ہیں

ثلاثیاتِ بخاری کے وہ چار رواۃ جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد ہیں۔ وہ حسبِ ذیل ہیں:

1 مکی بن ابراہیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ (م 215ھ)

امام مکی بن ابراہیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ (م 215ھ) سے سب سے زیادہ گیارہ ثلاثیاتِ بخاری مروی ہیں۔ یہ صحاح ستہ میں سے بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ کے راوی ہیں۔ امام مزی، امام ابن حجر عسقلانی، امام سیوطی اور دیگر ائمہ کی تحقیق کے مطابق مکی بن ابراہیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ (م 215ھ) امام احمد بن حنبل اور امام بخاری کے شیخ ہیں، جب کہ امام ابوحنیفہ کے شاگرد ہیں۔

(مزی: تہذیب الکمال ج 28 ص 477؛ عسقلانی: تہذیب التہذیب ج 10 ص 260، 261؛ سیوطی: طبقات الحفاظ ج 1 ص 164)

مکی نام اور ابو السکن کنیت ہے۔ سلسلۂ نسب یہ ہے: مکی بن ابراہیم بن بشیر بن فرقد البلخی۔ بلخ کے رہنے والے ہیں۔ 126ھ میں پیدا ہوئے۔

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے سیر اعلام النبلاء میں "الامام، الحافظ، الصادق، مسندِ خراسان" کے

وقیع الفاظ سے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا تذکرہ کیا ہے۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فتح الباری میں تحریر کرتے ہیں:

ھومن کبار شیوخ البخاری سمع من سبعة عشر نفسامن التابعین منھم یزید بن ابی عبید۔

ترجمہ: مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے بزرگ اساتذہ میں سے ہیں۔ انہوں نے سترہ تابعین سے حدیث کی سماعت کی ہے۔ ان تابعین میں ایک یزید بن ابی عبید رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ میں امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، امام ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ، بہز بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ، ایمن بن نابل رحمۃ اللہ علیہ، یزید بن ابی عبید رحمۃ اللہ علیہ اور ہشام بن حسان رحمۃ اللہ علیہ جیسے اساطینِ علم حضرات شامل ہیں۔

شروع میں ایک تاجر پیشہ آدمی تھے، مگر امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی مسلسل تاکید وترغیب سے حصولِ علم میں مشغول ہوئے، جس کی تفصیل امام کردری رحمۃ اللہ علیہ نے: "مناقب الامام ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" میں اپنی سند کے ساتھ خود انہی کی زبانی یوں نقل کی ہے:

میں تجارت پیشہ آدمی تھا، ایک دفعہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا، تو انہوں نے کہا: "اے مکی! تم مجھے تاجر معلوم ہوتے ہو؟ (توسنو) جو تجارت علم کے بغیر ہو، اس میں بڑا افساد اور خرابی پیدا ہو جاتی ہے (کہ حلال وحرام اور جائز وناجائز کی تمیز نہیں رہتی)۔ تو تم کیوں علم حاصل نہیں کرتے اور کتابت حدیث میں مشغول کیوں نہیں ہوتے؟"۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بار بار مجھے یہی کہتے رہے یہاں تک کہ میں حصولِ علم میں مشغول ہوگیا، اور اللہ تعالیٰ نے مجھے علم کا بڑا حصہ نصیب فرمایا۔ اب میں ہمیشہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے لیے جب بھی وہ یاد آجائیں، اور ہر نماز کے بعد پابندی سے دعا کرتا ہوں، کیونکہ انہی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے علم کا دروازہ مجھ پر کھول دیا"۔

(مناقب الامام ابی حنیفہ للامام الکردری: ج2ص161)

آپ رحمۃ اللہ علیہ کو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے حد درجہ محبت تھی۔ ان کی تعریف میں فرمایا کرتے

تھے: "کان ابوحنیفه یصدق قوله فعله" یعنی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول وفعل میں سچائی تھی، منافقت نہ تھی کہ گفتار کچھ اور ہوتی اور کردار کا رخ دوسرا ہوتا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی اپنے شیخ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے محبت کا ایک دلچسپ واقعہ امام کردری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے: اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ہم مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں تھے، انہوں نے حدیث بیان کرتے ہوئے: "حدثنا ابوحنیفه" کہا، تو ایک اجنبی آدمی نے چیخ کر کہا: "ہمیں امام ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے حدیث سناؤ، ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے روایت بیان نہ کرو"۔ مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ یہ سن کر غصہ ہوئے اور کہا:

انالا نحدث السفھاء حرمت علیك ان تکتب عنی قم عن مجلسی

ترجمہ: ہم بے وقوفوں کو حدیث نہیں سناتے، مجھ سے کوئی حدیث لکھنا تجھ پر حرام ہے، چل میری مجلس سے نکل جا۔

پھر جب تک وہ آدمی مجلس سے نکل نہ گیا، مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث بیان نہ کی۔

(مناقب الامام ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، للامام الکردری رحمۃ اللہ علیہ: ج2ص161)

اس سے پتہ چلتا ہے کہ امام مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ کا حدیث میں پایہ بلند تھا، اور اسی لیے جب اس شخص نے ان کی روایت لینا پسند نہ کی، تو انہوں نے اسے بے وقوف قرار دیا، اور اس پر حدیث کا سنانا بند کردیا کہ ایسے لوگ اس قابل ہی نہیں کہ انہیں علمِ حدیث پہنچایا جائے۔

شیخ مکی رحمۃ اللہ علیہ سے بڑے بڑے شیوخ محدثین نے احادیث روایت کی ہیں، ان میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ، عبیداللہ قواریری رحمۃ اللہ علیہ، یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ، معمر بن محمد البلخی رحمۃ اللہ علیہ، یزید بن سنان البصری رحمۃ اللہ علیہ اور عمر بن مدرک رحمۃ اللہ علیہ سرفہرست ہیں۔

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے سیر اعلام النبلاء میں محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ موصوف نے بلخ میں 215ھ کی نصف شعبان میں انتقال کیا، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق 214ھ میں انتقال فرمایا۔

2 امام ابوعاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ (م212ھ)

امام ابو عاصم ضحاک بن مخلد النبیل رحمۃ اللہ علیہ (م 212ھ) سے چھ ثلاثیاتِ بخاری مروی ہیں۔ یہ صحاح ستہ کی تمام کتب کے راوی ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، امام مزی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق امام ابو عاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ (م 212ھ) امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ ہیں، جب کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ میں سے ہیں۔

(حاکم: تسمیة من اخرجهم البخاری و مسلم، ج1 ص143؛ مزی: تہذیب الکمال ج13 ص283؛ ذہبی: سیر اعلام النبلاء ج6 ص393؛ ذہبی: الکاشف ج1 ص509)

3 امام محمد بن عبداللہ الانصاری البصری رحمۃ اللہ علیہ (م 215ھ)

ان سے تین ثلاثیاتِ بخاری مروی ہیں۔ یہ بھی صحاح ستہ کی تمام کتب کے راوی ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، مزی رحمۃ اللہ علیہ اور عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے امام محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا شیخ بیان کیا ہے۔

(حاکم: تسمیة من اخرجهم البخاری و مسلم، ج1 ص278؛ خطیب بغدادی: تاریخ بغداد ج5 ص408؛ مزی: تہذیب الکمال ج25 ص539؛ عسقلانی: تہذیب التہذیب ج9 ص244)

امام مزی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق امام محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ میں سے ہیں۔

(مزی: تہذیب الکمال ج29 ص421؛ ذہبی: سیر اعلام النبلاء ج6 ص394)

4 امام خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ (م 213ھ)

امام خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ (م 213ھ) امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی بائیس (22) ثلاثیات میں سے ایک حدیث کے راوی ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ صحاح ستہ میں سے بخاری، ترمذی اور ابوداؤد کے راوی بھی ہیں۔ امام کلاباذی رحمۃ اللہ علیہ، امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، امام عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمۂ حدیث کے مطابق امام خلاد رحمۃ اللہ علیہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ ہیں۔

(کلاباذی: رجال صحیح البخاری، ج1 ص237؛ ذہبی: میزان الاعتدال ج2 ص446؛ عسقلانی: تہذیب التہذیب ج3 ص150)

امام ابن بزاز الکردری رحمۃ اللہ علیہ اور امام صالحی الشامی رحمۃ اللہ علیہ نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے

محدثین تلامذہ کی فہرست میں امام خلاد رحمۃ اللہ علیہ کا نام درج کیا ہے۔

(ابن بزاز کردری: مناقب الامام الاعظم ابی حنیفہ ج2 ص219؛ صالحی شامی: عقود الجمان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفہ النعمان ص110)

اس لحاظ سے گویا بخاری شریف کی اکیس (21) ثلاثیات کے راوی حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور حنفی ہوئے۔

4 امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے بعض مشائخ

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے وہ اساتذہ جن سے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بخاری شریف میں براہِ راست روایت لی ہے۔ تقریباً تین سو دس ہیں، جن میں سے پونے دو سو کے قریب عراق ہیں۔ پھر عراقین میں تقریباً پینتالیس کوفی ہیں او پچاسی بصری ہیں۔ باقی دیگر شہروں کے ہیں، اس موقع پر یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ میں بہت سے نامور اساتذہ ایسے بھی ہیں جو یا تو براہِ راست امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد ہیں یا آپ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں کے شاگرد ہیں۔ چند ایک نام بطورِ برکت ملاحظہ فرماتے چلیں:

(1) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(2) سعید بن ربیع ابوزید الھروی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(3) ضحاک بن مخلد ابوعاصم النبیل رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(4) عباس بن ولید رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(5) عبداللہ بن یزید العدوی البصری المکی عبدالرحمن المقری رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(6) عبیداللہ بن موسی الکوفی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(7) علی بن جعد الجوھری رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(8) علی بن حجر المروزی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(9) علی بن المدینی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(10) فضل بن عمرو (دکین) ابونعیم الکوفی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(11) محمد بن صباح الدولابی البغدادی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(12) محمد بن عبداللہ بن المثنی الانصاری البصری رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(13) محمد بن عبداللہ بن جبلۃ العتکی البصری رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ

(14) محمد بن مقاتل ابوالحسن المروزی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ

(15) مکی بن ابراہیم البلخی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

(16) ہشام بن عبدالملک باھلی ابولولید الطیالیسی البصری رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(17) ھیثم بن خارجہ الوحاطی ابوزکریا الشامی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

(18) یحییٰ بن صالح الوحاطی ابوزکریا یاالشامی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ

(19) یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف، وامام محمد رحمۃ اللہ علیہ

(20) یحییٰ بن یحییٰ بن بکیر بن عبدالرحمٰن النیسابوری رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

یہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے وہ تلامذہ ہیں جن سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بخاری شریف میں براہِ راست روایات لی ہیں۔ ان کے علاوہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بیسیوں شاگرد ایسے ہیں جن سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بالواسطہ روایات لی ہیں۔ بخوفِ طوالت ان کا تذکرہ پس انداز کیا جاتا ہے۔

5 رواۃِ بخاری

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے بخاری شریف کو اگرچہ نو ہزار افراد نے سنا تھا لیکن امام موصوف کے جن تلامذہ سے صحیح بخاری کی روایت کا سلسلہ چلا وہ چار ہیں:

(1) ابراہیم بن معقل بن حجاج النسفی رحمۃ اللہ علیہ (م 294)

(2) حماد بن شاکر النسفی رحمۃ اللہ علیہ (م 311)

(3) محمد بن یوسف الفربری رحمۃ اللہ علیہ (م 320)

(4) ابوطلحہ منصور بن محمد البزدوی رحمۃ اللہ علیہ (م 329)

ان چار میں سے پہلے دونوں بزرگ ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اور حماد رحمۃ اللہ علیہ مشہور حنفی عالم ہیں۔

ابراہیم بن معقل رحمۃ اللہ علیہ ان سب میں سے پہلے دونوں بزرگ ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اور حماد رحمۃ اللہ علیہ مشہور حنفی عالم ہیں۔ ابراہیم بن معقل رحمۃ اللہ علیہ ان سب میں اس حیثیت سے ممتاز ہیں کہ وہ حافظ الحدیث بھی تھے۔ علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری کے شروع میں اپنا سلسلہ سند ان چاروں حضرات تک بیان کیا ہے، ان چاروں حضرات میں ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اور حماد کو یہ خاص شرف حاصل ہے کہ ان کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے جامع کی روایت کا سب سے پہلے موقع ملا ہے کیونکہ ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اور حماد رحمۃ اللہ علیہ کی وفات بالترتیب 292ھ اور 311ھ میں ہوئی ہے جبکہ فربری رحمۃ اللہ علیہ اور ابوطلحہ رحمۃ اللہ علیہ کی وفات بالترتیب 320ھ اور 329ھ میں ہوئی ہے، اور حقیقت ہے کہ اگر یہ دونوں حنفی بزرگ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کو ان سے روایت نہ کرتے، تو جامع کی روایت کی ضمانت تنِ تنہا فربری رحمۃ اللہ علیہ پر رہ جاتی اور اس طرح روایتی نقطۂ نظر سے صورتِ حال نازک ہو جاتی۔ علامہ کوثری رحمۃ اللہ علیہ اسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

"ھذا البخاری لو لا ابراھیم بن معقل النسفی وحماد بن شاکر الحنفیان لکاد ینفرد الفربری عنہ فی جمیع الصحیح سماعاً۔

(التعلیق علی شروط الائمۃ الخمسہ للحازمی رحمۃ اللہ علیہ ص 81۔ طبع فی ابتداء ابن ماجہ، طبع قدیمی کتب خانہ کراچی)

ترجمہ: یہ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ہیں کہ اگر ابراہیم بن معقل حنفی رحمۃ اللہ علیہ اور حماد بن شاکر حنفی رحمۃ اللہ علیہ نہ ہوتے، تو فربری رحمۃ اللہ علیہ ان سے ساری کی ساری جامع الصحیح کے سماع میں منفرد رہ جاتے۔

باب 4

کتبِ احادیث وتراجم میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی احادیث کی اجمالی فہرست

1 تمہید

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تمام مشہور محدثین کے بلاواسطہ یا بالواسطہ استاذِ حدیث ہیں۔ خصوصاً وہ محدثین جنھوں نے احادیث پر مشتمل کتابیں تصنیف کی ہیں، وہ کسی نہ کسی واسطہ سے آپ رحمۃ اللہ علیہ سے رشتۂ تلمذ رکھتے ہیں، اور ان میں سے بعض نے اپنی کتبِ حدیث میں آپ رحمۃ اللہ علیہ سے احادیث بھی لی ہیں۔

مؤلفینِ صحاحِ ستہ میں سے امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ (م 279ھ) اور امام ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ (م 303ھ) نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی احادیث سے احتجاج کیا ہے۔ چنانچہ حافظ ابوالحجاج مزی رحمۃ اللہ علیہ (م 742ھ) اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (م 852ھ) آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ میں فرماتے ہیں:

له في كتاب الترمذي من رواية عبد الحميد الحماني عنه قال قال: "ما رأيت أكذب من جابر الجعفي، ولا أفضل من عطاء بن أبي رباح". وفي كتاب النسائي حديثه عن عاصم بن أبي ذر عن ابن عباس قال: "ليس

على من أتى بهيمة حد"۔

(تہذیب الکمال، ج29 ص445 رقم6439؛ تہذیب التہذیب، ج10 ص451 رقم817)

ترجمہ: امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب (جامع الترمذی) میں بروایت امام عبدالحمید الحمانی رحمۃ اللہ علیہ، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت ہے: "میں نے جابر جعفی سے بڑا جھوٹا کوئی شخص نہیں دیکھا، اور نہ عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے افضل کسی کو دیکھا ہے"۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب (السنن الکبریٰ) میں بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ سے ایک حدیث مروی ہے۔ جس کو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن ابی ذر رحمۃ اللہ علیہ کے واسطہ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جس شخص نے کسی جانور سے بدفعلی کی، اُس پر حد نہیں ہے (بلکہ اس پر تعزیر ہے)۔

حافظ عبدالقادر قرشی رحمۃ اللہ علیہ (م 775ھ) آپ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

فانه من رجال الترمذي۔ (الحاوی فی بیان آثار الطحاوی، 1/278)

ترجمہ: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ترمذی کے راویوں میں سے ہیں۔

امام خزرجی رحمۃ اللہ علیہ (م 923ھ) نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ میں:

(تمّ ز س) النُّعْمَان بن ثَابت الْفَارِسِي أَبُو حنيفَة إِمَام الْعرَاق وفقيه الْأمة۔

(خلاصة تذهيب تهذيب الكمال في أسماء الرجال، ص402. المؤلف: أحمد بن عبد الله بن أبي الخير بن عبد العليم الخزرجي الأنصاري الساعدي اليمني، صفي الدين (المتوفى: بعد 923هـ). الناشر: مكتب المطبوعات الإسلامية/دار البشائر - حلب/بيروت)

ترجمہ: حضرت نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ فارسی، امام العراق اور فقیہ الامت ہیں۔ ان کے لیے علامات یہ ہیں: "تم، ز، اور س" کی علامات لگائی ہیں۔ جن کا مطلب، بقول ان کے، یہ ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ شمائل ترمذی، جامع ترمذی اور سنن نسائی کے راوی ہیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ (م 256ھ) نے اگرچہ اپنی صحیح میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے کوئی حدیث

بہ سند نقل نہیں کی، لیکن انہوں نے جو احادیث معلق (بلا سند) نقل کی ہیں، ان میں سے متعدد روایات کے متعلق شارحِ بخاری امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (م 852ھ) نے تصریح کی ہے کہ یہ روایات امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے مروی ہیں۔

مثلاً: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ امام حماد بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ کا ایک اثر تعلیقاً (بلا سند) نقل کیا ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اس اثر کے متعلق لکھتے ہیں:

فَذَكَرَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ أَبِي حنيفةَ عَنهُ۔ (فتح الباری ج4 ص162)

ترجمہ: اس اثر کو امام عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ نے (اپنی مصنف میں) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے، اور انہوں نے امام حماد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

اس طرح کئی اور احادیث سے متعلق بھی حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح کی ہے کہ یہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے مروی ہیں۔ (فتح الباری، ج9 ص650، ج12 ص325)

2 امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی احادیث کو اپنی کتب میں روایت کرنے والے محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی اجمالی فہرست

نمبر شمار	مُحدِّث	وفات ہجری	کتاب	تعداد
1	امام عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ	181	کتاب الزہد	1
2	امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ	189	موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني رحمۃ اللہ علیہ	5
3	امام محمد بن ادریس الشافعی رحمۃ اللہ علیہ	204	کتاب الام	30
4	امام عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ	211	مصنف عبدالرزاق	77
5	امام محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ	230	الطبقات الکبریٰ	2

نمبر شمار	مُحدِّث	وفات ہجری	کتاب	تعداد
6	امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ	235	مصنف ابن ابی شیبہ	42
7	امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ	235	مسند ابن ابی شیبہ	1
8	أبو عمرو خليفة بن خياط بن خليفة الشيباني العصفري البصري رحمۃ اللہ علیہ	240	مسند خليفة بن خياط	1
9	امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ	241	مسند احمد	1
10	امام ابوبکر ابن ابی عاصم رحمۃ اللہ علیہ	287	السنة	1
11	امام ابوبکر ابن ابی عاصم رحمۃ اللہ علیہ	287	الاحاد والمثانی	1
12	امام احمد بن شعیب نسائی رحمۃ اللہ علیہ	303	السنن الکبریٰ للنسائی	1
13	امام ابویعلیٰ احمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ	307	مسند ابی یعلیٰ	4
14	امام محمد بن ہارون رویانی رحمۃ اللہ علیہ	307	مسند الرویانی	1
16	امام أبو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ زَيْدَانَ البَجَلِيُّ الكُوفِيُّ رحمۃ اللہ علیہ	313	مسند ابن زیدان	1
16	امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی رحمۃ اللہ علیہ	321	مشکل الآثار	14
17	امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی رحمۃ اللہ علیہ	321	شرح معانی الآثار	15
18	امام أبو الحسن خيثمة بن سليمان القرشي الشامي الأطرابلسي رحمۃ اللہ علیہ	343	من حديث خيثمة بن سليمان	1
19	امام عبدالباقی بن قانع رحمۃ اللہ علیہ	351	معجم الصحابہ	1
20	امام محمد بن حبان رحمۃ اللہ علیہ	354	صحیح ابن حبان	3
21	امام سلیمان بن احمد طبرانی رحمۃ اللہ علیہ	360	المعجم الکبیر	20
22	امام سلیمان بن احمد طبرانی رحمۃ اللہ علیہ	360	المعجم الاوسط	16

23	امام سلیمان بن احمد طبرانی رحمۃ اللہ علیہ	360	المعجم الصغیر	2
24	امام سلیمان بن احمد طبرانی رحمۃ اللہ علیہ	360	طرق حدیث من کذب علی متعمدا	1
25	امام ابن السنی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ	364	عمل الیوم واللیلة	1
26	امام احمد بن جعفر قطیعی رحمۃ اللہ علیہ	368	جزء الألف دینار	6
27	امام ابوالشیخ عبداللہ ابن حیان اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ	369	أحادیث ابی الزبیر عن غیر جابر	1
28	امام ابوالشیخ عبداللہ ابن حیان اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ	369	العظمة	1
29	امام ابوالشیخ عبداللہ ابن حیان اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ	369	طبقات المحدثین بأصبهان	7
30	امام ابوالشیخ عبداللہ ابن حیان اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ	369	أحادیث ابی الزبیر	1
31	امام ابوبکر احمد جصاص رحمۃ اللہ علیہ	370	احکام القرآن	3
32	امام أبو أحمد محمد بن أحمد الغِطریفی الجرجانی رحمۃ اللہ علیہ	377	جزء ابن غطریف للجرجانی	1
33	امام أبو بکر بن المقرئ رحمۃ اللہ علیہ	381	الأربعون لابن المقرئ،	1
34	امام علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ	385	سنن دارقطنی	35
35	امام علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ	385	رؤیة اللہ	1
36	امام محمد بن أحمد بن محمد، ابن جمیع الغسانی الصیداوی رحمۃ اللہ علیہ	402	معجم الشیوخ	2

37	امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ	405	المستدرك علی الصحیحین	5
38	امام تمام بن محمد بن عبد اللہ بن جعفر، الرازی رحمۃ اللہ علیہ	414	الفوائد	2
39	امام هبة الله بن الحسن بن منصور الطبری الرازی، اللالکائی رحمۃ اللہ علیہ	418	شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة	2
40	امام مسافر بن محمد بن حاجی الدمشقی رحمۃ اللہ علیہ	420	الأربعون البلدانية	1
41	الحسن بن أحمد بن إبراهيم بن الحسن ابن محمد بن شاذان، أبو علی البزّاز رحمۃ اللہ علیہ	425	مشیخة ابن شاذان الصغریٰ	1
42	امام حمزة بن یوسف بن إبراهيم السهمی القرشی الجرجانی رحمۃ اللہ علیہ	428	تاریخِ جرجان	4
43	امام ابونعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ	430	تاریخِ اصبہان	7
44	امام محمد بن سلامة بن جعفر أبو عبد الله، القضاعی رحمۃ اللہ علیہ	454	مسند الشہاب	3
45	امام أحمد بن الحسین بن علی بن موسی أبو بکر البیهقی رحمۃ اللہ علیہ	458	سنن الکبریٰ	33
46	امام أحمد بن الحسین بن علی بن موسی أبو بکر البیهقی رحمۃ اللہ علیہ	458	شعب الایمان	2

47	امام أحمد بن الحسين بن علی بن موسى أبو بكر البيهقی رحمۃ اللہ علیہ	458	كتاب القراءة خلف الإمام	6
48	امام أحمد بن الحسين بن علی بن موسى أبو بكر البيهقی رحمۃ اللہ علیہ	458	الخِلافِيَّاتُ بَيْنَ الإِمَامَيْنِ الشَّافِعِيِّ وَأَبِي حَنِيْفَةَ وَأَصْحَابِهِ	7
49	امام أحمد بن الحسين بن علی بن موسى أبو بكر البيهقی رحمۃ اللہ علیہ	458	معرفة السنن والآثار	15
50	امام أبو بكر أحمد بن علی البغدادی، المعروف بالخطيب رحمۃ اللہ علیہ	463	تاریخ بغداد	31
51	امام أبو بكر أحمد بن علی البغدادی، المعروف بالخطيب رحمۃ اللہ علیہ	463	تالی تلخيص المتشابه	1
52	امام يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر القرطبی المالكی، أبو عمر رحمۃ اللہ علیہ	463	التمهيد لما فی الموطأ من المعانی والأسانيد	2
53	امام يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر القرطبی المالكی، أبو عمر رحمۃ اللہ علیہ	463	جامع بيان العلم وفضله	1

54	نصر بن إبراهيم بن نصر بن إبراهيم ابن داود النابلسی المقدسی، أبو الفتح المعروف بابن أبی حافظ رحمۃ اللہ علیہ	490	تحريم نكاح المتعة	1
55	امام إسماعيل بن محمد بن الفضل القرشی الطليحی التيمی الأصبهانی، أبو القاسم، الملقب بقوام السنة رحمۃ اللہ علیہ	535	الحجة فی بيان المحجة وشرح عقيدة أهل السنة	2
56	امام معمر بن عبد الواحد بن رجاء بن عبد الواحد بن محمد بن الفاخر، السمرقندی الأصبهانی رحمۃ اللہ علیہ	564	موجبات الجنة	1
57	امام عَبْد الخالق بْن أسد بْن ثابت، الفقيه أَبُو مُحَمَّد الدمشقیّ الحنفیّ رحمۃ اللہ علیہ	564	كتاب المعجم	4
58	امام أبو القاسم ابن عساكر رحمۃ اللہ علیہ	571	تاریخ مدینہ دمشق	22
59	شُهْدة بِنْت أحمد بْن الفرج بْن عُمَر الإبری رحمۃ اللہ علیہا	574	العمدة من الفوائد والأثار الصحاح والغرائب فی مشيخة شهدة	1
60	امام عبد الغنی بن عبد الواحد بن علی بن سرور المقدسی الجماعيلی الدمشقی الحنبلی رحمۃ اللہ علیہ	600	أخبار الصلاة	1

61	امام عبد الكريم بن محمد بن عبد الكريم، أبو القاسم الرافعي القزويني رحمۃ اللہ علیہ	623	التدوين في أخبار قزوين	6
62	امام يوسف بن عبد الرحمن بن يوسف، أبو الحجاج، جمال الدين ابن الزكي أبي محمد القضاعي الكلبي المزي رحمۃ اللہ علیہ	742	المنتقى من الفوائد الحسان في الحديث	3
63	امام ابن حَجَر العَسْقلانی رحمۃ اللہ علیہ	852	الإمتاع بالأربعين المتباينة السماع	1
64	امام ابن حَجَر العَسْقلانی رحمۃ اللہ علیہ	852	الأمالي المطلقة	1
65	امام محمد بن أحمد بن سعيد الحنفي المكيّ، شمس الدين، المعروف كوالده بعقيلة رحمۃ اللہ علیہ	1150	الفوائد الجليلة في مسلسلات ابن عقيلة	1

یہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی کل 65 کتب ہیں جن میں انھوں نے اپنی اپنی سند کے ساتھ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے 469 احادیث مبارک روایت کی ہیں۔

3 امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی احادیث کے بارے میں وضاحت

1 امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ان ہی احادیث کو یہاں ذکر کیا جائے گا جو محدثین نے متصل سند سے روایت کی ہیں۔ دیگر احادیث جو انھوں نے باقی مسانیدِ ابی حنیفہ سے لی ہیں، ان کو اس میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

2 امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے مروی احادیث کو درجِ ذیل تین عنوانات درج کیا جائے گا:

(1) حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی احادیث

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی احادیث

(3) اکابر محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم سے مروی احادیث

3 بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے مختلف احادیث کی تائید میں شواہد اور متابعات میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روایات درج کیا ہے، اُن کو علیحدہ زیرِ بحث لایا جائے گا۔

4 بعض ائمۂ حدیث رحمۃ اللہ علیہم نے اپنی سند سے امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی احکامِ دین پر مبنی آراء کو درج کیا ہے، ان کو بھی درج کیا جائے گا۔

5 بعض کتبِ حدیث میں امام ابوحنیفہ سے کثیر احادیث مروی ہیں۔ لہٰذا ان میں سے موضوع کی اہمیت کے اعتبار سے چیدہ چیدہ احادیث کو بیان کیا جائے گا۔

6 جو مرفوع یا مرسل حدیث بیان کی جائے گی، اس کی تخریج دیگر کتبِ حدیث سے بھی کی جائے گی تاکہ سند کے اعتبار سے اُس کی صحت وثقاہت واضح ہو سکے۔

باب 5

مرفوع مرویاتِ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ دوسری اور تیسری صدی کی کتبِ احادیث میں

1 امام عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 181ھ) کی روایت کردہ حدیث

1 ''الزہد'' لابن المبارک میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1:۔ أَخْبَرَكُمْ أَبُو عُمَرَ بْنُ حَيَوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّهُ لَيُهَوِّنُ عَلَيَّ الْمَوْتَ أَنْ أُرِيتُكِ زَوْجَتِي فِي الْجَنَّةِ''۔

(الزھد والرقائق لابن المبارك، رقم 1078؛ الاحاد والمثانی لابن ابی عاصم رقم 3008؛ معجم اوسط طبرانی رقم 3161؛ معجم کبیر طبرانی 23/(رقم 98)؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص 77؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الفضائل والشمائل، رقم 26؛ الطيوريات، لأبي طاهر السِّلَفي رقم 717) (مسند احمد رقم 25076؛ فضائل الصحابۃ لاحمد رقم 1633؛ ابن سعد 8/65-66؛ ''البداية والنهاية'' 8/92؛ جمع الجوامع رقم 3412/7901؛

أن الحديث حسن بمجموع إسنادي أبي حنيفة وأحمد، والله أعلم: الصحيحة رقم 2867)

ترجمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''میرا وقتِ وصال قریب آرہا ہے، اور مجھے دکھایا گیا ہے کہ تم جنت میں بھی میری زوجہ ہوگی''۔

2 امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 189ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 ''موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني،'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 5 مرفوع احادیث

امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۸۹ھ) نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مؤطا کا جو نسخہ روایت کیا ہے، اس میں انہوں نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ دیگر بعض محدثین کی بھی کچھ احادیث کا اضافہ کیا ہے، جن میں سے 5 احادیث انہوں نے اپنے استاذ مکرم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہیں۔

حدیث 1:۔ قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، قَالَتْ: ''كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصِيبُ مِنْ أَهْلِهِ، ثُمَّ يَنَامُ وَلَا يَمَسُّ مَاءً، فَإِنِ اسْتَيْقَظَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، عَادَ وَاغْتَسَلَ''۔ قَالَ مُحَمَّدٌ: هٰذَا الْحَدِيثُ أَرْفَقُ بِالنَّاسِ، وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللهُ۔

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 56)

ترجمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اہلیہ کے پاس جاتے، پھر سو جاتے تھے، اور پانی کا استعمال نہیں کرتے تھے۔ پھر اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے

آخری حصہ میں بیدار ہوتے، تو آپ ﷺ دوبارہ اہلیہ کے پاس جاتے، اور غسل فرماتے تھے''۔

حضرت محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''یہ حدیث لوگوں کے لیے آسانی والی ہے۔ یہی قول حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ہے''۔

حدیث 2:۔قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُوسَى بْنُ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: «مَنْ صَلَّى خَلْفَ الْإِمَامِ فَإِنَّ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ»۔ (موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 117)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے، تو امام کی قراءت اس کی قراءت ہے (لہٰذا کوئی مقتدی امام کے پیچھے قرآن نہ پڑھے)''۔

حدیث 3:۔قَالَ مُحَمَّدٌ: أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ تَطَوُّعًا، وَثَلَاثَ رَكَعَاتِ الْوِتْرِ، وَرَكْعَتَيِ الْفَجْرِ»۔ (موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 259)

ترجمہ حضرت ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ مرسلاً روایت کرتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ عشاء اور فجر کی نماز کے درمیان تیرہ رکعت نماز پڑھتے تھے۔ اس میں آٹھ رکعت (نمازِ تہجد کے) نفل ہوتے تھے، تین رکعت وتر کی نماز کے ہوتے تھے اور دو رکعتیں فجر کی سنت ہوتی تھیں''۔

حدیث 4:۔أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، أَنَّ رَجُلًا تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا، فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا. فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ: «لَهَا صَدَاقُ مِثْلِهَا مِنْ نِسَائِهَا، لَا وَكْسَ، وَلَا شَطَطَ». فَلَمَّا قَضَى قَالَ: «فَإِنْ يَكُنْ صَوَابًا فَمِنَ اللهِ، وَإِنْ يَكُنْ خَطَأً فَمِنِّي، وَمِنَ

الشَّيْطَانِ، وَاللهُ وَرَسُولُهُ بَرِيئَانِ». فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: بَلَغَنَا أَنَّهُ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْأَشْجَعِيُّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «قَضَيْتَ وَالَّذِي يُحْلَفُ بِهِ بِقَضَاءِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ الْأَشْجَعِيَّةِ». قَالَ: فَفَرِحَ عَبْدُ اللهِ فَرْحَةً مَا فَرِحَ قَبْلَهَا مِثْلَهَا لِمُوَافَقَةِ قَوْلِهِ قَوْلَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ مَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ: «لَا يَكُونُ مِيرَاثٌ حَتَّى يَكُونَ قَبْلَهُ صَدَاقٌ». قَالَ مُحَمَّدٌ: «وَبِهَذَا نَأْخُذُ، وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ، وَالْعَامَّةِ مِنْ فُقَهَائِنَا»۔

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 544)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایک مرد نے ایک عورت سے شادی کی، اور اس کے لیے حق مہر مقرر نہ کیا۔ وہ مرد اس عورت کے ساتھ ہمبستری سے قبل ہی وفات پا گیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اس عورت کے لیے اس جیسی دوسری عورتوں کی طرح مہرِ مثل ہے، جس میں کسی قسم کی کمی بیشی نہ ہوگی''۔ پھر جب اس حکم کو بیان کیا تو فرمانے لگے: ''اگر اس مسئلہ کے بیان میں حق وصواب ہے، تو یہ اللہ کی طرف سے ہے، اور اگر اس میں کسی قسم کی غلطی ہے، تو یہ میری طرف سے ہے، اور شیطان کی طرف سے ہے۔ اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس سے بری ہیں''۔ تو اُن کی مجلس میں ایک شخص، جو صحابیِ رسول تھے، جس کا نام حضرت مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْأَشْجَعِيُّ رضی اللہ عنہ تھا، فرمانے لگے: ''اس بارے میں قسم کہی جاسکتی ہے، آپ رضی اللہ عنہ نے جو مسئلہ بیان کیا ہے وہ وہی ہے جو آپ ﷺ نے حضرت بَرْوَعُ بِنْتُ وَاشِقٍ الْأَشْجَعِيَّةُ رضی اللہ عنہا کے بارے میں کیا تھا۔ یہ سُن کر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اتنا خوش ہوئے کہ اس سے پہلے کبھی نہ ہوئے تھے، اس وجہ سے کہ اُن کا قول رسول اللہ ﷺ کے قول کے موافق تھا۔ حضرت مسروق الاجدع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''اس عورت کے مہر ادا کرنے سے پہلے میراث تقسیم نہ ہوگی''۔ حضرت محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''ہم بھی اسی قول کو لیتے ہیں، یہی قول حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور ہمارے عام فقہاء

کا ہے‘‘۔

حدیث 5:۔أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهُ أُهْدِيَ لَهَا ضَبٌّ، فَأَتَاهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَسَأَلَتْهُ عَنْ أَكْلِهِ فَنَهَاهَا عَنْهُ". فَجَاءَتْ سَائِلَةٌ فَأَرَادَتْ أَنْ تُطْعِمَهَا إِيَّاهُ. فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "أَتُطْعِمِينَهَا مِمَّا لَا تَأْكُلِينَ؟"۔

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 647)

ترجمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اُن کے پاس ایک گوہ ہدیہ کی گئی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُس کے کھانے کے متعلق سوال کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کے کھانے سے منع کر دیا۔ پھر ایک سوال کرنے والی عورت آئی، تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس کو کھلانے کا ارادہ کیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ’’کیا تُو اس کو وہ کھانا کھلائے گی، جو تُو خود نہیں کھاتی‘‘۔

2 ’’موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني،‘‘ میں

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 6 موقوف احادیث

حدیث 1:۔قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ رحمه الله، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضى الله عنه فِي مَسِّ الذَّكَرِ، قَالَ: "مَا أُبَالِي مَسَسْتُهُ، أَوْ طَرَفَ أَنْفِي"۔

(موطأ مالك رواية محمد بن الحسن الشيباني (مالك بن أنس) رقم 18)

ترجمہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”میں اپنی شرمگاہ اور ناک کے چھونے میں کوئی فرق نہیں سمجھتا“۔

حدیث 2:۔قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ سُئِلَ عَنِ الْوُضُوءِ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ؟ فَقَالَ: "إِنْ كَانَ نَجِسًا فَاقْطَعْهُ"۔ (موطأ مالك رواية محمد بن الحسن الشيباني (مالك بن أنس) رقم 19)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے شرمگاہ کو چھونے سے وضو کے بارے میں سوال کیا گیا (کہ شرمگاہ کو چھونے سے وضو باقی رہتا ہے کہ نہیں؟)۔ انھوں نے فرمایا: ”اگر یہ (شرمگاہ) نجس (ناپاک) ہے، تو اسے کاٹ ڈالو“۔

حدیث 3:۔قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، قَالَ: "كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يُصَلِّي التَّطَوُّعَ عَلَى رَاحِلَتِهِ أَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ، فَإِذَا كَانَتِ الْفَرِيضَةِ، أَوِ الْوِتْرِ نَزَلَ فَصَلَّى"۔

(موطأ مالك رواية محمد بن الحسن الشيباني (مالك بن أنس) رقم 210)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نفلی نماز اپنی سواری پر پڑھ لیا کرتے تھے، جس طرف بھی اُن کا رُخ ہوتا، مگر جب فرض یا وتر ہوتے، تو اپنی سواری سے اُتر کر پڑھتے تھے۔

حدیث 4:۔قَالَ مُحَمَّدٌ: أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضى الله عنه، أَنَّهُ قَالَ: "مَا أُحِبُّ أَنِّي تَرَكْتُ الْوِتْرَ بِثَلَاثٍ، وَإِنَّ لِي حُمْرَ النَّعَمِ"۔

(موطأ مالك رواية محمد بن الحسن الشيباني (مالك بن أنس) رقم 260)

ترجمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”میں وتر کی تین رکعتیں سرخ اونٹوں کے بدلے میں بھی ترک کرنا پسند نہیں کرتا“۔

حدیث 5:۔أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ رَجُلا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ، ثُمَّ تَرَكَهَا حَتَّى انْقَطَعَ دَمُهَا مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ وَدَخَلَتْ مُغْتَسَلَهَا، وَأَدْنَتْ مَاءَهَا، فَأَتَاهَا فَقَالَ لَهَا: "قَدْ رَاجَعْتُكِ"۔ فَسَأَلَتْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ ذٰلِكَ وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ. فَقَالَ عُمَرُ: "قُلْ فِيهَا بِرَأْيِكَ"۔ فَقَالَ: "أُرَاهُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ! أَحَقَّ بِرَجْعَتِهَا مَا لَمْ تَغْتَسِلْ مِنْ حَيْضَتِهَا الثَّالِثَةِ"۔ فَقَالَ عُمَرُ رضى الله عنه: "وَأَنَا أَرَى ذٰلِكَ"۔ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ: "كُنَيْفٌ مُلِئَ عِلْمًا"۔

(موطأ مالك رواية محمد بن الحسن الشيباني (مالك بن أنس) رقم 607)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی، پھر اُسے چھوڑ دیا حتی کہ جب اس کے تیسرے حیض کا خون ختم ہوگیا، تو وہ (غسل کی غرض سے) غسل خانہ میں داخل ہوئی۔ وہ پانی کے قریب پہنچی ہی تھی کہ اُس کے خاوند نے آ کر کہا: "میں نے تجھ سے رجوع کیا"۔ اس عورت نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں پوچھا۔ اس وقت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی اُن کے پاس موجود تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا: "آپ رضی اللہ عنہ کی کیا رائے ہے؟"۔ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اے امیر المؤمنین! شوہر کو رجوع کرنے کا حق ہے جب تک مطلقہ عورت تیسرے حیض کا غسل نہ کرلے"۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اس بارے میں میری بھی یہی رائے ہے"۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ علم کا بھرا ہوا برتن ہیں"۔

حدیث 6:۔ قَالَ مُحَمَّدٌ: أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ طَلَاقًا يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ فَحَاضَتْ حَيْضَةً، أَوْ حَيْضَتَيْنِ، ثُمَّ ارْتَفَعَ حَيْضُهَا عَنْهَا ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا، ثُمَّ مَاتَتْ فَسَأَلَ عَلْقَمَةُ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُودٍ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: "هٰذِهِ امْرَأَةٌ حَبَسَ اللهُ عَلَيْكَ مِيرَاثَهَا فَكُلْهُ"۔

(موطأ مالك رواية محمد بن الحسن الشيباني (مالك بن أنس) رقم 612)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت علقمہ بن قیس رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 83ھ) نے اپنی عورت (بیوی) کو طلاق رجعی دی۔ (طلاق دینے کے بعد) اس عورت کو ایک یا دو بار حیض آیا۔ پھر اٹھارہ مہینے حیض نہ آیا، اور وہ عورت فوت ہوگئی۔ تو علقمہ بن قیس رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا۔ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی میراث تیرے لیے روک دی ہے۔ تم اسے کھاؤ (یعنی وہ عورت تمہارے نکاح سے نہیں نکلی۔ لہٰذا اس کی میراث پر تمہارا بھی حق ہے)"۔

3 امام محمد بن ادریس الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 204ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 کتاب الأم للشافعیؒ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 30 احادیث

نمبر شمار	عنوان: کتاب/باب	تعداد	الأم للشافعي
1	بَابُ الْمُضَارَبَةِ	3	ج7ص114
2	بَابُ السَّلَمِ	1	ج7ص114
3	بَابُ الشُّفْعَةِ	1	ج7ص117
4	بَابُ الْمَوَارِيثِ	2	ج7ص137، 139
5	بَابُ صَلَاةِ الْخَوْفِ	2	ج7ص149
6	بَابُ الزَّكَاةِ	1	ج7ص151
7	بَابُ الصِّيَامِ	2	ج7ص153
8	بَابُ الدِّيَاتِ	1	ج7ص158
9	بَابُ الطَّلَاقِ	1	ج7ص166
10	كِتَابُ الرَّدِّ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ: بَابُ الدِّيَاتِ	1	ج7ص323
11	فِي عَقْلِ الْمَرْأَةِ	3	ج7ص329
12	بَابُ مَا لَا يَجِبُ فِيهِ أَرْشٌ مَعْلُومٌ	1	ج7ص333
13	بَابُ دِيَةِ الْأَضْرَاسِ	1	ج7ص334
14	بَابُ دِيَةِ أَهْلِ الذِّمَّةِ	2	ج7ص339
15	بَابُ الْعَقْلِ عَلَى الرَّجُلِ خَاصَّةً	1	ج7ص345

16	بَابُ مِيرَاثِ الْقَاتِلِ	1	ج7ص347
17	بَابُ قَتْلِ الْغِيلَةِ وَغَيْرِهَا وَعَفْوِ الْأَوْلِيَاءِ	2	ج7ص349
18	بَابُ الْقَوَدِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ	1	ج7ص351
19	سُهْمَانُ الْخَيْلِ	3	ج7ص365

2 الاُم للشافعیؒ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی مرفوع حدیث کی تفصیل

حدیث 1:۔أَبُو حَنِيفَةَ عَنْ أَبِي أُمَيَّةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، أَوْ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ"۔

(الأم للشافعی ج7 ص117؛ الآثار لابی یوسف رقم 767) (عن ابی رافعؓ: بخاری رقم 2258، 6977، 6978، 6980، 6981؛ نسائی رقم 4702؛ ابوداؤد رقم 3516؛ ابن ماجہ رقم 2495؛؛ مسند احمد رقم 23871، 27180؛ ابن حبان رقم 5180، 5181، 5183؛؛؛)

ترجمہ حضرت مِسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ یا حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''ہمسائے کو شفعہ کا زیادہ حق ہے''۔

4 امام عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 211ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 مصنف عبدالرزاق میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 77 احادیث

نمبر شمار	عنوان: کتاب/باب	تعداد	رقم الحدیث
1	بَابُ نَزْعِ الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْمَسْحِ	1	812
2	بَابُ السَّدْلِ	2	1415، 1421

3	بَابُ خُرْءِ الدَّجَاجِ وَطِينِ الْمَطَرِ	1	1474
4	بَابُ الرَّجُلِ يُصَلِّي فِي الْمِصْرِ بِغَيْرِ إِقَامَةٍ	1	1961
5	بَابُ كَيْفَ الْقِرَاءَةُ فِي الصَّلَاةِ، وَهَلْ يُقْرَأُ بِبَعْضِ السُّوَرِ؟	1	2658
6	بَابُ قِرَاءَةِ السُّوَرِ فِي الرَّكْعَةِ	1	2850
7	بَابُ إِذَا اجْتَمَعَ السَّهْوُ وَالتَّكْبِيرُ فِي أَيَّامِ التَّشْرِيقِ	1	3539
8	بَابُ: فِي كَمْ يَقْصُرُ الصَّلَاةَ	1	4304
9	بَابُ: الْمُسَافِرِ مَتَى يَقْصُرُ إِذَا خَرَجَ مُسَافِرًا؟	1	4326
10	بَابُ الْمُسَافِرِ يَدْخُلُ فِي صَلَاةِ الْمُقِيمِينَ، وَمَنْ نَسِيَ صَلَاةَ الْحَضَرِ فَذَكَرَ فِي السَّفَرِ	1	4383
11	بَابُ الْأَكْلِ قَبْلَ الصَّلَاةِ	1	5738
12	بَابُ إِذَا سَمِعْتَ السَّجْدَةَ وَأَنْتَ تُصَلِّي وَفِي كَمْ يُقْرَأُ الْقُرْآنُ	1	5953
13	بَابُ الْخَضِرِ	1	7195
14	بَابُ الرَّجُلِ يَتَمَضْمَضُ وَيَسْتَنْشِقُ صَائِمًا فَيَدْخُلُ الْمَاءُ جَوْفَهُ	1	7382
15	بَابُ مَنْ يُبْطِلُ الصِّيَامَ، وَمَنْ يَأْكُلُ فِي رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا	1	7471
16	بَابُ بَيْضِ النَّعَامِ	1	8303
17	بَابُ الصَّيْدِ يُقْطَعُ بَعْضُهُ	1	8471
18	بَابُ الْجَارِحِ يَأْكُلُ	1	8514

19	بَابُ فَضْلِ الْحَجِّ	1	8821
20	بَابُ كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطَلِّقُ؟	1	10657
21	بَابُ الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ فِي مَرَضِهِ	1	10667
22	بَابُ: ﴿وَرَبَائِبُكُمُ﴾ [النساء: 23]	1	10832
23	بَابُ مَا يُحَرِّمُ الْأَمَةَ وَالْحُرَّةَ	1	10850
24	بَابُ وَجْهِ الطَّلَاقِ، وَهُوَ طَلَاقُ الْعِدَّةِ وَالسُّنَّةِ	1	10921
25	بَابُ تَعْتَدُّ إِذَا طَلَّقَهَا عِنْدَ كُلِّ حَيْضَةٍ	1	10939
26	بَابُ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ الْمَرْأَةَ ثُمَّ يُرَاجِعُهَا فِي عِدَّتِهَا ثُمَّ يُطَلِّقُهَا مِنْ أَيِّ يَوْمٍ تَعْتَدُّ	1	10946
27	بَابُ الْمَرْأَةِ يَحْسَبُونَ أَنْ يَكُونَ الْحَيْضُ قَدْ أَدْبَرَ عَنْهَا	1	11099
28	بَابُ تَعْتَدُّ أَقْرَاءَهَا مَا كَانَتْ	1	11106
29	بَابُ الْبَتَّةِ، وَالْخَلِيَّةِ	1	11194
30	بَابُ طَلَاقٍ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى	1	11327
31	بَابُ الرَّجُلِ يُؤْلِي وَلَمْ يَدْخُلْ	1	11673
32	بَابُ الْمُطَلَّقَةِ يَمُوتُ عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ فِي عِدَّتِهَا أَوْ تَمُوتُ فِي الْعِدَّةِ	1	11731
33	بَابُ: مُتْعَةُ الْمُطَلَّقَةِ	2	12229، 12230
34	بَابُ الْمُوهَبَاتِ	1	12275
35	بَابُ: الَّتِي لَا تَعْلَمُ مَهْلِكَ زَوْجِهَا	1	12334
36	بَابُ الرَّجُلِ يَغِيبُ عَنِ امْرَأَتِهِ فَلَا يُنْفِقُ عَلَيْهَا	1	12350

37	بَابُ: الَّذِي يُكَذِّبُ نَفْسَهُ قَبْلَ أَنْ يَفْرُغَ مِنَ اللِّعَانِ	1	12427
38	بَابُ: لَا يَجْتَمِعُ الْمُتَلَاعِنَانِ أَبَدًا	1	12441
39	بَابُ الْعَزْلِ	1	12568
40	بَابُ: الرَّجُلُ يَزْنِي بِامْرَأَةٍ، ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا	1	12799
41	بَابُ الْبِكْرِ	1	13313
42	بَابُ النَّفْيِ	2	13319، 13327
43	بَابُ الْأَمَةِ فِيهَا شُرَكَاءُ يُصِيبُهَا بَعْضُهُمْ	1	13462
44	بَابُ النَّفَرِ يَقَعُونَ عَلَى الْمَرْأَةِ فِي طُهْرٍ وَاحِدٍ	1	13474
45	بَابُ الرَّجُلُ يَقْذِفُ الْآخَرَ، أَيُّهُمَا يُسْأَلُ الْبَيِّنَةَ	1	13696
46	بَابُ اللَّقِيطِ	1	13844
47	بَابُ: الْكُفَلَاءُ	1	14770
48	بَابُ: الرَّجُلُ يَكْتَرِي عَلَى الشَّيْءِ الْمَجْهُولِ، وَهَلْ يَجُوزُ الْكِرَاءُ أَوْ يَأْخُذُ مِثْلَهُ مِنْهُ؟	1	14939
49	بَابُ: الْحَبْسُ فِي الدَّيْنِ	1	15314
50	بَابُ: الشَّرْطُ عَلَى الْمُكَاتَبِ	2	15614، 15623
51	بَابُ: إِفْلَاسُ الْمُكَاتَبِ	1	15750
52	بَابُ وَلَاءِ اللَّقِيطِ	1	16188
53	وَصِيَّةُ الْحَامِلِ وَالرَّجُلُ يَسْتَأْذِنُ وَرَثَتَهُ فِي الْوَصِيَّةِ	1	16454

54	بَابُ الْعَبْدِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ يَشْهَدُ أَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ بِالْعِتْقِ	1	16778
55	بَابُ الْعِتْقِ بِالشَّرْطِ	2	16794،16788
56	بَابُ أَسْنَانِ الصَّبِيِّ الَّذِي لَمْ يُثْغِرْ	1	17536
57	بَابُ الْجَائِفَةِ	1	17627
58	بَابُ الذَّكَرِ	1	17645
59	بَابُ الْيَدِ الشَّلَّاءِ	1	17717
60	بَابٌ لَيْسَ لِلْقَاتِلِ مِيرَاثٌ	1	17793
61	بَابُ عُقُوبَةِ الْقَاتِلِ	1	17815
62	بَابُ الَّذِي يَأْمُرُ عَبْدَهُ فَيَقْتُلُ رَجُلًا	1	17890
63	بَابُ مَنِ اسْتَعَانَ عَبْدًا أَوْ حُرًّا	1	17901
64	بَابُ الْمَرْأَةِ تُقْتَلُ بِالرَّجُلِ	1	17982
65	بَابٌ لَا قَوَدَ بَيْنَ الْحُرِّ وَالْعَبْدِ	1	18061
66	بَابُ قَتْلِ الرَّجُلِ الْحُرِّ عَبْدًا وَالْعَبْدِ حُرًّا	1	18119،18106
67	بَابُ الْحُرِّ يَقْتُلُ الْعَبْدَ عَمْدًا	1	18135
68	بَابُ جِرَاحَاتِ الْعَبْدِ	1	18168
69	بَابُ دِيَةِ الْمَجُوسِيِّ	1	18494
70	بَابُ قَوَدِ الْمُسْلِمِ بِالذِّمِّيِّ	1	18517
71	بَابُ الْمُشْرِكِ يَتَحَوَّلُ مِنْ دِينٍ إِلَى دِينٍ هَلْ يُتْرَكُ	1	19229

(المصنف۔المؤلف: أبو بكر عبد الرزاق بن همام الصنعانی (126-211ھ)۔ المحقق: حبیب الرحمن الأعظمی۔الناشر: المجلس العلمی- الهند، توزیع

المکتب الإسلامی - بیروت۔الطبعة: الثانية، 1403 ھ - 1983ء۔عدد الأجزاء:12)

2 مصنف عبدالرزاق میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 6 احادیث کی تفصیل

حدیث 1:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ قَالَ: "مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ سَدَلَ ثَوْبَهُ وَهُوَ يُصَلِّي فَعَطَفَ ثَوْبَهُ عَلَيْهِ".

(مصنف عبدالرزاق رقم 1415)(عن ابن مسعودؓ: سنن کبریٰ بیہقی رقم 3311؛ عن ابی جحیفہؓ: معجم اوسط طبرانی رقم 6164؛ معجم صغیر طبرانی رقم 867؛ معجم کبیر طبرانی 22/(رقم 283)؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 3312)

ترجمہ: حضرت علی بن الاقمر رحمۃ اللہ علیہ مرسلاً روایت کرتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شخص کے پاس سے گزرے، جس نے نماز میں اپنا کپڑا (زمین تک) لٹکایا ہوا تھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا کپڑا اس پر ڈال دیا تھا۔

حدیث 2:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: صَلَّى بِأَصْحَابِهِ فِي دَارِهِ بِغَيْرِ إِقَامَةٍ۔ وَقَالَ: "إِقَامَةُ الْمِصْرِ تَكْفِي"۔

(المصنف-عبدالرزاق-ت الأعظمی رقم 1961)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنے گھر میں اقامت کے بغیر نماز پڑھائی، اور فرمایا: "شہر میں کہی گئی اقامت کفایت کرجاتی ہے"۔

حدیث 3:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، قَالَ: سَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ، وَسَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ: "فِي كَمْ تَقْصُرُ الصَّلَاةَ؟"۔ فَقَالَا: "فِي مَسِيرَةِ ثَلَاثَةٍ"۔

(المصنف-عبدالرزاق-ت الأعظمی رقم 4304)

ترجمہ: حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ اور سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا: "کتنے سفر میں نماز قصر کیا جائے؟"۔ دونوں نے فرمایا: "تین دنوں کی مسافت میں"۔

حدیث 4:۔عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: "إِذَا تُوُفِّيَ الرَّجُلُ وَامْرَأَتُهُ حَامِلٌ، فَأَجَلُهَا أَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا"۔ وَذَكَرَ أَنَّ سُبَيْعَةَ وَلَدَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِعِشْرِينَ، أَوْ قَالَ: لِسَبْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً فَأَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَنْكِحَ۔

(مصنف عبدالرزاق رقم 11731)(عن مسور بن مخرمة رضی اللہ عنہ: بخاری رقم 5320؛ مؤطا مالک رقم 2190/524؛ مسند الشافعی ترتیب سنجر رقم 1303؛ مسند احمد رقم 18917، 18918، 18919؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 5669؛ سنن نسائی رقم 3506، 3507؛ ابن ماجہ رقم 2029؛ ابن حبان رقم 4298؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 15282؛ عن أم سلمة رضی اللہ عنہا: مسلم رقم 57-1485؛ مستخرج ابی عوانة رقم 4646؛ مصنف عبدالرزاق رقم 11726؛ معجم کبیر طبرانی 23/(رقم 549)؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 15467)

ترجمہ: حضرت ابرہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''جب کوئی شخص فوت ہو جائے اور اس کی بیوی حاملہ ہو، تو اس کی عدت وضعِ حمل ہے۔ حضرت سُبَیْعَۃُ رضی اللہ عنہا صحابیہ کے ہاں اُن کے شوہر کی وفات پا جانے کے بیس یا سترہ بعد بچے کی ولادت ہوئی، تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں نکاح کرنے کا حکم دیا''۔

حدیث 5: ۔عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ أَوْ أَبِي الْهَيْثَمِ شَكَّ أَبُو بَكْرٍ: "أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَ سَوْدَةَ تَطْلِيقَةً، فَجَلَسَتْ لَهُ فِي طَرِيقِهِ. فَلَمَّا مَرَّ سَأَلَتْهُ الرَّجْعَةَ، وَأَنْ تَهَبَ قَسْمَهَا مِنْهُ لِأَيِّ أَزْوَاجِهِ شَاءَ، رَجَاءَ أَنْ تُبْعَثَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ زَوْجَتَهُ، فَرَاجَعَهَا وَقَبِلَ ذٰلِكَ"۔

(مصنف عبدالرزاق رقم 10657؛ معجم کبیر طبرانی 24/(رقم 87)(سنن کبریٰ بیہقی رقم 13435)

ترجمہ: حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ یا ابوالہیثم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دی، تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملنے کی خاطر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راستے میں بیٹھ گئیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں سے گزرے، تو انھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رجوع کا سوال کیا اور اپنی باری کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش کے مطابق دیگر ازواج رضی اللہ عنہن پر ہبہ کر دیا، اس امید پر کہ وہ قیامت کے دن زوجۂ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُٹھائی جائیں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے رجوع کر لیا اور ان کی پیشکش قبول کر لی''۔

حدیث 6: ۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: "إِذَا أَرَادَ الرَّجُلُ أَنْ يُطَلِّقَ امْرَأَتَهُ فَلْيُطَلِّقْهَا حِينَ تَطْهُرُ مِنْ حَيْضِهَا تَطْلِيقَةً فِي

غَيْرِ جِمَاعٍ، ثُمَّ يَتْرُكُهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا. فَإِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللهُ، وَكَانَ خَاطِبًا مِنَ الْخُطَّابِ. فَإِنْ هُوَ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا ثَلَاثَ تَطْلِيقَاتٍ فَلْيُطَلِّقْهَا عِنْدَ كُلِّ حَيْضَةٍ تَطْهُرُ مِنْهَا تَطْلِيقَةً فِي غَيْرِ جِمَاعٍ، فَإِنْ كَانَتْ قَدْ يَئِسَتْ مِنَ الْمَحِيضِ فَلْيُطَلِّقْهَا عِنْدَ كُلِّ هِلَالٍ تَطْلِيقَةً"۔

(المصنف-عبدالرزاق-ت الأعظمی رقم 10921)

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جب کوئی آدمی اپنی بیوی کو طلاق دینے کا ارادہ کرے، تو اسے چاہیے کہ وہ اس وقت طلاق دے جس وقت اس کی بیوی حیض سے پاک ہو، ایک طلاق دے، (اس پاکی کے زمانہ میں) جس میں اس آدمی نے اپنی بیوی سے جماع (ہمبستری) نہ کی ہو۔ پھر اس عورت کو چھوڑ دے یہاں تک کہ اس عورت کی عدت پوری ہو جائے۔ پس جب (اس آدمی نے) اس طرح سے کیا، تو تحقیق اس آدمی نے (ایسے طریقہ سے) طلاق دی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حکم دیا ہے۔ اور بعد میں بھی وہ اس عورت کو شادی کا پیغام بھیج سکتا ہے۔ (لیکن) جب اس آدمی نے ارداہ کیا کہ وہ اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے گا، تو پھر اسے چاہیے کہ ہر حیض کے (ختم ہونے کے) وقت جب وہ عورت اس حیض سے پاک ہو، تو (اس پاکی) میں بغیر جماع (ہمبستری) کیے ایک طلاق دے۔ اگر وہ عورت ایسی ہے کہ حیض سے مایوس ہو چکی ہو (یعنی اسے حیض نہیں آتا) تو پھر اسے چاہیے کہ وہ ہر (پہلی کا) چاند دیکھنے پر ایک طلاق دے (یعنی ہر چاند والے مہینہ کی پہلی تاریخ کو ایک طلاق دے)۔

5 امام محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 230ھ) کی روایت کردہ حدیث

1 ابنِ سعد رحمہ اللہ کی ''الطبقات الکبریٰ'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1: ۔قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْهَيْثَمِ أَبُو قَطَنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: "كَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى لِحْيَةِ أَبِي

قُحَافَةَ كَأَنَّهَا ضِرَامُ عَرْفَجٍ".

(طبقات ابن سعد ج 6 ص 9؛ مستدرک حاکم رقم 5070؛ أخبار أبي حنيفة وأصحابه ص 19؛ تعجيل المنفعة بزوائد رجال الأئمة الأربعة رقم 1181)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (انھوں نے فتحِ مکہ کے دن حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر) فرمایا: "میں حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کی داڑھی ایسے دیکھ رہا ہوں گویا وہ (خضاب کے باعث شدید سرخی کی وجہ سے) عرفج درخت سے پھوٹنے والے شعلہ کی مانند جھاڑی ہو"۔

6 امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 235ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 مصنف ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 42 احادیث

نمبر شمار	عنوان: کتاب/باب	تعداد	رقم الحدیث
1	بَابُ: فِي التَّيَمُّمِ كَمْ يُصَلَّى بِهِ مِنْ صَلَاةٍ	1	1698
2	بَابُ: مَنْ قَالَ: إِذَا أَدْرَكَهُمْ جُلُوسًا، صَلَّى رَكْعَتَيْنِ	1	5358
3	بَابُ: فِي الرَّجُلِ تَفُوتُهُ الرَّكْعَةُ أَيَّامَ التَّشْرِيقِ، كَيْفَ يَصْنَعُ؟	1	5826
4	بَابُ: فِي الرَّجُلِ يُصَلِّي وَحْدَهُ يُكَبِّرُ أَمْ لَا؟	1	5831
5	بَابُ: مَنْ رَخَّصَ فِي إِمَامَةِ وَلَدِ الزِّنَا	1	6092
6	بَابُ: فِي الْمُؤَذِّنِ يُصَلِّي فِي الْمِئْذَنَةِ	1	6166
7	بَابُ: فِي الْمَرْأَةِ تَحِيضُ فِي رَمَضَانَ أَوَّلَ النَّهَارِ	1	9342

8	بَابُ: فِي الْمُسَافِرِ يَقْدَمُ أَوَّلَ النَّهَارِ مِنْ رَمَضَانَ	1	9345
9	بَابُ: مَا قَالُوا فِي الصَّائِمِ يَتَوَضَّأُ فَيَدْخُلُ الْمَاءُ حَلْقَهُ	1	9487
10	بَابُ: فِي كُلِّ شَيْءٍ أَخْرَجَتِ الْأَرْضُ زَكَاةٌ	1	10030
11	بَابُ: مَنْ قَالَ: لَا يَجْتَمِعُ خَرَاجٌ وَعُشْرٌ عَلَى أَرْضٍ	1	10610
12	بَابُ: مَا قَالُوا فِي الْمَاءِ الْمُسَخَّنِ يُغَسَّلُ بِهِ الْمَيِّتُ	1	10944
13	بَابُ: فِي الْمَرْجُومَةِ تُغَسَّلُ أَمْ لَا	1	11014
14	بَابُ: فِي عِتْقِ الْمُدَبَّرِ فِي الْكَفَّارَاتِ	1	12258
15	بَابُ: فِي الْمُكَاتَبَةِ تُجْزِئُ أَوْ وَلَدُهَا؟	1	12269
16	بَابُ: فِي رَجُلٍ صَامَ فِي ظِهَارٍ، ثُمَّ جَامَعَ	1	12396
17	بَابُ: فِي الرَّجُلَيْنِ يَجْتَمِعَانِ عَلَى قَتْلِ رَجُلٍ	1	12465
18	بَابُ: فِي الْمُحْرِمِ يَقُصُّ ظُفُرَهُ، وَيُنْبِطُ الْجُرْحَ	1	12761
19	بَابُ: فِيمَا يَتَدَاوَى الْمُحْرِمُ وَمَا ذُكِرَ فِيهِ	1	12935
20	بَابُ: مَنْ كَانَ يَرْمُلُ مِنَ الْحَجَرِ إِلَى الْحَجَرِ	1	14894
21	بَابُ: الْيَتِيمَةُ تُزَوَّجُ وَهِيَ صَغِيرَةٌ، مَنْ قَالَ: لَهَا الْخِيَارُ	1	16006
22	بَابُ: فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: {نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ} [البقرة: 223]	1	16676
23	بَابُ: مَا قَالُوا فِي الزَّانِي، كَيْفَ يَكُونُ عَلَيْهِ عُقْرٌ؟	1	17311

24	بَابُ: مَا قَالُوا فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْأَمَةَ وَالْحُرَّةَ فِي عُقْدَةٍ	1	17486
25	بَابُ: مَنْ أَجَازَ طَلَاقَ السَّكْرَانِ	1	17972
26	بَابُ: مَنْ قَالَ: اللِّعَانُ تَطْلِيقَةٌ	1	18374
27	بَابُ: مَنْ كَرِهَ أَنْ يَأْخُذَ مِنَ الْمُخْتَلِعَةِ أَكْثَرَ مِمَّا أَعْطَاهَا	1	18523
28	بَابُ: مَا تَجُوزُ فِيهِ شَهَادَةُ النِّسَاءِ	1	20716
29	بَابُ: فِي ثَمَنِ السِّنَّوْرِ	1	21508
30	بَابُ: الرَّجُلُ يَصْرِفُ الدَّنَانِيرَ فَيُعْطِي الدِّرْهَمَ الزَّيْفَ مَنْ قَالَ: لَا بَأْسَ أَنْ يَسْتَبْدِلَهُ	1	23404
31	بَابُ: فِي نَقِيعِ الزَّبِيبِ وَنَبِيذِ الْعِنَبِ	1	23843
32	بَابُ: فِي وَاصِلَةِ الشَّعْرِ بِالشَّعْرِ	1	25233
33	بَابُ: فِي الرَّجُلِ يَجْلِسُ إِلَى الرَّجُلِ قَبْلَ أَنْ يَسْتَأْذِنَهُ	1	25669
34	بَابُ: مَنْ قَالَ: أَصَابِعُ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ سَوَاءٌ	1	27008
35	بَابُ: فِي لِسَانِ الْأَخْرَسِ وَذَكَرِ الْعِنِّينِ	1	27151
36	بَابُ: التَّغْلِيظُ فِي الدِّيَةِ	1	28030
37	بَابُ: فِي الرَّجُلِ يَقُولُ لِامْرَأَتِهِ: لَمْ أَجِدْكِ عَذْرَاءَ	1	28314
38	بَابُ: مَنْ قَالَ: لَا حَدَّ عَلَى مَنْ أَتَى بَهِيمَةً	1	28507
39	بَابُ: فِي الْمُرْتَدَّةِ مَا يُصْنَعُ بِهَا؟	1	28994

40	بَابُ: فِي حُسْنِ الصَّوْتِ بِالْقُرْآنِ	1	29941
41	بَابُ: مَا قَالُوا فِي الْمُرْتَدَّةِ عَنِ الْإِسْلَامِ	1	32773
42	بَابُ: كَلَامُ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ	1	34546

(الكتاب المصنف فی الأحاديث والآثار۔ المؤلف: أبو بكر بن أبی شيبة، عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن عثمان بن خواستی العبسی (المتوفی: 235ھ)۔ الناشر: مكتبة الرشد- الرياض۔ الطبعة: الأولى، 1409۔ عدد الأجزاء: 7)

2 مصنف ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 2 مرفوع احادیث

حدیث 1:۔ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا رُجِمَ مَاعِزٌ، قَالُوا: "يَا رَسُولَ اللهِ! مَا يُصْنَعُ بِهِ؟"۔ قَالَ: "اصْنَعُوا بِهِ مَا تَصْنَعُونَ بِمَوْتَاكُمْ مِنَ الْغُسْلِ، وَالْكَفَنِ، وَالْحَنُوطِ، وَالصَّلَاةِ عَلَيْهِ"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 11014؛ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ: الآثار لابی یوسف رقم 719؛ عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، الخ۔۔: مسند أبی حنيفة رواية الحصكفی، كتاب الحدود، رقم 5؛ نصب الرایۃ ج 3 ص 321؛ الدرایۃ فی تخریج احادیث الہدایۃ ج 2 ص 97؛ عمدۃ القاری ج 20 ص 259؛ مرقاۃ المفاتیح ج 6 ص 2338)

ترجمہ حضرت مرشد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جس وقت حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو رجم کیا گیا، تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! اب اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟"۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "اس کے ساتھ وہی سلوک کرو جو تم اپنے اپنے بقیہ فوت شدگان کے لیے: غسل، کفن، خوشبو اور نمازِ جنازہ کا اہتمام کرتے ہو"۔

حدیث 2:۔ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: "مَا جَلَسَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدٌ فَقَامَ حَتَّى يَقُومَ"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 25669؛ مسند الإمام أبی حنيفة رواية أبی نعيم ص 50)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''جب بھی کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھتا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (اُس کی خاطرداری کے لیے) اس وقت تک قیام فرما نہ ہوتے، جب تک کہ وہ اُٹھ نہ جاتا''۔

3 مسند ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی مرفوع حدیث

حدیث 1:۔نا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "أَفْضَلُ الْحَجِّ: الْعَجُّ وَالثَّجُّ"، فَأَمَّا الْعَجُّ: فَالتَّلْبِيَةُ، وَأَمَّا الثَّجُّ، فَنَحْرُ الدِّمَاءِ

(مسند ابن أبي شيبة، ج1 ص224 رقم 330۔ المؤلف: أبو بكر بن أبي شيبة، عبد الله بن محمد بن إبراهيم بن عثمان بن خواستي العبسي (المتوفى: 235ھ)۔ الناشر: دار الوطن - الرياض۔ الطبعة: الأولى، 1997م۔ عدد الأجزاء: 2)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''افضل حج: ''الْعَجُّ وَالثَّجُّ'' ہے۔ ''الْعَجُّ'' کا مطلب بآوازِ بلند تلبیہ پڑھنا، اور ''الثَّجُّ'' کا مطلب قربانی کا خون بہانا ہے۔

4 مصنف ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 9 موقوف احادیث

حدیث 1:۔حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ كَثِيرٍ الرَّمَّاحِ، عَنْ أَبِي ذِرَاعٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ قَوْلِهِ: {فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ} [البقرة: 223] قَالَ: "إِنْ شِئْتَ عَزَلًا، وَإِنْ شِئْتَ غَيْرَ عَزْلٍ"۔

(المصنف - ابن أبي شيبة - ت الحوت رقم 16676)

ترجمہ حضرت ابو ذِراع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے قرآن مجید کی اس آیت:

آیت 1:۔نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ (البقرۃ: 223)

ترجمہ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں۔ تمہیں اختیار ہے، جس طرح چاہو، اپنی کھیتی میں جاؤ۔

کے بارے میں سوال کیا۔ تو حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اس آیت سے مراد یہ ہے کہ اگر تم چاہو، تو عزل کرو، اور اگر چاہو، تو نہ کرو''۔

حدیث 2:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: نا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ عِمْرَانَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، "أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَأْخُذَ مِنْهَا أَكْثَرَ مِمَّا أَعْطَاهَا"۔

(المصنف - ابن أبي شيبة - ت الحوت رقم 18523)

ترجمہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''عورت سے خلع کرتے وقت مہر سے زیادہ معاوضہ لینا درست نہیں ہے''۔

حدیث 3:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ أُمِّ ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "لَا بَأْسَ بِالْوِصَالِ إِذَا كَانَ صُوفًا"۔

(المصنف - ابن أبي شيبة - ت الحوت رقم 25233)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''(بال) اون کے ذریعہ جوڑا جائے، تو اس میں کوئی حرج نہیں''۔

حدیث 4:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَمَّنْ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: "لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ إِنَّ الْعُذْرَةَ تَذْهَبُ مِنَ الْوَثْبَةِ وَالْحَيْضَةِ وَالْوُضُوءِ"۔

(المصنف - ابن أبي شيبة - ت الحوت رقم 28314)

ترجمہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''اس شخص پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی (جس نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں نے تجھے باکرہ نہیں پایا) اس لیے کہ بے شک بکارت اچھل کود، حیض اور وضو سے بھی زائل ہو جاتی ہے''۔

حدیث 5:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: "لَيْسَ عَلَى مَنْ أَتَى بَهِيمَةً حَدٌّ"۔

(المصنف - ابن أبي شيبة - ت الحوت رقم 28507)

ترجمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "جو شخص جانور سے وطی کرے، اس میں حد نہیں ہوگی"۔

حدیث 6:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، ووَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "لَا يُقْتَلْنَ النِّسَاءُ إِذَا هُنَّ ارْتَدَدْنَ عَنِ الْإِسْلَامِ، وَلَكِنْ يُحْبَسْنَ وَيُدْعَيْنَ إِلَى الْإِسْلَامِ فَيُجْبَرْنَ عَلَيْهِ"۔ (المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 28994)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "ان عورتوں کو قتل نہیں کیا جائے گا جو اسلام سے مرتد ہو جائیں، لیکن ان کو قید کیا جائے گا اور ان کو اسلام کی طرف بلایا جائے گا۔ پس اس پر انھیں مجبور کیا جائے گا"۔

حدیث 7:۔حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: "حَسِّنُوا أَصْوَاتَكُمْ بِالْقُرْآنِ"۔

(المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 29941)

ترجمہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "اپنی آوازوں کو قرآن کے ذریعہ سے خوبصورت بناؤ"۔

حدیث 8:۔حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَوَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "لَا تُقْتَلُ النِّسَاءُ إِذَا ارْتَدَدْنَ عَنِ الْإِسْلَامِ، وَلَكِنْ يُحْبَسْنَ وَيُدْعَيْنَ إِلَى الْإِسْلَامِ وَيُجْبَرْنَ عَلَيْهِ"۔

(المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 32773)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "ان عورتوں کو قتل نہیں کیا جائے گا جو اسلام سے مرتد ہو جائیں، لیکن ان کو قید کیا جائے گا اور ان کو اسلام کی طرف بلایا جائے گا۔ پس اس پر انھیں مجبور کیا جائے گا"۔

حدیث 9:۔أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، سَمِعَهُ مِنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: "يُعْرَضُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى ثَلَاثَةِ دَوَاوِينَ: دِيوَانٌ فِيهِ الْحَسَنَاتُ، وَدِيوَانٌ فِيهِ النَّعِيمُ، وَدِيوَانٌ فِيهِ السَّيِّئَاتُ، فَيُقَابَلُ

بِدِيوَانِ الْحَسَنَاتِ دِيوَانُ النَّعِيمِ، فَيَسْتَفْرِغُ النَّعِيمُ الْحَسَنَاتِ، وَتَبْقَى السَّيِّئَاتُ مَشِيئَتُهَا إِلَى اللهِ تَعَالَى، إِنْ شَاءَ عَذَّبَ، وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ"۔

(المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 34546)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "قیامت کے دن لوگوں کو تین رجسٹروں پر پیش کیا جائے گا: ایک رجسٹر میں نیکیاں، ایک میں انعاماتِ الٰہیہ اور ایک میں خطائیں لکھی ہوں گی۔ نعمتوں والے دیوان کو حسنات کے رجسٹر کے سامنے رکھا جائے گا۔ پس انعامات کو نیکیوں میں بدل دیا جائے گا، تو باقی سیئات بچ جائیں گی۔ وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت کے سپرد ہوں گی، چاہے وہ عذاب دے اور چاہے بخش دے"۔

5 مصنف ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 31 آثارِ تابعین

اثر 1:۔حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: "الْمُتَيَمِّمُ عَلَى تَيَمُّمِهِ مَا لَمْ يُحْدِثْ"۔

(المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 1698)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "تیمم کرنے والے کو جب تک حدث لاحق نہ ہو، اس کا تیمم باقی رہتا ہے"۔

اثر 2:۔حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: "يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ"۔ (المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 5358)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اگر کسی نے لوگوں کو جمعہ کی نماز میں آخری قعدہ میں بیٹھا ہوا پایا، تو وہ دو رکعتیں پڑھے"۔

اثر 3:۔حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: "إِذَا فَاتَتْكَ رَكْعَةٌ أَيَّامَ التَّشْرِيقِ، فَلَا تُكَبِّرْ حَتَّى تَقْضِيَهَا"۔

(المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 5826)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جب ایامِ تشریق میں تمہاری کوئی رکعت فوت

ہوجائے، تو رکعت پڑھنے تک تکبیرات نہ کہو“۔

اثر 4:۔حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: ”لَا يُكَبِّرُ إِلَّا أَنْ يُصَلِّيَ فِي جَمَاعَةٍ“۔ (المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 5831)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”(ایامِ تشریق میں) صرف جماعت کی نماز کے بعد تکبیرات کہی جائے گی“۔

اثر 5:۔حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَطَاءً: ”عَنْ وَلَدِ الزِّنَا يَؤُمُّ الْقَوْمَ“۔ فَقَالَ: ”لَا بَأْسَ بِهِ، أَلَيْسَ مِنْهُمْ مَنْ هُوَ أَكْثَرُ صَوْمًا وَصَلَاةً مِنَّا“۔ (مصنف ابن ابی شیبہ رقم 6092)

ترجمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: ”کیا کوئی ولد الزنا امامت کرا سکتا ہے؟“۔ انھوں نے فرمایا: ”اس میں کوئی حرج نہیں (کیونکہ وہ تو قصوروار نہیں)۔ کیا اُن میں ایسے نہیں ہوتے جو نماز و روزہ میں ہم سے بڑھ کر ہوں؟“۔

اثر 6:۔حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ صَلَاةِ الْمُؤَذِّنِينَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، بِصَلَاةِ الْإِمَامِ وَهُوَ أَسْفَلُ؟ قَالَ: ”يُجْزِيهِمْ“۔ (المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 6166)

ترجمہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے مؤذنین کے بارے میں سوال کیا: مؤذنین جمعہ کے دن مسجد کے اوپر امام کی اقتداء میں نماز پڑھ سکتے ہیں، اس حال میں کہ امام نیچے ہو؟“۔ تو انھوں نے فرمایا: ”جائز ہے“۔

اثر 7:۔حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، ”فِي الْحَائِضِ تَطْهُرُ، فَلَا تَأْكُلُ شَيْئًا كَرَاهَةَ أَنْ تُشْبِهَ الْمُشْرِكِينَ إِلَى اللَّيْلِ“۔ (المصنف-ابن أبي شيبة-ت الحوت رقم 9342)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اگر رمضان کے دن میں کوئی عورت حیض سے پاک ہوجائے، تو وہ مشرکین کی مشابہت سے بچنے کے لیے رات تک کچھ نہ کھائے“۔

اثر 8:۔حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ: ”فِي الْمُسَافِرِ يَقْدَمُ، وَقَدْ كَانَ أَكَلَ“۔ قَالَ: ”لَا يَأْكُلُ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ“۔ (مصنف ابن ابی شیبہ رقم 9345)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے ایسے مسافر کے بارے میں پوچھا گیا جو افطاری والے علاقہ سے روزہ والے علاقہ میں پہنچتا ہے، وہ کیا کرے؟“۔ انھوں نے فرمایا: ”وہ باقی دن کچھ نہ کھائے“۔

اثر 9:۔حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، ”فِي الصَّائِمِ يَتَوَضَّأُ فَيَدْخُلُ الْمَاءُ حَلْقَهُ مِنْ وُضُوئِهِ“۔ قَالَ: ”إِنْ كَانَ ذَاكِرًا لِصَوْمِهِ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ، وَإِنْ كَانَ نَاسِيًا فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ“۔ (مصنف ابن ابی شیبہ رقم 9487)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے ایسے روزہ دار کے متعلق پوچھا گیا جو وضو کے دوران وضو کا پانی حلق میں لے جائے؟“۔ انھوں نے فرمایا: ”اگر اسے روزہ یاد تھا تو اس پر قضا لازم ہے۔ اگر وہ بھول گیا تھا تو اس پر کوئی چیز نہیں“۔

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز میں ایک شخص نے سورت الاعلیٰ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى) کی تلاوت شروع کر دی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے، تو دریافت فرمایا: ''تم میں سے کس نے سورت الاعلیٰ کی تلاوت کی تھی''۔ سب لوگ خاموش رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ اُن سے یہی سوال کیا۔ ہر مرتبہ وہ خاموش رہے۔ پھر ایک شخص نے عرض کیا: ''میں نے''۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مجھے اندازہ ہو گیا تھا کہ تم میں کوئی میرے لیے دشواری پیدا کر رہا ہے''۔

تنبیہ: اس روایت پر امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ کے اعتراضات کے جوابات اس کتاب کے سلسلہ کی کتاب ''ناقدین کے مؤقف کا تحقیقی جائزہ'' میں دیئے گئے ہیں۔

حدیث 10: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ شَاذَانُ، ثنا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْهَرَوِيُّ، ثنا الْمُقْرِئُ، قَالَا: نا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْوُضُوءُ مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ، وَالتَّكْبِيرُ تَحْرِيمُهَا، وَالتَّسْلِيمُ تَحْلِيلُهَا، وَفِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ فَسَلِّمْ"۔ قَالَ أَبُو حَنِيفَةَ: "يَعْنِي التَّشَهُّدَ"۔

(دارقطنی رقم 1377؛ الآثار لابی یوسف رقم 1؛ الآثار لمحمد بن الحسن رقم 4؛ مستدرک حاکم رقم 457؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص 130؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 3973) (مسند ابی یعلی موصلی رقم 1077؛ کتاب القراءۃ خلف الإمام رقم 36)

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''وضو نماز کی کنجی ہے۔ اس کی تحریم (یعنی دنیاوی امور کو نماز میں حرام کرنے والی چیز) تکبیر (اللہ اکبر کہنا) ہے، اس کی تحلیل (یعنی امور کو حلال کرنے والا) سلام پھیرنا ہے۔ ہر دو رکعت کے بعد سلام پڑھا کرو''۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ''اس سے مراد تشہد ہے''۔

حدیث 11:۔نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَعِيدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، وَأَبُو مُطِيعٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: "لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ فِي أَقَلِّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ"۔ (سنن دار قطنی ج4 ص261 رقم 3432)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں: "چور کا ہاتھ دس دراہم میں سے کم میں نہیں کاٹا جائے گا"۔

پھر اسی روایت کو دوسرے طریق سے بیان کرتے ہیں:

حدیث 12:۔نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ مِثْلَهُ۔

(سنن دار قطنی ج4 ص262 رقم 3433)

ترجمہ یہ روایت بھی پہلی روایت کی مثل ہے۔

اسی طرح کی روایت سفیان ثوریؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، وکیعؒ، عثمان بن عمرو بن داؤد الضبیؒ، اور ابو یوسفؒ چھ لوگوں نے مسعودیؒ سے روایت کی ہے۔

حدیث 13:۔نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَعِيدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، وَأَبُو مُطِيعٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: "لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ فِي أَقَلِّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ"۔

(سنن دار قطنی رقم 3432) (عن ابن مسعودؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28106؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28104؛ ابوداؤد رقم 4387؛ سنن نسائی رقم 4949؛ شرح معانی الآثار رقم 4951؛ عن سعد بن ابی وقاصؓ: ابن ماجہ رقم 2586؛ مسند احمد رقم 1455؛ شرح معانی الآثار رقم 4950؛ عن أَيْمَنَ الْحَبَشِيِّ: نسائی رقم 4943 تا 4949؛ شرح معانی الآثار رقم 4953، 4954؛ معجم کبیر طبرانی 25/(رقم 228)؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 17174؛ عن ابن عمروؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28105؛ سنن دار قطنی 3428، 3429؛ المخلصیات رقم 731-(116)؛ عن عثمانؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28112)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں: "دس درہم سے کم چوری پر چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا"۔

حدیث 14:۔نا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ، نا يَعِيشُ بْنُ الْجَهْمِ، نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: "إِذَا سَرَقَ السَّارِقُ قُطِعَتْ يَدُهُ الْيُمْنٰى، فَإِنْ عَادَ قُطِعَتْ رِجْلُهُ الْيُسْرٰى، فَإِنْ عَادَ ضَمَّنْتُهُ السِّجْنَ حَتّٰى يُحْدِثَ خَيْرًا، إِنِّي أَسْتَحْيِي مِنَ اللهِ أَنْ أَدَعَهُ لَيْسَ لَهُ يَدٌ يَأْكُلُ بِهَا وَيَسْتَنْجِي بِهَا، وَرِجْلٌ يَمْشِي عَلَيْهَا"۔

(سنن دار قطنی رقم 3166، 3388؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص160؛ الخلافیات بیہقی رقم 5029) (مصنف عبد الرزاق رقم 18764؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28270، 28271؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 17269؛ الخلافیات بیہقی رقم 5028)

ترجمہ حضرت علیؓ نے ارشاد فرمایا: "جب کوئی چور چوری کرے، تو اُس کا دایاں ہاتھ کاٹا جائے گا، دوبارہ کرنے پر اُس کی بائیں ٹانگ کاٹی جائے گی۔ پھر بھی چوری کرے تو میں اسے حوالات میں بند کروں گا یہاں تک کہ اُس کی اصلاح ہو جائے۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے حیا آتی ہے کہ میں اسے اس حال میں چھوڑوں کہ اُس کا نہ کوئی ہاتھ ہو جس سے وہ کھائے اور استنجا کرے اور اُس کی نہ کوئی ٹانگ ہو جس پر وہ چل سکے"۔

حدیث 15:۔نا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، نا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَأَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي الْمَرْأَةِ تَرْتَدُّ، قَالَ: "تُسْتَحْيَا"۔ (سنن دار قطنی ج4 ص275 رقم 3455)

ترجمہ حضرت سفیان ثوریؒ اور حضرت امام ابوحنیفہؒ حضرت عاصمؒ سے، وہ ابو رزینؒ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس سے مرتدہ عورت کے بارے میں پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا: "تُسْتَحْيَا"۔

امام دار قطنیؒ نے واضح کیا ہے:

حدیث 16:۔نا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْعَطَّارُ أَبُو يُوسُفَ الْفَقِيهُ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي الْمَرْأَةِ تَرْتَدُّ، قَالَ: "تُحْبَسُ وَلَا تُقْتَلُ"۔

(سنن دارقطنی ج4 ص275 رقم 3457)

ترجمہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، پس اس کو بطریقِ "عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ" روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس سے مرتدہ عورت کے بارے میں سوال کیا گیا۔ آپ نے فرمایا: "اس کو قید کیا جائے گا، اور قتل نہیں کیا جائے گا"۔

حدیث 17:۔نا أَبُو طَاهِرٍ الْقَاضِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ، نا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عِقَابٍ، وَأَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: "امْرَأَةٌ أَنَا وَلِيُّهَا تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ إِذْنِي"۔ فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: "تَنْظُرُ فِيمَا صَنَعَتْ إِذَا كَانَتْ تَزَوَّجَتْ كُفُؤًا أَجَزْنَا ذٰلِكَ لَهَا، وَإِنْ كَانَتْ تَزَوَّجَتْ مَنْ لَيْسَ لَهَا بِكُفُؤٍ جَعَلْنَا ذٰلِكَ إِلَيْكَ"۔

(سنن دارقطنی رقم 3572)

ترجمہ ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا: "میں ایک عورت کا ولی ہوں، اُس نے میری اجازت کے بغیر نکاح کرلیا ہے"۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "تم اس کے احوال دیکھو۔ اگر اُس نے کُفو میں شادی کی ہے، تو ہم اُسے اجازت دیتے ہیں، اور اگر اُس نے بغیر کفو کے شادی کی ہے، تو ہم یہ فیصلہ تمہارے ذمہ کرتے ہیں (تم چاہے اُن کا نکاح برقرار رکھو، اور چاہے توڑ دو)"۔

حدیث 18:۔نا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِيُّ، وَأَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْخَوَّاصُ، قَالُوا: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَنْصُورٍ أَبُو إِسْمَاعِيلَ

الْفَقِيهُ، نا يَزِيدُ بْنُ نُعَيْمٍ بِبَغْدَادَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ هَيْثَمٍ الصَّيْرَفِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَاقَةٍ، فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا: "نُتِجَتْ هٰذِهِ النَّاقَةُ عِنْدِي"، وَأَقَامَ بَيِّنَةً۔ فَقَضَى بِهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِي هِيَ فِي يَدِهِ۔

(سنن دارقطنی رقم 4477؛ الآثار لابی یوسف رقم 734؛ السنن الصغیر بیہقی رقم 3390؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 21224) (مسند الشافعی ص330؛ مسند الشافعی ترتیب سنجر رقم 1694؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 21223؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 20266)

ترجمہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو آدمی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک اونٹنی کا جھگڑا لے کر حاضر ہوئے۔ ان دونوں میں سے ہر ایک نے دلیل کے ساتھ کہا: "یہ اونٹنی میرے پاس پیدا ہوئی ہے"۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (دلائل سننے کے بعد) اُس شخص کے حق میں فیصلہ دے دیا جس نے اُس اونٹنی کو پکڑا ہوا تھا۔

حدیث 19:۔نا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ رَبِيعَةَ، نا إِسْحَاقُ بْنُ خَالِدٍ، نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "الْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِي، وَالْيَمِينُ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِ"۔

(سنن دارقطنی رقم 4510؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص88؛ الآثار لابی یوسف رقم 738 مرسلاً) (عن ابن عباس رضی اللہ عنہ: مسلم رقم 2-1711؛ مسند الشافعی ص191؛ ابن ماجہ رقم 2321؛ ترمذی رقم 1342؛ ابوداؤد رقم 3619؛ شرح مشکل الآثار رقم 4472، 4473؛ ابن حبان رقم 5083؛ سنن دارقطنی رقم 4512؛ الخلافیات بیہقی رقم 5580؛ السنن الصغیر بیہقی رقم 3387؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 21203؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 20248، 20249؛ شرح السنۃ رقم 2501؛ عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ: ترمذی رقم 1341؛ سنن دارقطنی رقم 4311، 4509)

ترجمہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"گواہی مُدَّعِیْ (دعویٰ کرنے والے) کے ذمہ ہے اور قسم مُدَّعٰی عَلَیْہِ (وہ شخص جس کے خلاف نالش کی گئی ہو یا مقدمہ دائر کیا گیا ہو، وہ شخص جس پر دعویٰ کیا گیا ہو، فریق ثانی) کے ذمہ ہے"۔

حدیث 20:۔حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُشْكَانَ الْمَرْوَزِيُّ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَحْيَى السَّرْخَسِيُّ الْقَاضِي، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا عَبْدَانُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: سَأَلَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ أَبَا حَنِيفَةَ عَنِ الشَّرَابِ. قَالَ: حَدَّثُونَا مِنْ قِبَلِ أَبِيكَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ، قَالَ: «إِنْ رَابَكُمْ فَاكْسِرُوهُ بِالْمَاءِ». فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللهِ: «فَإِذَا تَيَقَّنْتَ وَلَمْ تَرْتَبْ». (دار قطنی رقم 4688)

ترجمہ: حضرت عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مشروب کے بارے میں دریافت کیا۔ تو انھوں نے بتایا: "آپ رحمۃ اللہ علیہ کے والد کے حوالہ سے لوگوں نے ہمیں یہ حدیث سنائی ہے کہ انھوں نے یہ فرمایا تھا: "اگر تمہیں اس بارے میں اندیشہ ہو، تو پانی کے ذریعے اس کے زور کو توڑ دو"۔ تو عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ رحمۃ اللہ علیہ نے اُن سے کہا: "جب آپ کو اس بات کا یقین ہے تو پھر آپ اس میں اوپر سے نیچے نہ کریں"۔

حدیث 21:۔حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ، نا سَعِيدُ بْنُ مَسْعُودٍ، نا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسٰى، نا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ ح وَنا الْحَسَنُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ يُوسُفَ الْمَرْوَرُّوذِيُّ، يُعْرَفُ بِابْنِ الْهَرْشِ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا أَبُو حَنِيفَةَ، نا أَبُو فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلٰى قَالَ: نَزَلْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ عَلٰى دِهْقَانَ. فَأَتَانَا بِطَعَامٍ فَطَعِمْنَا. فَدَعَا حُذَيْفَةُ بِشَرَابٍ فَأَتَاهُ بِشَرَابٍ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَأَخَذَ الْإِنَاءَ فَضَرَبَ بِهِ وَجْهَهُ. فَسَاءَ بِالَّذِي صَنَعَ بِهِ، فَقَالَ: «هَلْ تَدْرُونَ لِمَ صَنَعْتُ هٰذَا؟». قُلْنَا: «لَا». قَالَ: نَزَلْنَا بِهِ فِي الْعَامِ الْمَاضِي فَأَتَانِي بِشَرَابٍ فِيهِ فَأَخْبَرْتُهُ،

أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا «أَنْ نَأْكُلَ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَأَنْ نَشْرَبَ فِيهِمَا وَلَا نَلْبَسَ الْحَرِيرَ وَلَا الدِّيبَاجَ، فَإِنَّهُمَا لِلْمُشْرِكِينَ فِي الدُّنْيَا وَهُمَا لَنَا فِي الْآخِرَةِ». (سنن دار قطنی رقم 4794)

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک کسان کے پاس گیا۔ وہ ہمارے پاس کھانا لے کر آیا۔ ہم نے اسے کھالیا۔ پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا۔ تو وہ شخص (مجوسی) ان کے پاس چاندی کے برتن میں مشروب لایا۔ تو انھوں (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ) نے وہ برتن پکڑا اور اس کے منہ پر دے مارا۔ انھیں اس کی یہ حرکت بُری لگی۔ پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: "کیا تم لوگ جانتے ہو کہ میں نے ایسا کس لیے کیا ہے؟"۔ ہم نے جواب دیا: "نہیں"۔ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: "ہم گزشتہ سال بھی اس کے ہاں آئے تھے، تو یہ اسی برتن میں میرے پاس مشروب لایا تھا۔ میں نے اسے بتایا تھا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں منع کیا ہے کہ ہم سونے یا چاندی کے برتنوں میں کچھ کھائیں، یا ان میں پئیں، یا ہم ریشمی لباس یا دیباج کا لباس پہنیں"۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا): "یہ دونوں چیزیں دنیا میں ان مشرکین (کفار) کے لیے ہیں۔ البتہ آخرت میں یہ ہمارے لیے ہوں گی"۔

3 "رؤیۃ اللہ" للدارقطنی رحمۃ اللہ علیہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1:۔حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَاهِرٍ الْبَلْخِيُّ، أَمْلَاهُ عَلَيْنَا فِي سَنَةِ اثْنَتَيْنِ وَعِشْرِينَ وَثَلَاثِمِائَةٍ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى أَبِي عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدِ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّهْشَلِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا شَقِيقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ،

عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا فَافْعَلُوا"۔ قَالَ حَمَّادُ بْنُ أَبِي حَنِيفَةَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، وَبَيَانُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسٍ بِمِثْلِهِ۔ وَرَوَاهُ عَمْرُو بْنُ شَمِرٍ الْجُعْفِيُّ أَبُو عَبْدِ اللهِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ۔

(رؤية الله، رقم 107۔ المؤلف: أبو الحسن علي بن عمر بن أحمد بن مهدي بن مسعود بن النعمان بن دينار البغدادي الدارقطني (المتوفى: 385ھ)۔ الناشر: مكتبة المنار، الزرقاء- الأردن۔ عام النشر: سنة 1411ھ۔)

ترجمہ: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تم ضرور اپنے رب تعالیٰ کو قیامت کے دن ایسے ہی دیکھو گے جیسا کہ تم لیلۃ البدر میں چاند کو دیکھتے ہو۔ اس کے دیکھنے میں کوئی مشقت اور بھیڑ نہیں ہوتی۔ پھر اگر تم استطاعت رکھتے ہو تو تم سورج کے طلوع سے پہلے (نمازِ فجر) اور اس کے غروب کے بعد (مغرب اور عشاء) نمازیں تم پر غلبہ نہ پالیں (یعنی تم اس سے عاجز آجاؤ)"۔

باب 7

مرفوع مرویاتِ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ پانچویں صدی کی کتبِ احادیث میں

26 امام محمد بن أحمد بن محمد، ابن جميع الغساني الصيداوي رحمۃ اللہ علیہ (المتوفى 402ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 معجم الشیوخ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 2 احادیث

حدیث 1:- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ بِصَيْدَا، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الثَّيِّبُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَأْذَنُ وَصَمْتُهَا إِقْرَارُهَا"۔

(معجم الشيوخ، ص146۔ المؤلف: أبو الحسين محمد بن أحمد بن عبد الرحمن بن

یحیی بن جُمَیْع الغسانی الصیداوی (المتوفی: 402ھ)۔الناشر: مؤسسة الرسالة ، دار الإیمان - بیروت، طرابلس۔الطبعة: الأولی، 1405)(مسلم رقم 68-66-1421؛ مؤطا مالک رقم 1914 / 495؛ ترمذی رقم 1108؛ نسائی رقم 3260 تا 3264؛ ابوداود رقم 2098 تا 2100؛ ابن ماجہ رقم 1870؛ مسند احمد رقم 1888، 1897، 2163، 2365، 2481، 3087، 3222، 3343، 3421؛ ابن حبان رقم 4084، 4087 تا 4089)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بیوہ اپنے ولی کی بہ نسبت اپنی زیادہ حق دار ہے، کنواری لڑکی سے بھی اجازت لی جائے گی اور اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے''۔

حدیث 2:۔حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْإِمَامُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا جَدُّ أَبِي، أَخْبَرَنِي جَدِّي، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: "نَهٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ غَزْوَةِ خَيْبَرَ عَنْ لَحْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ"۔

(معجم الشیوخ، ص 127؛ الآثار لابی یوسف رقم 699؛ مسند أبی حنیفة روایة الحصکفی، کتاب النکاح، رقم 19)(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 24329؛ مسند احمد رقم 4720، 5786، 6291، 6310؛ بخاری رقم 4215، 4217، 4218، 5521؛ مسلم رقم 24-561؛ نسائی رقم 4336؛ مستخرج ابی عوانہ رقم 7659؛ شرح معانی الآثار رقم 6378؛ معجم کبیر طبرانی رقم 13421)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ نے خیبر کی لڑائی کے سال گھریلو گدھوں کے گوشت سے منع کر دیا تھا''۔

27 امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 405ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 مستدرکِ حاکم میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 3 احادیث

حدیث 1:۔أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْجَرَّاحِيُّ، الْعَدْلُ بِمَرْوَ، ثَنَا أَبُو عَبْدِ

اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَطِيَّةَ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ بِسْطَامِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، مَوْلَى سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، ثَنَا أَبُو مُعَاذٍ النَّحْوِيُّ الْفَضْلُ بْنُ خَالِدٍ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: "كَانَ أَبْعَدَ رَجُلَيْنِ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارًا أَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَأَهْلُهُ بِقُبَاءَ، وَأَبُو عَبْسِ بْنُ جَبْرٍ، وَمَسْكَنُهُ فِي بَنِي حَارِثَةَ، وَكَانَا يُصَلِّيَانِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ، ثُمَّ يَأْتِيَانِ قَوْمَهُمَا وَمَا صَلَّوْا لِتَعْجِيلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَلَاتِهِ"۔

[التعليق - من تلخيص الذهبي] - سکت عنه الذهبي في التلخيص

(مستدرک حاکم رقم 5497)(معجم اوسط طبرانی رقم 7946؛ معجم کبیر طبرانی رقم 4515؛ سنن دار قطنی رقم 998؛ مستدرک حاکم رقم 703)

ترجمہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو اشخاص کے گھر حضور اکرم ﷺ سے بہت دور تھے: حضرت أَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ رضی اللہ عنہ، اُن کے گھر والے قباء میں رہتے تھے، اور حضرت أَبُو عَبْسِ بْنُ جَبْرٍ رضی اللہ عنہ، اُن کے گھر والے بنو حارثہ میں قیام پذیر تھے۔ یہ دونوں احباب حضور اکرم ﷺ کی اقتداء میں نمازِ عصر پڑھ کر اپنی قوم میں جاتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ کے نماز کو جلدی پڑھنے کے باعث اُن کی قوم کے لوگوں نے ابھی تک نماز نہیں پڑھی ہوتی تھی''۔

حدیث 2:۔حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ، وَأَبُو جَعْفَرِ بْنُ عُبَيْدٍ الْحَافِظُ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الْكَرِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ، ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَكَّةُ حَرَامٌ، وَحَرَامٌ بَيْعُ رِبَاعِهَا وَحَرَامٌ أَجْرُ بُيُوتِهَا"۔

قَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَاتُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ

صُلْحًا۔

[التعلیق - من تلخیص الذہبی] - عبید اللہ بن أبی زیاد لین

(مستدرک حاکم رقم 2327؛ سنن دار قطنی رقم 3014؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 11184؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 11688)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مکہ حرمت والا شہر ہے۔ اس کے گھروں کی تجارت کرنا حرام ہے اور ان گھروں کی اُجرت (کرایہ) لینا بھی حرام ہے"۔

صحیح روایات سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں امن کا پرچار کرنے کے لیے تشریف لائے۔

حدیث 3: - أَخْبَرَنِي أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى الْقَاضِي بْنِ الْقَاضِي، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى لِحْيَةِ أَبِي قُحَافَةَ كَأَنَّهُ ضِرَامُ عَرْفَجٍ مِنْ شِدَّةِ حُمْرَتِهِ. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي بَكْرٍ: "لَوْ أَقْرَرْتَ الشَّيْخَ فِي بَيْتِهِ لَأَتَيْنَاهُ تَكْرِمَةً لِأَبِي بَكْرٍ"۔

[التعلیق - من تلخیص الذہبی] - سکت عنہ الذہبی فی التلخیص

(مستدرک حاکم رقم 5070)(مسند احمد رقم 12635؛ مسند ابی یعلی موصلی رقم 2831؛ شرح مشکل الآثار رقم 3686؛ ابن حبان رقم 5472؛ مستدرک حاکم رقم 5064؛ الاحادیث المختارۃ رقم 2585، 2586)

ترجمہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انھوں نے (فتح مکہ کے دن حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر) فرمایا: "میں حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ کی داڑھی ایسے دیکھ رہا ہوں گویا (خضاب کی وجہ سے) شدید سرخی کی وجہ سے عرفجہ درخت سے پھوٹنے والے شعلہ کی مانند ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ان کی عزت افزائی کے لیے فرمایا: "اگر آپ شیخ (یعنی اپنے والدِ محترم) کو گھر میں ہی رہنے دیتے، تو ہم ان کو وہیں ملنے چلے آتے"۔

2 مستدرک حاکم میں شواہد اور متابعات پر مبنی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 2 احادیث

حدیث 1: - حدثنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، ثنا أَبُو الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو عَمْرٍو الضَّرِيرُ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الْوُضُوءُ، وَتَحْرِيمُهَا التَّكْبِيرُ، وَتَحْلِيلُهَا التَّسْلِيمُ". هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَوَاهِدُهُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ كَثِيرَةٌ، فَقَدْ رَوَاهُ أَبُو حَنِيفَةَ وَحَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، وَأَبُو مَالِكٍ النَّخَعِيُّ وَغَيْرُهُمْ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ وَأَشْهَرُ إِسْنَادٍ فِيهِ حَدِيثُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَالشَّيْخَانِ قَدْ أَعْرَضَا عَنْ حَدِيثِ ابْنِ عَقِيلٍ أَصْلًا"۔

[التعلیق - من تلخیص الذہبی] 457 - علی شرط مسلم

(مستدرک حاکم رقم 457؛ ترمذی رقم 3؛ ابوداود رقم 61؛ ابن ماجہ رقم 275، 276)

ترجمہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "نماز کی کنجی وضو ہے۔ اس کی تحریم (یعنی دنیاوی امور کو نماز میں حرام کرنے والی چیز) تکبیر (اللہ اکبر کہنا)، اور اس کی تحلیل (یعنی امور کو حلال کرنے والا کام) سلام پھیرنا ہے"۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرط پر صحیح ہے، لیکن بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو درج نہیں کیا۔ "أَبُو سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ" کے طریق سے اس کے کثیر شواہد ہیں۔ اسے امام امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حمزہ الزیات رحمۃ اللہ علیہ، ابو مالک نخعی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر محدثین نے بھی ابوسفیان رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔ اس کی سب سے مشہور سند یہ ہے: "عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ"۔ مگر بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عقیل رحمۃ اللہ علیہ کی حدیث سے بالکل اعراض کیا ہے۔

حدیث 2:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، وَأَبُو الْحُسَيْنِ بْنُ مُكْرَمٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ"۔ هٰكَذَا رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَوَكِيعٌ، وَغَيْرُهُمَا، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ وَقَدْ وَصَلَ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، جَمَاعَةٌ مِنْ أَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ غَيْرُ مَنْ ذَكَرْنَاهُمْ مِنْهُمْ: أَبُو حَنِيفَةَ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ، وَرَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ الْعَبْدِيُّ، وَمُطَرِّفُ بْنُ طَرِيفٍ الْحَارِثِيُّ، وَعَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، وَغَيْرُهُمْ۔ وَقَدْ ذَكَرْنَاهُمْ فِي الْبَابِ، وَقَدْ وَصَلَهُ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ جَمَاعَةٌ غَيْرُ أَبِي إِسْحَاقَ۔

(مستدرک حاکم رقم 2714؛ ترمذی رقم 1101؛ ابوداؤد رقم 2085؛ ابن ماجہ رقم 1880، 1881)

ترجمہ حضرت ابوبردہ ؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

اسی طرح عبد الرحمٰن بن مہدی ؒ، وکیع ؒ اور ان کے علاوہ محدثین کرام نے ابوعوانہ ؒ سے روایت کیا ہے۔

ابواسحاق ؒ کے طریق سے یہ حدیث کئی ائمۂ مسلمین کو حاصل ہوئی ہے۔ جن ناموں کو ہم نے ذکر نہیں کیا۔ ان میں سے چند نام یہ ہیں: حضرت ابوحنیفہ نعمان بن ثابت ؒ، رقبہ بن مصقلہ العبدی ؒ، مطرف بن طریف الحارثی ؒ، عبدالحمید بن حسن الہلالی ؒ، زکریا بن ابی زائدہ ؒ اور کئی دیگر اکابرین۔ ہم نے ان کو باب میں ذکر کر دیا ہے۔ ابواسحاق ؒ راوی کو چھوڑ کر بھی ابوبردہ ؒ کے طریق سے یہ حدیث کئی ائمہ نے حاصل کی ہے۔

3 معرفت علوم الحدیث میں امام اعظم ؒ سے مروی 4 احادیث

نیز امام حاکم ؒ نے اپنی دیگر کتب میں بھی امام اعظم ؒ سے متعدد احادیث روایت کی ہیں۔

حدیث 1:۔حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَافِظُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى زَكَرِيَّا بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْأَزْهَرِ السِّجْزِيُّ، قَالَ: ثنا خَلَفُ بْنُ أَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ صَلَّى خَلْفَ إِمَامٍ، فَإِنَّ قِرَاءَتَهُ لَهُ قِرَاءَةٌ"۔

(معرفة علوم الحديث، ص177، 178۔ المؤلف: أبو عبد الله الحاكم محمد بن عبد الله بن محمد بن حمدويه بن نُعيم بن الحكم الضبي الطهماني النيسابوري المعروف بابن البيع (المتوفى: 405هـ)۔ الناشر: دار الكتب العلمية - بيروت۔ الطبعة: الثانية، 1397هـ - 1977م۔ عدد الأجزاء: 1)

ترجمہ حضرت جابر بن عبداللہ ؓ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے، تو امام کی قراءت اس کی قراءت ہے (لہٰذا کوئی مقتدی امام کے پیچھے قرآن نہ پڑھے)''۔

حدیث 2:۔أَخْبَرَنَا أَبُو يَحْيَى السَّمَرْقَنْدِيُّ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمِّي، قَالَ: أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ صَلَّى خَلْفَ إِمَامٍ، فَإِنَّ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ"۔ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: عَبْدُ اللهِ بْنُ شَدَّادٍ هُوَ بِنَفْسِهِ، أَبُو الْوَلِيدِ، وَمَنْ تَهَاوَنَ بِمَعْرِفَةِ الْأَسَامِيِ، أَوْرَثَهُ مِثْلَ هٰذَا الْوَهْمِ۔

(معرفة علوم الحديث، ص178)

ترجمہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھے، تو امام کی قراءت اس کی قراءت ہے (لہٰذا کوئی مقتدی امام کے پیچھے قرآن نہ پڑھے)''۔

حدیث 3:۔عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نَهَى عَنْ بَيْعٍ وَشَرْطٍ''۔

(معرفة علوم الحديث، ص128)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیع اور شرط سے منع فرمایا ہے''۔

حدیث 4:۔أَخْبَرَنِي أَبُو عَلِيٍّ الْحَافِظُ قَالَ: أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيُّ بِحَلَبَ، قَالَ: ثنا جَدِّي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي سَكِينَةَ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَبْرَةَ بْنِ الرَّبِيعِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''نَهَى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ''۔

(معرفة علوم الحديث، ص 150: قال الحاكم: سَمِعْتُ أَبَا عَلِيٍّ يَقُولُ: صَحَّفَ فِيهِ أَبُو حَنِيفَةَ لِإِجْمَاعِ أَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ عَلَى رِوَايَتِهِ عَنْهُ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب النكاح، رقم 17)

ترجمہ حضرت رَبِيعُ الْجُهَنِيُّ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے منع فرما دیا''۔

28 امام تمام بن محمد بن عبد الله بن جعفر، الرازی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 414ھ) کی روایت کردہ حدیث

1 ''الفوائد، تمام الرازی'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1:۔أَخْبَرَنَا أَبُو سَعِيدٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بِشْرٍ الْهَمَذَانِيُّ، أبنا عَبْدَانُ

الْجَوَالِيقِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ: ''أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكَلَ ذَبِيحَةَ امْرَأَةٍ''۔

(الفوائد، رقم 663۔المؤلف: أبو القاسم تمام بن محمد بن عبد الله بن جعفر بن عبد الله بن الجنيد البجلي الرازي ثم الدمشقي (المتوفى: 414ھ)۔الناشر: مكتبة الرشد-الرياض۔الطبعة: الأولى، 1412۔عدد الأجزاء: 2؛؛؛)()

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کے ذبح کئے ہوئے جانور کا گوشت کھایا ہے''۔

29 امام هبة الله بن الحسن بن منصور الطبری الرازی، اللالكائی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 418ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 ''شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 2 احادیث

حدیث 1:۔أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَشْرَمَاهَ الْقَزْوِينِيُّ، قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ أَبُو عَبْدِ اللهِ الطَّالْقَانِيُّ، قَالَ: ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ التِّرْمِذِيُّ، قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ أَبِي حَنِيفَةَ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، وَبَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَتِهِ۔ فَانْظُرُوا لَا تُغْلَبُوا عَلٰى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا''۔ قَالَ حَمَّادٌ: يَعْنِي بِهِ الْغَدَاةَ وَالْعِشَاءَ۔

(شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة، رقم 829. المؤلف: أبو القاسم هبة الله بن الحسن بن منصور الطبری الرازی اللالکائی (المتوفى: 418ھ). الناشر: دار طيبة - السعودية. الطبعة: الثامنة، 1423ھ/2003م. عدد الأجزاء: 9 أجزاء)

ترجمہ: حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم ضرور اپنے رب تعالیٰ کو قیامت کے دن ایسے ہی دیکھو گے جیسا کہ تم لیلۃ البدر میں چاند کو دیکھتے ہو۔ اس کے دیکھنے میں کوئی مشقت اور بھیڑ نہیں ہوتی۔ پھر اگر تم استطاعت رکھتے ہو تو تم سورج کے طلوع سے پہلے (نمازِ فجر) اور اس کے غروب کے بعد (مغرب اور عشاء) نمازیں تم پر غلبہ نہ پالیں (یعنی تم اس سے عاجز آجاؤ)''۔

حدیث 2: - أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَصْرٍ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُهْلُولٍ النَّسَائِيُّ، قَالَ: ثنا أَبُو الْبَرِيكِ، قَالَ: ثنا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي وَائِلَةَ، أَوِ ابْنِ وَائِلَةَ، يَشُكُّ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: "تَكُونُ النُّطْفَةُ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ تَكُونُ عَلَقَةً أَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ تَكُونُ مُضْغَةً أَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ يُعْطِي خَلْقَهُ، فَيَقُولُ: رَبِّ ذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى؟ شَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ؟ مَا رِزْقُهُ؟"۔

(شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة، رقم 1308)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''نطفہ رحمِ مادر میں چالیس روز رہتا ہے، پھر وہ چالیس دن میں علقہ بن جاتا ہے، پھر وہ چالیس دن میں مضغہ بن جاتا ہے۔ پھر اس کو خلقت عطا کر دی جاتی ہے۔ پھر (فرشتہ) عرض کرتا ہے: ''اے میرے رب! مذکر یا مؤنث؟ بدبخت یا خوش بخت؟ اس کا رزق کیا ہوگا؟''۔

30 الحسن بن أحمد بن إبراهيم بن الحسن ابن محمد بن شاذان، أبو علی البَزّاز رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 425ھ) کی روایت کردہ حدیث

1 مشیخة ابن شاذان الصغریٰ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1: - أَخْبَرَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سِيمَا بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُجَبِّرُ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَسَوِيُّ الْقَاضِي، نَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَضَعَ لَأْمَتَهُ وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ. ثُمَّ دَعَا بِثَوْبٍ وَاحِدٍ فَصَلَّى فِيهِ مُتَوَشِّحًا۔

(مشیخة ابن شاذان الصغرى، رقم 20. المؤلف: الحسن بن أحمد بن إبراهيم بن الحسن ابن محمد بن شاذان، أبو علی البَزّاز (المتوفى: 425ھ). الناشر: مكتبة الغرباء الأثرية - المدينة المنورة - السعودية. الطبعة: الأولى، 1419ھ-1998ھ)

ترجمہ: حضرت اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن اپنا زرہ کا لباس اتارا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (غسل کے لیے) پانی منگوایا۔ پھر غسل کرتے ہوئے اپنے اوپر پانی بہایا۔ پھر (غسل کے بعد) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ہی کپڑا منگوایا۔ پھر اسی کو اپنے کندھوں پر مخالف سمت میں ڈال کر نماز (چاشت) پڑھی''۔

31 امام حمزة بن يوسف بن إبراهيم السهمی القرشی الجرجانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 428ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 تاریخِ جرجان میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 2 احادیث

حدیث 1:۔حَدَّثَنَا أَبِي رَحِمَهُ اللهُ، حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوَّادٍ الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، ح أَخْبَرَنَا أَبُو أَحْمَدَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ الصَّائِغُ الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوَّادٍ الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى مَكَّةَ فِي لَيْلَتَيْنِ خَلَتَا مِنْ رَمَضَانَ حَتَّى أَتَى قَدِيدًا ۔ ثُمَّ تَشَكَّى إِلَيْهِ النَّاسُ الْجَهْدَ۔ فَأَفْطَرَ بِقَدِيدٍ۔ فَلَمْ يَزَلْ مُفْطِرًا حَتَّى أَتَى مَكَّةَ۔

(تاریخ جرجان ص 372 رقم 623؛ الآثار لابی یوسف رقم 793؛ المبسوط للشیبانی ج 2 ص 206 تا 208؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص 249) (ابن خزیمہ رقم 2038؛ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: مؤطا مالک رقم 1031 / 309؛ بخاری رقم 1944، 2953، 4275، 4276؛ مسلم رقم 88-1113؛ نسائی 2287 تا 2291، 2313، 2314؛ ابوداؤد رقم 2404؛ مسند احمد رقم 3089، 3176، 3209، 3279؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 2608، 2609؛ معجم کبیر طبرانی رقم 11325، 11704؛ مسند ابی داؤد طیالسی رقم 2841؛ شرح معانی الآثار رقم 3222، 3227، 3232)

ترجمہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (فتحِ مکہ کے موقع پر) مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ کی طرف دو رمضان کو روانہ ہوئے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قدید کے مقام پر پہنچے، تو لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سفر کی مشقت وتھکاوٹ کی شکایت کی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قدید ہی میں روزہ افطار کر لیا۔ پھر مکہ پہنچنے تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ نہیں رکھا''۔

حدیث 2:۔قَرَأْتُ فِي كتاب بعض مشايخنا عن بن عُقْدَةَ، حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَزِيعٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُمَيْرٍ الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَبِي يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "ارْكَبْ نَاقَتِي ثُمَّ امْضِ إِلَى الْيَمَنِ۔ فَإِذَا وَرَدْتَ عَقَبَةَ افيق ورقيت عليها، رأيت الْقَوْمَ

مُقْبِلِينَ يُرِيدُونَكَ۔ فَقُلْ: "يَا حَجَرُ! يَا مَدَرُ! يَا شَجَرُ! رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْرِأُ عَلَيْكَ السَّلَامُ"۔ فَلَمَّا رَقِيتُ الْعَقَبَةَ رَأَيْتُ الْقَوْمَ مُقْبِلِينَ فَقُلْتُ: "السَّلَامُ عَلَيْكَ، يَا حَجَرُ! يَا مَدَرُ! يَا شَجَرُ! رَسُولُ اللهِ يُقْرِأُ عَلَيْكَ السَّلَامُ"۔ قَالَ: فَارْتَجَّتِ الْأُفُقُ۔ فَقَالُوا: "عَلَى رَسُولِ اللهِ السَّلَامُ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ"۔ فَلَمَّا سَمِعَ الْقَوْمُ بذلوا فَأَقْبَلُوا إِلَيَّ مُسْلِمِينَ"۔

(تاریخ جرجان ص 386، 387 رقم 643؛ تاریخ بغداد وذیولہ ج 7 ص 62 رقم 3516)

ترجمہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ارشاد فرمایا: ''میری اونٹنی پر سوار ہو کر یمن جاؤ۔ جب تم اَفیق گھاٹی کے نزدیک پہنچو، اور اس پر چڑھ جاؤ، تو تمہیں لوگ اپنی طرف آتے ہوئے دکھائی دیں گے۔ پس تم کہنا: ''اے حجر، مَدَر (مٹی) اور شجر! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں سلام کہہ رہے ہیں''۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یمن میں) جب میں اسی گھاٹی پر چڑھا، تو میں نے لوگوں کو آتے ہوئے دیکھا۔ میں نے کہا: ''اے پتھرو! اے ٹیلو! اے درختو! تم پر سلام ہو۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں سلام کہہ رہے ہیں''۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ماحول میں ارتعاش پیدا ہو گیا، وہ پکار اُٹھے: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو۔ اور آپ رضی اللہ عنہ پر بھی سلام ہو''۔ جب لوگوں نے بے جان چیزوں کو بولتے ہوئے سنا، تو تیزی سے آگے بڑھتے ہوئے میری اطاعت اختیار کرنے لگے''۔

32 امام ابونعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 430ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 تاریخِ اصبہان میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 7 احادیث

حدیث 1:۔حَدَّثَنَا الْقَاضِي أَبُو أَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ

رُسْتَةَ بْنِ عُمَرَ ابْنِ ابْنَةِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: "يَا رَسُولَ اللهِ! أَرَأَيْتَ عُمْرَتَنَا هٰذِهِ، أَلِعَامِنَا هٰذَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ حَدِّثْنَا عَنْ دِينِنَا كَأَنَّا وُلِدْنَا لَهُ، أَنَعْمَلُ لِشَيْءٍ قَدْ جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، وَجَفَّتْ بِهِ الْأَقْلَامُ، أَمْ لِشَيْءٍ مُسْتَقْبِلٍ؟". قَالَ: "بَلْ لِمَا قَدْ جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ وَجَفَّتْ بِهِ الْأَقْلَامُ". قَالَ: "فَفِيمَ الْعَمَلُ؟". قَالَ: "اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ". ثُمَّ قَرَأَ {فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى} [الليل: 5] إِلَى آخِرِ الْآيَتَيْنِ.

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ رُسْتَةَ بْنِ عُمَرَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ، أَصْبَهَانِيٌّ، عَنْ زُفَرَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: "يَا رَسُولَ اللهِ! أَرَأَيْتَ عُمْرَتَنَا هٰذِهِ لِعَامِنَا هٰذَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟". قَالَ: "لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ". الْحَدِيثَ.

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج1 ص140 رقم90، ص350 رقم640) (مسلم رقم 8-2648؛ مسند ابن الجعد رقم 2629؛ مسند احمد رقم 14116، 14258؛ ابن حبان رقم 336، 337، 3919؛ معجم کبیر طبرانی رقم 6562، 6567؛ الخلافیات بیہقی رقم 3660؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 9354؛ القضاء والقدر بیہقی رقم 29؛ شرح السنۃ بغوی رقم 74؛ ابن ماجہ رقم 91)

ترجمہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! ہمارا یہ عمرہ صرف اس سال کے لیے ہے، یا ہمیشہ کے لیے ہے؟''۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نہیں، بلکہ یہ ہمیشہ کے لیے''۔

پھر انھوں نے عرض کیا: ''ہم سے ہمارا دین بیان کیجئے۔ گویا کہ ہم اسی کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔ کیا ہم آج جو عمل کر رہے ہیں، یہ اُن چیزوں کے متعلق ہے جو تقدیرِ الٰہی میں مقرر ہو چکا ہے، اور جن کو لکھ کر قلم خشک ہو چکے ہیں، یا ہم نیا عمل کر رہے ہیں''۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں، بلکہ تمہارا عمل اس کے مطابق ہے جو تقدیرِ الٰہی میں

مقرر ہو چکا ہے اور جس کو لکھ کر قلم خشک ہو چکے ہیں''۔ انھوں نے عرض کیا: ''پھر ہم کس لیے عمل کریں؟''۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عمل کیا کرو، ہر ایک کے لیے اس کا عمل آسان کر دیا جاتا ہے''۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیاتِ مبارکہ تلاوت فرمائی:

آیت 1:۔ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ○ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ○ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ○ (اللیل: 5 تا 7)

ترجمہ توجس نے (راہِ خدا میں) مال دیا اور (اللہ کی نافرمانی سے) پرہیز کیا اور بھلائی کو سچ مانا، (اور اچھے انجام کو مانا) اس کو ہم آسان راستے کے لیے سہولت دیں گے۔ (اس کو ہم راحت کی منزل کا اہل بنائیں گے)۔

حدیث 2:۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ رُسْتَةَ بْنِ عُمَرَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيبٍ الصَّيْرَفِيِّ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: "أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصِيبُ مِنْ وَجْهِهَا وَهُوَ صَائِمٌ"، تُرِيدُ الْقُبْلَةَ.

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج1 ص141 رقم90؛ معجم صغیر طبرانی رقم 172؛ الآثار لابی یوسف رقم 806؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كتاب الصوم، رقم 14) (بخاری رقم 1928؛ مسلم رقم 62-1106؛ مؤطا مالک رقم 1021 / 307؛ مسند احمد رقم 24110، 25613، 25800، 25847؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 8095)

ترجمہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''رسول اللہ ﷺ حالتِ روزہ میں ان کے چہرے پر بوسہ لے لیتے تھے''۔

حدیث 3:۔ حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ حَيَّانَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ أَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ".

وَحَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ، ثنا أَحْمَدُ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ بِشْرِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّازِيُّ، ثنا

أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ۔

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج1 ص166 رقم 151؛ طبقات المحدثين بأصبهان ج4 ص98) (بخاری رقم 877، 894، 919؛ مسلم رقم 1-844، 2-844؛ ترمذی رقم 492؛ نسائی رقم 1376، 1405 تا 1407؛ ابن ماجہ رقم 1088؛ مسند احمد رقم 3058، 4466، 4553، 4920، 4942، 5005، 5008، 5083، 5142، 5169)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص نمازِ جمعہ کے لیے (مسجد میں) آئے، تو اسے چاہیے کہ وہ غسل کرے''۔

حدیث 4:۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ رُسْتَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانُوا يَقُولُونَ: السَّلَامُ عَلَى اللهِ، السَّلَامُ عَلَى جِبْرِيلَ، السَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللهِ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ: ''لَا تَقُولُوا: السَّلَامُ عَلَى اللهِ، فَإِنَّ اللهَ هُوَ السَّلَامُ، وَلَكِنْ قُولُوا: التَّحِيَّاتُ لِلهِ، وَالصَّلَوَاتُ، وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ۔ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ''۔

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج1 ص350 رقم 640؛ معجم کبیر طبرانی رقم 9893؛ الآثار لابی یوسف رقم 268؛ الآثار لمحمد بن الحسن رقم 80؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص8) (مؤطا امام محمد رقم 148؛ مسند احمد رقم 4101، 4422؛ بخاری رقم 831، 835، 1202؛ مسلم رقم 55-402؛ ترمذی رقم 289، 1105؛ نسائی رقم 1162)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''صحابہ کرام رضی اللہ عنہم (ابتدائی زمانہ میں نماز میں) کہا کرتے تھے: ''اللہ پر سلام ہو، حضرت جبرائیل علیہ السلام پر سلام ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو''۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ پر سلام مت کہو

کیونکہ اللہ تو خود سلام ہے، بلکہ (جب تم دورانِ نمازِ تشہد میں بیٹھو، تو) یوں کہا کرو: ادب و تعظیم اور اظہارِ نیاز کے سارے کلمے اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں اور تمام عبادات اور تمام صدقات اللہ تعالیٰ ہی کے واسطے ہیں (اور میں ان سب کا نذرانہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش کرتا ہوں)۔ تم پر سلام ہو اے نبی! اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے سب نیک بندوں پر۔ پس میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت اور بندگی کے لائق نہیں (صرف وہی معبودِ برحق ہے)۔ اور میں اس کی بھی شہادت دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔

حدیث 5:۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ رُسْتَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ، ثنا زُفَرُ بْنُ الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا تَشْرَبُوا مُسْكِرًا''۔

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج1 ص374 رقم 693)

ترجمہ حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''نشہ آور چیز نہ پیو''۔

حدیث 6:۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلَّوَيْهِ، قَاضِي قَزْوِينَ بِأَصْبَهَانَ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ''۔ الْحَدِيثَ

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج2 ص78 رقم 1141)

ترجمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے''۔

حدیث 7:۔حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا النُّعْمَانُ، عَنْ شُعْبَةَ، وَأَبِي حَنِيفَةَ، وَسُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ''لَا يُصَامُ هٰذَانِ الْيَوْمَانِ: يَوْمُ الْفِطْرِ وَيَوْمُ النَّحْرِ''۔

(تاریخ أصبهان = أخبار أصبهان ج2 ص158 رقم 1347)(عَنْ أَبِي سَعِيدٍ: بخاری رقم 1992؛ مسلم رقم 140-827، 141-1138؛ ترمذی رقم 772؛ ابوداؤد رقم 2417؛ ابن ماجہ رقم 1721؛ مسند احمد رقم 11417، 11681؛ سنن دارمی رقم 1794؛ سنن کبریٰ نسائی رقم 2805، 2807؛ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: مسند احمد رقم 10634؛ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ: مسند بزار رقم 186)

ترجمہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''دو دن روزہ نہیں رکھا جائے گا: عید الفطر کے دن اور عید الاضحیٰ کے دن۔

33 امام محمد بن سلامة بن جعفر أبو عبد الله، القضاعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 454ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 مسند الشہاب میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 3 احادیث

حدیث 1:۔أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّفَّارُ، أبنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْفَضْلِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَبِيبٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''الْيَمِينُ الْفَاجِرَةُ تَدَعُ الدِّيَارَ بَلَاقِعَ''۔

(مسند الشهاب، رقم 255۔ المؤلف: أبو عبد الله محمد بن سلامة بن جعفر بن علی بن حکمون القضاعی المصری (المتوفی: 454ھ)۔ الناشر: مؤسسة الرسالة - بیروت۔ الطبعة: الثانیة، 1407 - 1986۔ عدد الأجزاء: 2؛ مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص242؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 19870، 19871؛ مسند أبی حنیفة

روایة الحصکفی، کتاب الأیمان رقم 1)(السنن الصغیر بیہقی رقم 3159؛ الخلافیات بیہقی رقم 5435؛ شعب الایمان رقم 4501؛؛ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ: الکنی والأسماء، للدولابی رقم 2072؛ من حدیث خیثمة بن سلیمان ص 70؛ مسند إسحاق بن راهویه رقم 2425 مرسلاً؛ الخلافیات بیہقی رقم 5436 مرسلاً؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 19872 مرسلاً؛ صَحِيحُ الْجَامِعِ: 5391؛ الصَّحِيحَة: 978)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جھوٹی قسمیں گھروں کو ویران کر دیتی ہیں''۔

حدیث 2:۔ ''اِعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ''۔

أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ، أنبأ أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ الْمَقَابِرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ شَاهِينٍ، قَالَ: ثنا مَسْعُودُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذٰلِكَ فِي حَدِيثٍ وَذَكَرَهُ۔

(مسند الشهاب، رقم 674؛ السنة، لإبن أبی عاصم رقم 173؛ مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص 169؛ القضاء والقدر، للبیهقی رقم 54؛ مسند أبی حنیفة روایة الحصکفی، كِتَابُ الْإِيمَانِ وَالْإِسْلَامِ وَالْقَدَرِ وَالشَّفَاعَةِ رقم 14، 15، 16؛ عن جابر رضی اللہ عنہ: الآثار لابی یوسف رقم 581؛ مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص 29، 30)

ترجمہ امام قضاعی رحمۃ اللہ علیہ نے ترجمۃ الباب:

''اِعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ''

ترجمہ تم عمل کرو، ہر شخص کے لیے انہی کاموں کو آسان کیا جاتا ہے، جن کے لیے اس کی تخلیق کی گئی ہے۔

کے تحت حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث روایت کی ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث میں یہی فرمایا ہے۔

حدیث 3:۔أَخْبَرَنَا الْخَصِيبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، أنبأ الْحَسَنُ بْنُ رَشِيقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَا مِنْ شَيْءٍ أُطِيعُ اللهُ فِيهِ بِأَعْجَلَ ثَوَابًا مِنْ صِلَةِ الرَّحِمِ، وَمَا مِنْ عَمَلٍ يُعْصَى اللهُ فِيهِ بِأَعْجَلَ عُقُوبَةً مِنْ بَغْيٍ''۔

(مسند الشهاب، رقم 815؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص 243؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 19870؛ شعب الایمان رقم 4501؛ مسند أبي حنيفة رواية الحصكفي، كِتَابُ الْأَيمَانِ رقم 1) (الخلافیات بیہقی رقم 5435؛ صَحِيح الْجَامِع: 5391؛ الصَّحِيحَة: 978)

ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے اُمور میں سب سے جلد ثواب صلۂ رحمی پر دیا جاتا ہے، جب کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے معاملات میں سب سے جلد گرفت ظلم پر ہوتی ہے''۔

34 امام أحمد بن الحسين بن على بن موسى أبو بكر البيهقي رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 456ھ) کی روایت کردہ احادیث

1 سنن الکبریٰ بیہقی میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 37 احادیث

نمبر شمار	عنوان: کتاب/باب	تعداد	رقم الحدیث
1	بَابُ التَّكْرَارِ فِي مَسْحِ الرَّأْسِ	1	297
2	بَابُ الْوُضُوءِ مِنَ الْمُلَامَسَةِ	1	612
3	بَابُ تَرْكِ الْوُضُوءِ مِنَ الْقَهْقَهَةِ فِي الصَّلَاةِ	1	680

نمبر شمار	عنوان: کتاب/باب	تعداد	رقم الحدیث
4	بَابُ فَرْضِ الْغُسْلِ	1	850
5	بَابُ مَنْ خَلَعَ خُفَّيْهِ بَعْدَ مَا مَسَحَ عَلَيْهِمَا	2	1373، 1375
6	بَابُ الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْسِلُ عَنْهَا أَثَرَ الدَّمِ وَتَغْتَسِلُ وَتَسْتَثْفِرُ بِثَوْبٍ وَتُصَلِّي ثُمَّ تَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلَاةٍ	1	1623
7	بَابُ مَنْ قَالَ لَا يَقْرَأُ خَلْفَ الْإِمَامِ عَلَى الْإِطْلَاقِ	2	2896، 2897
8	بَابُ وُجُوبِ التَّحَلُّلِ مِنَ الصَّلَاةِ بِالتَّسْلِيمِ	1	3973
9	بَابٌ: لَا تَصِلِ الْمَرْأَةُ شَعْرَهَا بِشَعْرِ غَيْرِهَا	1	4231
10	بَابُ الْمُسْلِمِ يَزْرَعُ أَرْضًا مِنْ أَرْضِ الْخَرَاجِ فَيَكُونُ عَلَيْهِ فِي زَرْعِهِ الْعُشْرُ أَوْ نِصْفُ الْعُشْرِ	1	7499
11	بَابُ الْقَوْمِ يُخْطِئُونَ فِي رُؤْيَةِ الْهِلَالِ	1	8209
12	بَابُ مَا يَأْكُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الصَّيْدِ	1	9916
13	بَابُ مَنْ قَالَ يَجُوزُ بَيْعُ الْعَيْنِ الْغَائِبَةِ	1	10426
14	بَابٌ: الْمُتَبَايِعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ	1	10453
15	بَابُ مَا جَاءَ فِي مَالِ الْعَبْدِ	1	10769
16	بَابُ مَا جَاءَ فِي بَيْعِ دُورِ مَكَّةَ وَكِرَائِهَا وَجَرَيَانِ الْإِرْثِ فِيهَا	1	11184
17	بَابُ لَا شُفْعَةَ فِيمَا يُنْقَلُ وَيُحَوَّلُ	1	11597

18	بَابُ لَا تَجُوزُ الْإِجَارَةُ حَتَّى تَكُونَ مَعْلُومَةً، وَتَكُونَ الْأُجْرَةُ مَعْلُومَةً	1	11651
19	بَابُ مَا جَاءَ فِي إِنْكَاحِ الثَّيِّبِ	1	13688
20	بَابُ لَا وَقْتَ فِي الصَّدَاقِ كَثُرَ أَوْ قَلَّ	1	14342
21	بَابُ مَا جَاءَ فِي طَلَاقِ الَّتِي لَمْ يُدْخَلْ بِهَا	1	15087
22	الرِّوَايَاتُ فِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ	1	15928
23	بَابُ مَا جَاءَ فِي قَتْلِ الْغِيلَةِ فِي عَفْوِ الْأَوْلِيَاءِ	1	16060
24	بَابُ عَفْوِ بَعْضِ الْأَوْلِيَاءِ عَنِ الْقِصَاصِ دُونَ بَعْضٍ	1	16074
25	بَابُ تَقْدِيرِ الْبَدَلِ بِاثْنَيْ عَشَرَ أَلْفَ دِرْهَمٍ أَوْ بِأَلْفِ دِينَارٍ عَلَى قَوْلِ مَنْ جَعَلَهُمَا أَصْلَيْنِ	1	16187
26	بَابُ مَا جَاءَ فِي جِرَاحِ الْمَرْأَةِ	1	16309
ترجمہ حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو اُس نے زنا کا اقرار کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے واپس کر دیا۔ پھر وہ دوبارہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوبارہ اس کو واپس کر دیا۔ پھر وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تیسری مرتبہ حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے پھر واپس کر دیا۔ پھر جب وہ چوتھی مرتبہ حاضر ہوا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کی قوم سے دریافت فرمایا: ''کیا تم اس کی عقل میں کچھ فتور یعنی نقصان دیکھتے ہو؟''۔ انھوں نے عرض کیا: ''نہیں''۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے رجم کا حکم دیا۔ تو اس کو ایسی جگہ رجم کرنا شروع کیا، جہاں پتھروں کی تعداد کم تھی۔ تو اس کی موت میں تاخیر ہوگئی۔ تو وہ بھاگتے ہوئے ایسی جگہ جا پہنچا جہاں پتھروں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ لوگوں نے اُس کا پیچھا کیا، اور وہاں پہنچ کر اس کو پتھر مارتے رہے یہاں تک کہ اسے مار دیا۔ پھر لوگوں نے اس کا سارا ماجرہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بیان کیا، اور اس کے بھاگ جانے کا واقعہ بھی بیان کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کاش! تم اس کا راستہ چھوڑ دیتے (اور اس کو بھاگ جانے دیتے)''۔ اس کی قوم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے بارے میں سوال کیا، اور اس کے دفن کرنے اور اس پر نمازِ جنازہ پڑھنے کے بارے میں اجازت طلب کی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان امور میں اجازت عطا فرما دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اُس نے ایسی توبہ کی ہے، اگر اس کی توبہ لوگوں کا ایک گروہ کر لے، تو اُن سب کی توبہ قبول کر لی جائے گی''۔

حدیث 2:-وَبِهِ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ

اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ، حَتّٰى يُرَىٰ بَيَاضُ خَدِّهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلُ ذٰلِكَ، حَتّٰى يُرَىٰ بَيَاضُ خَدِّهِ الْأَيْسَرِ مِمَّا يَلْتَفِتُ"۔

(المنتقی من الفوائد الحسان فی الحدیث، ص72، الْحَدِيثُ الرَّابِعُ وَالْأَرْبَعُونَ)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (نماز کے اختتام پر) دائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے فرماتے: ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ''، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس طرح سلام پھیرتے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دایاں رُخسار نظر آتا۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بائیں طرف سلام پھیرتے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بایاں رخسار بھی نظر آتا تھا''۔

حدیث 3:۔وَبِهِ: ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَهُ الْمُبْتَاعُ"۔

(المنتقی من الفوائد الحسان فی الحدیث، ص75، الْحَدِيثُ السَّادِسُ وَالْأَرْبَعُونَ)

ترجمہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے غلام فروخت کیا، اوراس غلام کے پاس مال ہے۔ تو یہ مال فروخت کرنے والا کا ہے، مگر یہ کہ خریدنے والا اس کو مشروط کرلے''۔

46 امام ابن حَجَر العَسقلانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 852ھ) کی روایت کردہ حدیث

1 ''الأمالی المطلقة'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1:۔وَبِالْإِسْنَادِ الْمَاضِي إِلَى الطَّبَرَانِيِّ فِي الْأَوْسَط. قَالَ وَحدثنا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الدَّرْدَاءِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُنِيبٍ، قَالَ

حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ رَشِيدٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، قَالَ حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَرَجُلٌ قَامَ إِلَى إِمَامٍ جَائِرٍ فَأَمَرَهُ وَنَهَاهُ فَقَتَلَهُ"۔

(الأمالی المطلقة، ص197۔ المؤلف: أبو الفضل أحمد بن علی بن محمد بن أحمد بن حجر العسقلانی (المتوفى: 852ھ)۔ الناشر: المكتب الإسلامی - بیروت۔ الطبعة: الأولى، 1416ھ-1995م)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''سید الشہداء حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہیں، اور وہ شخص ہے جس نے جابر سلطان کے سامنے کھڑے ہوکر اسے بھلائی کا حکم دیا، اور برائی سے منع کیا، تو اس نے اسے قتل کر دیا''۔

2 ''الإمتاع بالأربعين المتباينة السماع'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 2:۔أَخْبرنِي أَبُو مُحَمَّدٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ سَلْمَانَ الْبَالِسِيُّ، أنا أَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بن الرضى، أنا أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْخَطِيبُ، أنا يَحْيَى بْنُ مَحْمُودٍ الثَّقَفِيُّ، أنا عَبْدُ الْكَرِيم بن عبد الرَّزَّاق فِي آخَرِينَ، قَالُوا: أنا أَبُو الطَّيِّبِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَمَّةَ، أنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَلِيٍّ بن عَاصِم بن الْمقري، أنا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ رَزِينٍ الْعَطَّارُ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ يَعْنِي النُّعْمَانَ بْنَ ثَابِتٍ الْإِمَامَ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ السَّعْدِيِّ، عَن أبي نَضرة، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ سَعْدِ بْنِ مَالِك الْخُدْرِيِّ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا تَصْلُحُ صَلَاةٌ إِلَّا بِأُمِّ الْقُرْآنِ وَمَعَهَا غَيْرُهَا"۔

هٰذَا حَدِيثٌ مُتَّصِلٌ عَالٍ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَه عَنِ ابْنِ كُرَيْبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ

(الإمتاع بالأربعين المتباينة السماع، ص 40: الحَدِيث الثَّالِث وَالْعِشْرُونَ من حرف السِّين عَن أبي سعيد. المؤلف: أبو الفضل أحمد بن علي بن محمد بن أحمد بن حجر العسقلاني (المتوفى: 852ھ). الناشر: دار الكتب العلمية - بيروت - لبنان. الطبعة: الأولى، 1418ھ-1997م)

ترجمہ حضرت ابوسعید سعد بن مالک خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''(اکیلے شخص کی) نماز سورت فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی سورت ملائے بغیر درست نہیں ہوتی''۔

نوٹ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''شرح کتاب الاذکار'' میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک حدیث بہ سند متصل نقل کی ہے۔

(نتائج الافکار فی تخریج احادیث الاذکار، ۲/۶۰ ۳ طبع دار ابن کثیر، بیروت)

47 امام محمد بن أحمد بن سعيد الحنفي المكيّ، شمس الدين، المعروف كوالده بعقيلة رحمۃ اللہ علیہ (المتوفى 1150ھ) کی روایت کردہ حدیث

1 ''الفوائد الجليلة فی مسلسلات ابن عقيلة'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 1:- الخامس عشر: الحَدِيث المسلسل بالفقهاء الحنفية وَهُوَ من مستخرجاتي

أَجَازَنَا بِذٰلِكَ مَوْلَانَا الشَّيْخ حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعُجَيْمِيُّ الْحَنَفِيُّ، عَنِ الشَّيْخ خَيْرِ الدِّينِ الرَّمْلِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنِ الشَّيْخ مُحَمَّدِ بْنِ سِرَاجِ الدِّينِ الْحَانُوتِيِّ

الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الشِّبْلِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْكَرَكِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنِ الشَّيْخ أَمِينِ الدِّينِ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدٍ الأقصرائِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنِ الشَّيْخ مُحَمَّدِ بْنِ الْبُخَارِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنِ الشَّيْخ حَافِظِ الدِّينِ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبُخَارِيِّ الطَّاهِرِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ صَدْرِ الشَّرِيعَةِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ جَدِّهِ تَاجِ الشَّرِيعَةِ مَحْمُودٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ وَالِدِهِ صَدْرِ الشَّرِيعَةِ أَحْمَدَ الْحَنَفِيِّ، عَنْ وَالِدِهِ جَمَالِ الدِّينِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْمَحْبُوبِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الْبُخَارِيِّ، عُرِفَ بِإِمَامِ زَادَهْ الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَبِي الْفَضَائِلِ شَمْسِ الأَئِمَّةِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الزَّرَنْجَرِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ شَمْسِ الأَئِمَّةِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَحْمَدَ الْحَلْوَانِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَبِي عَلِيٍّ الْخَضِرِ النَّسَفِيِّ بْنِ عَلِيٍّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الْبُخَارِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنِ الأُسْتَاذِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَارِفِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَبِي حَفْصٍ الصَّغِيرِ مُحَمَّدٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَبِيهِ حَفْصٍ الْكَبِيرِ أَحْمَدَ بْنِ حَفْصٍ الْبُخَارِيِّ الْحَنَفِيِّ، عَنِ الإِمَامِ الرَّبَّانِيِّ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الإِمَامِ أَبِي حَنِيفَةَ النُّعْمَانِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا بَعَثَ جَيْشًا أَوْ سَرِيَّةً، أَوْصَى إِلَى صَاحِبِهَا: بِتَقْوَى اللهِ فِي نَفْسِهِ خَاصَّةً، وَأَوْصَاهُ بِمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا، ثُمَّ قَالَ: ''اغْزُ بِاسْمِ اللهِ، فِي سَبِيلِ اللهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا، وَإِذَا لَقِيتُمْ عَدُوَّكُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَادْعُوهُمْ إِلَى الإِسْلَامِ، فَإِنْ أَسْلَمُوا فَاقْبَلُوا مِنْهُمْ وَكُفُّوا عَنْهُمْ، وَأَخْبِرُوهُمْ أَنَّهُمْ كَأَعْرَابِ الْمُسْلِمِينَ، يَجْرِي عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللهِ الَّذِي يَجْرِي عَلَى الْمُسْلِمِينَ، وَلَيْسَ لَهُمْ فِي الْفَيْءِ، وَلَا فِي الْغَنِيمَةِ نَصِيبٌ، فَإِنْ أَبَوْا فَادْعُوهُمْ إِلَى إِعْطَاءِ الْجِزْيَةِ، فَإِنْ فَعَلُوا فَاقْبَلُوا ذٰلِكَ مِنْهُمْ وَكُفُّوا عَنْهُمْ، وَإِذَا حَاصَرْتُمْ أَهْلَ حِصْنٍ أَوْ مَدِينَةٍ، فَسَأَلُوكُمْ أَنْ

تُنْزِلُوهُمْ عَلَى حُكْمِ اللهِ، فَلا تُنْزِلُوهُمْ، فَإِنَّكُمْ لا تَدْرُونَ مَا حُكْمُ اللهِ فِيهِمْ، وَلٰكِنَّهُمْ عَلَى حُكْمِكُمْ، ثُمَّ احْكُمُوا فِيهِمْ بِمَا رَأَيْتُمْ.

وَإِذَا حَاصَرْتُمْ أَهْلَ حِصْنٍ أَوْ مَدِينَةٍ، فَأَرَادُوكُمْ عَلَى أَنْ تُعْطُوهُمْ ذِمَّةَ اللهِ، وَذِمَّةَ رَسُولِهٖ، فَلا تُعْطُوهُمْ ذِمَّةَ اللهِ، وَلا ذِمَّةَ رَسُولِهٖ، وَلٰكِنْ أَعْطُوهُمْ ذِمَمَكُمْ، وَذِمَمَ آبَائِكُمْ، فَإِنَّكُمْ إِنْ تَخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ فَهُوَ أَهْوَنُ''.

(الفوائد الجليلة فی مسلسلات ابن عقيلة، ص108، 109۔ الخامس عشر: الحدیث المسلسل بالفقهاء الحنفية وهو من مستخرجاتی۔ المؤلف: محمد بن أحمد بن سعيد الحنفی المكی، شمس الدين، المعروف كوالده بعقيلة (المتوفى: 1150ھ)۔ الناشر: البشائر الإسلامية، بيروت۔ الطبعة: الأولى، 1421ھ-2000م)

ترجمہ حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کبھی کسی چھوٹے یا بڑے لشکر کو روانہ فرماتے، تو اس کے امیر کو بالخصوص اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتے اور اس کے ساتھی مسلمانوں کو نیکی کی وصیت کرتے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے:

''اللہ کے نام پر جہاد کرو، اللہ تعالیٰ کے منکرین سے جنگ کرو (مگر دورانِ جنگ) خیانت نہ کرو، عہد شکنی نہ کرو، کسی دشمن کے اعضاء نہ کاٹو اور کسی بچے کو قتل نہ کرو۔ جب تمہارا اپنے دشمن مشرکوں سے مقابلہ ہو، تو (جنگ شروع ہونے سے پہلے) انھیں اسلام کی دعوت دینا، اگر وہ اسلام لے آئیں، تو ان کا اسلام قبول کرلو اور ان سے جنگ نہ کرو۔ پھر انھیں دعوت کہ وہ اپنا شہر چھوڑ کر مسلمانوں کے شہر میں آجائیں۔ اگر انھوں نے ایسا کرلیا، تو انھیں قبول کرلو (اور انھیں ہر طرح کی سہولت فراہم کرو)۔ اگر وہ مسلمانوں کے شہر میں آنے سے انکار کریں، تو اُن کو یہ خبر دے دو کہ پھر وہ (گھر بیٹھنے والے) دیہاتی مسلمانوں کی مانند ہیں، اور ان پر دیہاتی مسلمانوں کے احکامِ الٰہی نافذ ہوں گے، اور ان کو مالِ فے اور غنیمت سے (جہاد کے بغیر) کوئی حصہ نہیں ملے گا۔

اگر وہ لوگ اس دعوت کو قبول نہ کریں، تو پھر انھیں جزیہ دینے کی دعوت دو۔ پھر اگر وہ

اس کو تسلیم کرلیں، تو تم بھی اس کو قبول نہ کریں، اور ان سے جنگ نہ کرو۔ جب تم کسی قلعہ یا شہر کا محاصرہ کرلو اور ان کا یہ ارادہ ہو کہ تم اُن کو اللہ کے حکم کے مطابق حیثیت دو، تو تم ان کو اللہ کے حکم کے بموجب حیثیت نہ دو، کیونکہ تم اس معاملے میں اللہ کے حکم کو نہیں جانتے (تو تم سے خطا بھی ہوسکتی ہے۔ لہٰذا) تم اُن کو اپنے حکم کے مطابق حیثیت دو۔ پھر جیسا تم مناسب سمجھو، ان کے درمیان فیصلہ کرو۔

جب بھی تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو (اور تمہیں بفرضِ محال اہلِ قلعہ سے کوئی عہد کرنا پڑے) تو تم انہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ضمانت فراہم نہ کرنا (یہ توڑنی بھی پڑسکتی ہے)، بلکہ انہیں اپنی اور اپنے آباؤ واجداد کی ضمانت دینا کیونکہ تمہارا اپنا اور اپنے آباء کے عہد کو توڑنا (اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد کو توڑنے سے) بہت آسان ہے''۔

باب 10

صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم سے مروی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ احادیث

1 صحابہ رضی اللہ عنہم سے مروی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ احادیث

1 ''موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 5 احادیث

حدیث 1:۔ قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللهُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي مَسِّ الذَّكَرِ. قَالَ: "مَا أُبَالِي مَسَسْتُهُ، أَوْ طَرَفَ أَنْفِي".

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 18)

ترجمہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے ذَکر کے چھونے کے بارے میں سوال کیا گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''مجھے اس کی پرواہ نہیں کہ میں اس کو ہاتھ لگا لوں، یا اپنی ناک کے ایک حصہ کو ہاتھ لگا لوں''۔

حدیث 2:۔ قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ سُئِلَ عَنِ الْوُضُوءِ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ؟ فَقَالَ: "إِنْ كَانَ نَجِسًا فَاقْطَعْهُ".

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 19)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ذَکر کو ہاتھ لگ جانے کے بارے میں سوال کیا گیا۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اگر وہ نجس ہے تو اس کو کاٹ ڈال لے''۔

حدیث 3:۔ قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، قَالَ: "كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يُصَلِّي التَّطَوُّعَ عَلَى رَاحِلَتِهِ أَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ، فَإِذَا كَانَتِ الْفَرِيضَةُ، أَوِ الْوِتْرُ نَزَلَ فَصَلَّى". (موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 210)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سفر میں نفل نماز اپنی سواری پر ادا کر لیتے تھے، چاہے اس سواری کا رُخ جدھر ہی ہو۔ پھر جب فرض نماز یا وتر ادا کرنی ہوتے، تو سواری سے اُتر کر ادا فرماتے''۔

حدیث 4:۔ قَالَ مُحَمَّدٌ: أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّهُ قَالَ: "مَا أُحِبُّ أَنِّي تَرَكْتُ الْوِتْرَ بِثَلَاثٍ، وَإِنَّ لِي حُمْرَ النَّعَمِ".

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 260)

ترجمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ میں تین رکعت وتر کی نماز چھوڑ دوں، چاہے اس کے بدلے میں مجھے سُرخ رنگ کے اونٹ ہی مل جائیں''۔

حدیث 5:۔ أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، "أَنَّ رَجُلا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ، ثُمَّ تَرَكَهَا حَتَّى انْقَطَعَ دَمُهَا مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ وَدَخَلَتْ مُغْتَسَلَهَا، وَأَدْنَتْ مَاءَهَا، فَأَتَاهَا فَقَالَ لَهَا: "قَدْ رَاجَعْتُكِ". فَسَأَلْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ ذَلِكَ وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ عُمَرُ: "قُلْ فِيهَا بِرَأْيِكَ". فَقَالَ: "أَرَاهُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ! أَحَقَّ بِرَجْعَتِهَا مَا لَمْ تَغْتَسِلْ مِنْ حَيْضَتِهَا الثَّالِثَةِ". فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: "وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ". ثُمَّ قَالَ عُمَرُ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ: "كُنَيْفٌ مُلِئَ عِلْمًا".

(موطأ مالك برواية محمد بن الحسن الشيباني، رقم 607)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی، جس میں اُسے رجوع کرنے کا اختیار تھا۔ پھر اس نے اس اختیار کو استعمال نہیں کیا، یہاں تک کہ تیسرے حیض کا خون آنا بھی ختم ہو گیا، اور نہانے کے لیے غسل میں داخل بھی ہو گئی، اور اس نے پانی بھی اپنے قریب کر لیا تھا۔ اسی وقت اس کا خاوند کے پاس آیا، تو اُس نے کہا: ''بے شک میں نے تجھ سے مراجعت کر لی ہے''۔ اس عورت نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس مسئلہ کو دریافت کیا۔ اس وقت اُن کے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: ''آپ رضی اللہ عنہ اس مسئلہ کے بارے میں اپنی رائے پیش کریں''۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اے امیر المؤمنین! میری رائے یہ ہے کہ اس مرد کو اس وقت تک مراجعت کا حق ہے جب تک عورت اپنے تیسرے حیض کے بعد غسل نہ کر لے''۔ یہ سُن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''میری بھی رائے یہی ہے''۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''یہ ایسا برتن ہے جو علم سے بھرا ہوا ہے''۔

2 سنن کبریٰ نسائی میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 6:۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ النُّعْمَانِ يَعْنِي أَبَا حَنِيفَةَ، عَنْ عَاصِمٍ هُوَ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "لَيْسَ عَلَى مَنْ أَتَى بَهِيمَةً حَدٌّ". (سنن کبریٰ نسائی رقم 7301)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''جو آدمی چوپائے سے بدکاری کرے، اس پر حد نہیں (اگرچہ یہ عمل کبیرہ گناہ ہے)''۔

3 سنن دار قطنی میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 4 احادیث

حدیث 7:۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ، نا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ، نا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنِ ابْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عَجْرَدٍ، فِي جُنُبٍ نَسِيَ الْمَضْمَضَةَ

وَالِاسْتِنْشَاقَ. قَالَتْ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: "يُمَضْمِضُ وَيَسْتَنْشِقُ وَيُعِيدُ الصَّلَاةَ". (سنن دار قطنی رقم 414؛ عن عطاءؒ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 2057)

ترجمہ حضرت عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''جو شخص غسلِ جنابت کرتے وقت (واجباتِ غسل) کُلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا بھول جائے، (پھر اسی حالت میں نماز پڑھ لے، تو) اس کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''وہ کلی کرے، ناک میں پانی ڈالے اور نماز کا اعادہ کرے''۔

حدیث 8:۔ نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَعِيدٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، وَأَبُو مُطِيعٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: "لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ فِي أَقَلِّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ".
(سنن دار قطنی رقم 3432) (عن ابن مسعودؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28106؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28104؛ ابوداؤد رقم 4387؛ سنن نسائی رقم 4949؛ شرح معانی الآثار رقم 4951؛ عن سعد بن ابی وقاصؓ: ابن ماجہ رقم 2586؛ مسند احمد رقم 1455؛ شرح معانی الآثار رقم 4950؛ عَنْ أَيْمَنَ الْحَبَشِيِّ: نسائی رقم 4943 تا 4949؛ شرح معانی الآثار رقم 4953، 4954؛ معجم کبیر طبرانی 25/ (رقم 228)؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 17174؛ عن ابن عمروؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28105؛ سنن دار قطنی 3428، 3429؛ المخلصیات رقم 731-(116)؛ عن عثمانؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28112)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''دس درہم سے کم چوری پر چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا''۔

حدیث 9:۔ نا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ، نا يَعِيشُ بْنُ الْجَهْمِ، نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: "إِذَا سَرَقَ السَّارِقُ قُطِعَتْ يَدُهُ الْيُمْنَى، فَإِنْ عَادَ قُطِعَتْ رِجْلُهُ الْيُسْرَى، فَإِنْ عَادَ ضَمِنْتُهُ السِّجْنَ حَتَّى يُحْدِثَ خَيْرًا، إِنِّي أَسْتَحْيِي مِنَ اللهِ أَنْ أَدَعَهُ لَيْسَ لَهُ يَدٌ يَأْكُلُ بِهَا وَيَسْتَنْجِي بِهَا، وَرِجْلٌ يَمْشِي عَلَيْهَا".

(سنن دارقطنی رقم 3166، 3388؛مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص160؛ الخلافیات بیہقی رقم 5029)(مصنف عبدالرزاق رقم 18764؛مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28270، 28271؛سنن کبریٰ بیہقی رقم 17269؛الخلافیات بیہقی رقم 5028)

ترجمہ حضرت علی ؓ نے ارشاد فرمایا:''جب کوئی چور چوری کرے، تو اُس کا دایاں ہاتھ کاٹا جائے گا، دوبارہ کرنے پر اُس کی بائیں ٹانگ کاٹی جائے گی۔ پھر بھی چوری کرے تو میں اسے حوالات میں بند کروں گا یہاں تک کہ اُس کی اصلاح ہو جائے۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے حیا آتی ہے کہ میں اسے اس حال میں چھوڑوں کہ اُس کا نہ کوئی ہاتھ ہو جس سے وہ کھائے اور استنجا کرے اور اُس کی نہ کوئی ٹانگ ہو جس پر وہ چل سکے''۔

حدیث 10:۔نا أَبُو طَاهِرٍ الْقَاضِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ، نا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عِقَابٍ، وَأَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: "امْرَأَةٌ أَنَا وَلِيُّهَا تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ إِذْنِي". فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: "تَنْظُرُ فِيمَا صَنَعَتْ إِذَا كَانَتْ تَزَوَّجَتْ كُفُؤًا أَجَزْنَا ذٰلِكَ لَهَا، وَإِنْ كَانَتْ تَزَوَّجَتْ مَنْ لَيْسَ لَهَا بِكُفْءٍ جَعَلْنَا ذٰلِكَ إِلَيْكَ".

(سنن دارقطنی رقم 3572)

ترجمہ ایک شخص نے حضرت علی ؓ کی خدمت میں عرض کیا:''میں ایک عورت کا ولی ہوں، اُس نے میری اجازت کے بغیر نکاح کر لیا ہے''۔ حضرت علی ؓ نے فرمایا:''تم اس کے احوال دیکھو۔ اگر اُس نے کُفو میں شادی کی ہے، تو ہم اُسے اجازت دیتے ہیں، اور اگر اُس نے بغیر کفو کے شادی کی ہے، تو ہم یہ فیصلہ تمہارے ذمہ کرتے ہیں (تم چاہے اُن کا نکاح برقرار رکھو، اور چاہے توڑ دو)''۔

4 سنن کبریٰ بیہقی میں امام اعظم ؒ سے مروی 2 احادیث

حدیث 11:۔أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، أنبأ أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، أنبأ بِشْرُ بْنُ مُوسَى، أنبأ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ، ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنِ

الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّهُ خَطَبَ النَّاسَ عَلَى مِنْبَرِ الْكُوفَةِ فَقَالَ: "لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ".

(سنن کبریٰ بیہقی رقم 20877؛القضاء والقدر بیہقی رقم 468)(عن ابی ہریرۃ ؓ: مسند ابی یعلی رقم 6404؛عن سعد بن ابی وقاص ؓ: القدر للفریابی رقم 192؛الشریعۃ للآجری رقم 424؛القضاء والقدر بیہقی رقم 357؛عن عمران بن حصین ؓ: معجم کبیر طبرانی رقم 10564؛عن زید بن ثابت ؓ: السنۃ لابن ابی عاصم 245؛الإبانة الكبرى لابن بطة رقم 1444؛شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة رقم 1106؛مسند الشامیین طبرانی رقم 1962؛عن جابر ؓ: ترمذی رقم 2144؛عن ابن عمرو ؓ: مسند احمد رقم 6703، 6985؛مسند الحارث رقم 740؛معجم اوسط طبرانی رقم 1955، 7043)

ترجمہ حضرت علی ؓ نے کوفہ کے منبر پر لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:''جو شخص تقدیر کے خیر وشر پر ایمان نہ لائے، وہ ہم میں سے نہیں''۔

حدیث 12:۔أنبأ أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، ثنا أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ أُمِّ ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: "لَا بَأْسَ بِالْوِصَالِ فِي الشَّعْرِ إِذَا كَانَ مِنْ صُوفٍ".

(سنن کبریٰ بیہقی رقم 4231؛الآثار لابی یوسف رقم 1049؛مصنف ابن ابی شیبہ رقم 25233؛؛؛؛)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں:''(خوبصورتی کے لیے خواتین کا) بالوں کو اُون کے ساتھ جوڑنے میں کوئی حرج نہیں''۔

5 مصنف عبدالرزاق میں امام اعظم ؒ سے مروی 5 احادیث

حدیث 13:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: صَلَّى بِأَصْحَابِهِ فِي دَارِهِ بِغَيْرِ إِقَامَةٍ، وَقَالَ: "إِقَامَةُ الْمِصْرِ تَكْفِي".

(مصنف عبدالرزاق رقم 1961؛معجم کبیر طبرانی رقم 9272؛مجمع الزوائد رقم 1913؛نصب الرایۃ ج1 ص291؛الدرایۃ فی تخریج الہدایۃ ج1 ص121)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ نے اپنے شاگردوں کو اپنے گھر میں بغیر اقامت نماز

پڑھائی، اور ارشاد فرمایا: ”شہر (جامع مسجد) میں کہی گئی اقامت کفایت کرتی ہے“۔

حدیث 14: ۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: "فِي بَيْضِ النَّعَامِ يُصِيبُهُ الْمُحْرِمُ قِيمَتُهُ"۔

(مصنف عبدالرزاق رقم 8303؛ الآثار لابی یوسف رقم 502) (عن ابن مسعودؓ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 15208؛ الکنیٰ والاسماء للدولابی رقم 1509؛ عن ابی ہریرۃؓ: ابن ماجہ رقم 3086 مرفوعاً؛ سنن دارقطنی رقم 2562؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 10024؛ معجم اوسط طبرانی رقم 6277؛ عن ابن عباسؓ: مصنف عبدالرزاق رقم 8294؛ عن عمرؓ: مصنف عبدالرزاق رقم 8296؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 15212؛ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ رضی اللہ عنہ: مصنف عبدالرزاق رقم 8302؛ صححه الألبانی فی الإرواء: 1029)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”حالتِ احرام میں کسی سے اگر شترمرغ کا انڈہ ضائع ہوگیا، تو اس کے ذمہ اس کی قیمت ہوگی“۔

حدیث 15: ۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: "إِذَا أَكَلَ الْكَلْبُ الْمُعَلَّمُ، فَلَا تَأْكُلْ، وَأَمَّا الصَّقْرُ وَالْبَازِيُّ فَإِنَّهُ إِذَا أَكَلَ أَكَلَ"۔

(مصنف عبدالرزاق رقم 8514؛ الآثار لابی یوسف رقم 1065؛؛؛) (سنن کبریٰ بیہقی رقم 18885؛ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ: ترمذی رقم 1467؛ معجم کبیر طبرانی 17/ (رقم 168)؛ الخلافیات بیہقی رقم 5292؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 18885؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 18777)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”جب سدھارا ہوا شکاری کتا شکار کو کھائے، تو تم اسے نہ کھاؤ، اور جب سدھارا ہوا شکرہ یا باز شکار کو کھائے، تو اُسے کھایا جاسکتا ہے (اس میں کوئی حرج نہیں)“۔

حدیث 16: ۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، أَنَّ عَلِيًّا، قَالَ: "دِيَةُ الْيَهُودِيِّ، وَالنَّصْرَانِيِّ، وَكُلِّ ذِمِّيٍّ مِثْلُ دِيَةِ الْمُسْلِمِ"۔ قَالَ أَبُو حَنِيفَةَ وَهُوَ قَوْلِي۔

(مصنف عبدالرزاق رقم 18494) (عن ابن عمرؓ مرفوعاً: معجم اوسط طبرانی رقم 791؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 16243؛ عن ابن عباسؓ: سنن دارقطنی رقم 3358؛ عن ابن مسعودؓ: مصنف عبدالرزاق رقم 18496؛

مصنف ابن ابی شیبہ رقم 27444؛ معجم کبیر طبرانی رقم 9738؛ سنن دارقطنی رقم 3299؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 16355؛ عن ابراہیم نخعیؒ: مصنف عبدالرزاق رقم 10225، 10226، 18499، 18500؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 27448؛ عن علقمہؒ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 27446؛ شرح مشکل الآثار تحت رقم 4469، تحت رقم 4470)

ترجمہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”یہودی، عیسائی اور ہر ذمی کی دیت، مسلمان کی دیت کے برابر ہے“۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ”اسی پر میرا فتویٰ ہے“۔

حدیث 17: ۔أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، سَمِعْتُ أَبَا حَنِيفَةَ قَالَ: رُفِعَ إِلَى عَلِيٍّ يَهُودِيٌّ، أَوْ نَصْرَانِيٌّ تَزَنْدَقَ، قَالَ: "دَعُوهُ تَحَوَّلَ مِنْ كُفْرٍ إِلَى كُفْرٍ"۔ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: فَقُلْتُ لَهُ: "عَمَّنْ هٰذَا؟"۔ فَقَالَ: "عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ قَابُوسِ بْنِ الْمُخَارِقِ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ كَتَبَ فِيهِ إِلَى عَلِيٍّ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ عَلِيٌّ بِهٰذَا"۔

(مصنف عبدالرزاق رقم 19229) (کتاب المحاربۃ من موطأ ابن وہب رقم 77)

ترجمہ یہودی یا عیسائی زندیق ہوجائے، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”اس کو چھوڑ دو، وہ ایک کفر سے دوسرے کفر کی طرف منتقل ہوا ہے“۔

6 مصنف ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 5 احادیث

حدیث 18: ۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ قَالَ: نَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ عِمْرَانَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، "أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَأْخُذَ مِنْهَا أَكْثَرَ مِمَّا أَعْطَاهَا"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 18523؛؛؛) (عن علیؓ: سنن سعید بن منصور رقم 1429، 1433؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 18513؛ عن عطاءؒ مرسلاً: سنن سعید بن منصور رقم 1428؛ المراسیل لابی داؤد رقم 237، 238؛ سنن دارقطنی رقم 3630؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 14846، 14847؛ یعقوب بن سفیان 2/832؛ الثانی من حدیث سفیان بن عیینۃ للطائی رقم 131؛ نصب الرایۃ ج 3 ص 245؛ عن طاؤسؒ: مصنف عبدالرزاق رقم 11817، 11838، 11839؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 18515)

ترجمہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ناپسند فرمایا کہ کوئی خاوند خلع طلب کرنے بیوی سے حق مہر سے زائد کا مطالبہ کرے۔

حدیث 19:۔حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: "حَسِّنُوا أَصْوَاتَكُمْ بِالْقُرْآنِ"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 29941؛ الآثار لابی یوسف رقم 225؛ جزء عوالی الإمام أبی حنیفة رقم 14؛ الأربعون المختارة من حدیث الإمام أبی حنیفة رقم 21؛؛) (عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ مرفوعاً: مسند ابی داؤد طیالسی رقم 774؛ مسند ابن الجعد رقم 2077؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 8737، 29936؛ مسند احمد رقم 18494، 18516، 18704، 18709؛ سنن دارمی رقم 3543، 3544؛ خلق افعال العباد ص 168، 169؛ ابن ماجہ رقم 1342؛ ابوداؤد رقم 1468؛ نسائی رقم 1015، 1016؛ مختصر: قیام اللیل وقیام رمضان و کتاب الوتر ص 137؛ معجم ابن الاعرابی رقم 1589؛ مستدرک حاکم رقم 2125؛ شعب الایمان رقم 1955؛ حلیۃ الاولیاء 5/27)

ترجمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اپنی آوازوں کو قرآن کے ساتھ مزین کرو''۔

حدیث 20:۔أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، سَمِعَهُ مِنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: "يُعْرَضُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى ثَلَاثَةِ دَوَاوِينَ: دِيوَانٌ فِيهِ الْحَسَنَاتُ، وَدِيوَانٌ فِيهِ النَّعِيمُ، وَدِيوَانٌ فِيهِ السَّيِّئَاتُ، فَيُقَابَلُ بِدِيوَانِ الْحَسَنَاتِ دِيوَانُ النَّعِيمِ، فَيَسْتَفْرِغُ النَّعِيمُ الْحَسَنَاتِ، وَتَبْقَى السَّيِّئَاتُ مَشِيئَتُهَا إِلَى اللهِ تَعَالَى، إِنْ شَاءَ عَذَّبَ، وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 34546؛ الآثار لابی یوسف رقم 915؛ مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص 202؛ عن انس رضی اللہ عنہ مرفوعاً: مسند البزار رقم 6462؛ رَوَاهُ الْبَزَّارُ، وَفِيهِ صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، وَهُوَ ضَعِيفٌ: مجمع الزوائد رقم 18434)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''قیامت کے دن لوگوں کو تین رجسٹروں پر پیش کیا جائے گا: ایک رجسٹر میں نیکیاں، ایک میں انعاماتِ الٰہیہ اور ایک میں خطائیں لکھی ہوں گی۔ نعمتوں والے دیوان کو حسنات کے رجسٹر کے سامنے رکھا جائے گا۔ پس انعامات کو نیکیوں میں بدل دیا جائے گا، تو باقی سیئات بچ جائیں گی۔ وہ اللہ تعالیٰ کی مشیت کے سپرد ہوں گی، چاہے وہ عذاب دے اور چاہے بخش دے''۔

حدیث 21:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنْ أُمِّ ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: "لَا بَأْسَ بِالْوِصَالِ إِذَا كَانَ صُوفًا"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 25233؛ الآثار لابی یوسف رقم 1049؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 4231)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''(خوبصورتی کے لیے خواتین کا) بالوں کو اُون کے ساتھ جوڑنے میں کوئی حرج نہیں''۔

حدیث 22:۔حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ:، قَالَ عُمَرُ: "لَيْسَ عَلَى مَنْ أَتَى بَهِيمَةً حَدٌّ"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 28507؛ مسند الإمام أبی حنیفة روایة أبی نعیم ص 190؛ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ: سنن کبریٰ نسائی رقم 7301) (عن ابن عباس رضی اللہ عنہ: ابوداؤد رقم 4465؛ ترمذی رقم 1455؛ مستدرک حاکم رقم 8051؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 17038)

ترجمہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''جانور کے ساتھ وطی کرنے والے پر حد لاگو نہیں ہوگی (بلکہ تعزیر ہوگی)''۔

7 شرح معانی الآثار میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 2 احادیث

حدیث 23:۔ابْنُ أَبِي عِمْرَانَ قَدْ حَدَّثَنَا قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ أَبِي شِهَابٍ الْحَنَّاطِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ رَحِمَهُمَا اللهُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: "كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِذَا حَارَبَ قَنَتَ، وَإِذَا لَمْ يُحَارِبْ لَمْ يَقْنُتْ"۔ (شرح معانی الآثار رقم 1491)

ترجمہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب حالتِ جنگ میں ہوتے تو قنوتِ نازلہ پڑھتے، اور جب حالتِ جنگ میں نہ ہوتے، تو قنوتِ نازلہ نہیں پڑھتے تھے''۔

حدیث 24:۔حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى، قَالَ: ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ، قَالَ: ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اكْتَوَى مِنَ اللَّقْوَةِ، وَرُقِيَ مِنَ الْعَقْرَبِ"۔

(شرح معانی الآثار رقم 7164) (جامع معمر بن راشد رقم 19516، 19774؛ مؤطا مالک رقم 3476؛

الجامع فی الحدیث لابن وھب رقم 704؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 23608؛ الطب النبوی لابی نعیم رقم 517؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 19556)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر ؓ نے لقوہ کے باعث داغ لگوایا اور بچھو کے کاٹے پر دَم کیا۔

8 شعب الایمان میں امام اعظم ؒ سے مروی حدیث

حدیث 25:۔أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، حدثنا خَلَفُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُخَارِيُّ، حدثنا حَامِدُ بْنُ سَهْلٍ، حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، أَخْبَرَنَا أَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، حدثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ: "اقْرَأْ سُورَةَ الْحِجْرِ". قَالَ: "أَوَلَيْسَتْ مَعَكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟". قَالَ: "أَمَّا بِمِثْلِ صَوْتِكَ فَلَا".

(شعب الایمان رقم 2371؛ الآثار لابی یوسف رقم 226)

ترجمہ حضرت عمر فاروق ؓ نے ایک شخص سے کہا: ''آپ سورت الحجر پڑھئیے''۔ اس نے عرض کیا: ''امیر المؤمنین! کیا آپ ؓ کو یاد نہیں ہے؟''۔ حضرت عمر ؓ نے فرمایا: ''(یاد ہے) لیکن تمہاری جیسی حسنِ صوت نہیں ہے''۔

9 کتاب الام للشافعیؒ میں امام اعظم ؒ سے مروی 3 احادیث

حدیث 26:۔أَبُو حَنِيفَةَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُبَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ أَعْطَى مَالَ يَتِيمٍ مُضَارَبَةً. الخ

(الامّ للشافعی ج 7 ص 114؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 21368، 21369؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 11608؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 12067)

ترجمہ حضرت عمر بن خطاب ؓ نے یتیم کے مال کو بطورِ مضاربت دیا۔

حدیث 27:۔أَبُو حَنِيفَةَ - رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَى - عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ

أَعْطَى مَالًا مُقَارَضَةً يَعْنِي مُضَارَبَةً.

(الامّ للشافعی ج 7 ص 114؛ معرفۃ السنن والآثار رقم 12068)

ترجمہ حضرت عثمان بن عفان ؓ نے مال کو بطورِ مضاربت دیا۔

حدیث 28:۔أَبُو حَنِيفَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ أَعْطَى زَيْدَ بْنَ خُلَيْدَةَ مَالًا مُقَارَضَةً.

(الامّ للشافعی ج 7 ص 114؛ الآثار لابی یوسف رقم 845؛ ج 2 ص 482، 483)(معرفۃ السنن والآثار رقم 12069)

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن مسعود ؓ نے حضرت زَيْدُ بْنُ خُلَيْدَةَ ؒ کو مال کو بطورِ مضاربت دیا۔

10 ابنِ سعدؒ کی ''الطبقات الکبریٰ'' میں امام اعظم ؒ سے مروی حدیث

حدیث 29:۔قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْهَيْثَمِ أَبُو قَطَنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: "كَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى لِحْيَةِ أَبِي قُحَافَةَ كَأَنَّهَا ضِرَامُ عَرْفَجٍ".

(طبقات ابن سعد ج 6 ص 9؛ مستدرک حاکم رقم 5070؛ أخبار أبي حنيفة وأصحابه ص 19؛ تعجیل المنفعة بزوائد رجال الأئمة الأربعة رقم 1181)

ترجمہ حضرت انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں: (انھوں نے فتحِ مکہ کے دن حضرت ابوقحافہ ؓ کو دیکھ کر) فرمایا: ''میں حضرت ابوقحافہ ؓ کی داڑھی ایسے دیکھ رہا ہوں گو یا وہ (خضاب کے باعث شدید سرخی کی وجہ سے) عرفج درخت سے پھوٹنے والے شعلہ کی مانند جھاڑی ہو''۔

11 تاریخ جرجان میں امام اعظم ؒ سے مروی حدیث

حدیث 30:۔أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ القطيعي بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ هاشم أَبُو الْعَبَّاسِ الكناني، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

مُصْعَب، حَدَّثَنَا عباد، حَدَّثَنَا عِصَام الْجُرْجَانِي، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عطاء، عن ابن عُمَر، قَالَ: "مَا آسى عَلَى شَيْء إلا أني لَمْ أقاتل الفئة الباغية مَعَ عَلِي".

(تاریخ جرجان ص 282 رقم 483؛ المُعْجَمُ الكَبِير للطبرانی المُجَلَّدان الثَّالِثَ عَشَرَ والرابع عشر رقم 13824، 13825؛ مستدرک حاکم رقم 6360؛ الرياض النضرة في مناقب العشرة ج3 ص 229؛ رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِأَسَانِيدَ، وَأَحَدُهَا رِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيحِ: مجمع الزوائد رقم 12054؛ طبقات ابن سعد ج4 ص 141؛ الاستيعاب في معرفة الأصحاب ج3 ص953 رقم 1612، ص1117 رقم 1853؛ علل الدارقطنی رقم 2865)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''مجھے کسی معاملہ پر افسوس نہیں ہے سوائے اس بات کے، کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر ان کے مخالف باغی گروہ کے خلاف قتال نہیں کیا''۔

12 تالی تلخیص المتشابہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 31:۔أخبرنا الحسن بن الحُسَيْن النعالي، أخبرنا أبو إسحاق سعد بن مُحَمَّد بن إسحاق بن إبراهيم الصَّيْرَفِي، حدثنا مُحَمَّد بن عُثْمَان بن أبي شيبة الْعَبْسِي، حدثنا سام بن نوح بن دراج، حدثنا أبي، عن أبي حنيفة، عن حمَّاد بن أبي سُلَيْمَان، عَن أبي وائل، عَن عبد الله، قَالَ: "مَا أحد أغير من الله فَلذَلِك حرم الْفَوَاحِش مَا ظهر مِنْهَا وَمَا بطن وَمَا أحد أحب إِلَيْهِ الْمَدْح من الله. وَلذَلِك مدح نَفسه".

(تالی تلخیص المتشابہ، ج1 ص112 رقم 42۔ المؤلف: أبو بكر أحمد بن علي بن ثابت بن أحمد بن مهدي الخطيب البغدادي (المتوفى: 463ھ)۔ الناشر: دار الصميعي - الرياض۔ الطبعة: الأولى، 1417۔ عدد الأجزاء: 2) (بخاری رقم 4634، 4637، 5220، 7403؛ مسلم رقم 32-2760، 33-2760، 34-2760، 35-2760؛ ترمذی رقم 3530؛ مسند احمد رقم 3616، 4044، 4153؛ ابن حبان رقم 294؛ مسند ابی یعلی رقم 5123؛ المسند للشاشی رقم

526؛ معجم کبیر طبرانی رقم 10378، 10441؛ مسند الإمام أبي حنيفة رواية أبي نعيم ص84؛ الأسماء والصفات للبيهقي رقم 1007؛ سنن کبریٰ بیہقی رقم 21021)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت والا کوئی نہیں۔ اسی لیے اس نے ظاہری اور باطنی بے حیائی کے کاموں کو حرام فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنی حمد وثنا سے زیادہ اور کوئی چیز محبوب نہیں ہے۔ اسی وجہ سے اس نے اپنی تعریف خود فرمائی ہے''۔

13 ''الانتقاء في فضائل الثلاثة الأئمة الفقهاء مالك والشافعي وأبي حنيفة'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 32:۔حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ النُّعْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى، قَالَ نَا دَاوُد بن رستد، قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأُمَوِيُّ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، أَنَّ أَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ حَدَّثَهُ أَنَّ عَلِيًّا دَخَلَ عَلَى عُمَرَ وَهُوَ مُسَجًّى عَلَيْهِ بِثَوْبٍ. فَقَالَ: "مَا مِنْ أَحَدٍ أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ أَلْقَى اللهَ بِصَحِيفَتِهِ مِنْ هٰذَا الْمُسَجَّى بِرِدَائِهِ".

(الانتقاء في فضائل الثلاثة الأئمة الفقهاء مالك والشافعي وأبي حنيفة، ص124۔ المؤلف: أبو عمر يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر بن عاصم النمري القرطبي (المتوفى: 463ھ)۔ الناشر: دار الكتب العلمية-بيروت)

ترجمہ حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کی میت) کے پاس تشریف لائے، اس حال میں کہ اُن کے اوپر ایک چادر ڈالی ہوئی تھی، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اس چادر میں لپٹے ہوئے شخص کے اعمال نامہ سے بڑھ کر میرے نزدیک کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کو لے کر میں اللہ سے ملاقات کروں''۔

14 ''الاستیعاب فی معرفة الأصحاب'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 33:۔حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: ''مَا آسَى عَلَى شَيْءٍ، إِلَّا عَلَى أَلَا أَكُونَ قَاتَلْتُ الْفِئَةَ الْبَاغِيَةَ عَلَى صَوْمِ الْهَوَاجِرِ''۔

(الاستیعاب فی معرفة الأصحاب، ج3 ص1117۔ المؤلف: أبو عمر یوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر بن عاصم النمری القرطبی (المتوفی: 463ھ)۔ الناشر: دار الجیل، بیروت۔ الطبعة: الأولی، 1412ھ-1992م۔ عدد الأجزاء: 4)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''مجھے کسی معاملہ پر افسوس نہیں ہے سوائے اس بات کے، کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر ان کے مخالف باغی گروہ کے خلاف قتال نہیں کیا چاہے وہ تپتی دھوپ کے روزے ہی ہوں''۔

15 ''جامع بیان العلم وفضله'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی حدیث

حدیث 34:۔رَوَى أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ: ''مَا اسْتَغْنَى أَحَدٌ بِاللهِ إِلَّا احْتَاجَ النَّاسُ إِلَيْهِ، وَمَا عَمِلَ أَحَدٌ بِمَا عَلَّمَهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا احْتَاجَ النَّاسُ إِلَى مَا عِنْدَهُ''۔

(جامع بیان العلم وفضله، رقم1275)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''کوئی شخص بھی اللہ سے مستغنی نہیں ہوسکتا، مگر سارے ہی لوگ اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے تعلیم کردہ اعمال میں کسی کا بھی عمل مستغنی نہیں ہے مگر سارے ہی لوگ اللہ تعالیٰ کے پاس موجود اجر وثواب کے

محتاج ہیں''۔

2 اکابر تابعین رحمۃ اللہ علیہم سے مروی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ آثار

1 مصنف عبدالرزاق میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 5 آثار

اثر 1:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: ''كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ أَنْ يَأْكُلُوا يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ يَخْرُجُوا إِلَى الْمُصَلَّى''۔

(مصنف عبدالرزاق رقم5738)

ترجمہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مستحب سمجھتے تھے کہ وہ عید الفطر کے دن کچھ کھا کر پھر نماز کے لیے عیدگاہ جائیں''۔

اثر 2:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: ''سُئِلَ عَنْ طِينِ الْمَطَرِ يُصِيبُ الثَّوْبَ''۔ قَالَ: ''يُصَلِّي فِيهِ فَإِذَا جَفَّ فَلْيَحُكَّهُ''۔

(مصنف عبدالرزاق رقم1474)

ترجمہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا: ''اگر کسی شخص کے کپڑوں پر بارش کا پانی لگ جائے، تو وہ کیا کرے؟''۔انھوں نے فرمایا: ''وہ اسی لباس میں نماز پڑھ لے، پھر مٹی خشک ہوجائے تو اسے کھرچ ڈالے''۔

اثر 3:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَأَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: ''سَمِعْتُهُ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فِي جَوْفِ الْكَعْبَةِ فِي رَكْعَةٍ، وَقَرَأَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُخْرَى: قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ''۔ (مصنف عبدالرزاق رقم2850)

ترجمہ حضرت حماد بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ''میں نے انھیں کعبہ کے اندر ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھتے ہوئے سنا۔انھوں نے دوسری رکعت میں (سورت اخلاص) ''قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ'' پڑھی''۔

اثر 4:۔عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: ''إِذَا أَرَادَ الرَّجُلُ أَنْ يُطَلِّقَ امْرَأَتَهُ فَلْيُطَلِّقْهَا حِينَ تَطْهُرُ مِنْ حَيْضِهَا تَطْلِيقَةً فِي

غَيْرِ جِمَاعٍ، ثُمَّ يَتْرُكُهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا. فَإِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللهُ، وَكَانَ خَاطِبًا مِنَ الْخُطَّابِ، فَإِنْ هُوَ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا ثَلَاثَ تَطْلِيقَاتٍ فَلْيُطَلِّقْهَا عِنْدَ كُلِّ حَيْضَةٍ تَطْهُرُ مِنْهَا تَطْلِيقَةً فِي غَيْرِ جِمَاعٍ، فَإِنْ كَانَتْ قَدْ يَئِسَتْ مِنَ الْمَحِيضِ فَلْيُطَلِّقْهَا عِنْدَ كُلِّ هِلَالٍ تَطْلِيقَةً".

(مصنف عبدالرزاق رقم 10921)

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دینے کا ارادہ کرے، تو وہ اسے بغیر جماع کے حیض سے پاک حالت میں ایک طلاق دے۔ پھر اسے چھوڑ دے، یہاں تک کہ وہ اپنی عدت پوری کرلے۔ جب اس نے ایسا کیا تو اس نے اللہ کے حکم کے مطابق طلاق دی، اور اس کے پاس پیغامِ نکاح دینے کا اختیار ہوگا۔ اگر اس نے تین طلاقیں دینے کا ارادہ کیا، تو وہ عورت کو بغیر جماع کے ہر حیض سے پاک حالت میں ایک طلاق دے۔ اگر کسی عورت کو حیض نہ آتا ہو، تو وہ اسے (ہر مہینے کے) نئے چاند پر طلاق دے''۔

اثر 5:- عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ فِي حُرٍّ وَعَبْدٍ قَتَلَا رَجُلًا عَمْدًا. قَالَ: "يُقْتَلَانِ بِهِ". (مصنف عبدالرزاق رقم 18106)

ترجمہ: حضرت امام ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''اگر آزاد مرد اور غلام نے مل کر کسی شخص کو عمداً (جان بوجھ کر) قتل کیا، تو اس کے عوض قصاص میں ان دونوں کو قتل کیا جائے گا''۔

2 مصنف ابن ابی شیبہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی 3 آثار

اثر 6:- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَطَاءً: "عَنْ وَلَدِ الزِّنَا يَؤُمُّ الْقَوْمَ". فَقَالَ: "لَا بَأْسَ بِهِ، أَلَيْسَ مِنْهُمْ مَنْ هُوَ أَكْثَرُ صَوْمًا وَصَلَاةً مِنَّا". (مصنف ابن ابی شیبہ رقم 6092)

ترجمہ: حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: ''کیا کوئی ولد الزنا امامت کرا سکتا ہے؟''۔ انھوں نے فرمایا: ''اس میں کوئی

حرج نہیں (کیونکہ وہ تو قصور وار نہیں)۔ کیا اُن میں ایسے نہیں ہوتے جو نماز وروزہ میں ہم سے بڑھ کر ہوں؟''۔

اثر 7:- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ: "فِي الْمُسَافِرِ يَقْدَمُ، وَقَدْ كَانَ أَكَلَ". قَالَ: "لَا يَأْكُلُ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ".

(مصنف ابن ابی شیبہ رقم 9345)

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے ایسے مسافر کے بارے میں پوچھا گیا جو افطاری والے علاقہ سے روزہ والے علاقہ میں پہنچتا ہے، وہ کیا کرے؟''۔ انھوں نے فرمایا: ''وہ باقی دن کچھ نہ کھائے''۔

اثر 8:- حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، "فِي الصَّائِمِ يَتَوَضَّأُ فَيَدْخُلُ الْمَاءُ حَلْقَهُ مِنْ وُضُوئِهِ". قَالَ: "إِنْ كَانَ ذَاكِرًا لِصَوْمِهِ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ، وَإِنْ كَانَ نَاسِيًا فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ". (مصنف ابن ابی شیبہ رقم 9487)

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے ایسے روزہ دار کے متعلق پوچھا گیا جو وضو کے دوران وضو کا پانی حلق میں لے جائے؟''۔ انھوں نے فرمایا: ''اگر اسے روزہ یاد تھا تو اس پر قضا لازم ہے۔ اگر وہ بھول گیا تھا تو اس پر کوئی چیز نہیں''۔

3 کتاب الام للشافعیؒ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی اثر

اثر 9:- أَخْبَرَنَا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: "دِيَةُ الْمُعَاهِدِ دِيَةُ الْحُرِّ الْمُسْلِمِ".

(الأمّ للشافعی ج 7 ص 339؛ (عن علقمہؒ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 27446؛ عن مجاہد: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 27447؛ عن الزہریؒ: مصنف ابن ابی شیبہ رقم 27449؛ عن ابن مسعودؓ: مصنف عبدالرزاق رقم 18496؛ معجم کبیر طبرانی رقم 9738؛ سنن دارقطنی رقم 3300)

ترجمہ: حضرت امام ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''(کافر) معاہد کی دیت آزاد مسلمان کی دیت کی طرح ہے''۔

4 ابنِ سعدؒ کی ''الطبقات الکبریٰ'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی اثر

اثر 10:۔قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: "كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ مسروق بسم الله الرحمن الرحيم".

(طبقات ابن سعد ج6 ص139؛ مصنف ابن ابی شیبہ رقم 25109، 25124)

ترجمہ حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: ''(حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد) حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ کی انگوٹھی کا نقش ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ'' تھا''۔

5 ''جامع بیان العلم وفضلہ'' میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی اثر

اثر 11:۔حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ قَاسِمٍ، نا ابْنُ شَعْبَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْفَقِيهُ الْقُرْطُبِيُّ بِمِصْرَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، نا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ حَسَّانَ، نا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، نا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: "بَلَغَنِي أَنَّهُ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ تُوضَعُ حَسَنَاتُ الرَّجُلِ فِي كِفَّةٍ وَسَيِّئَاتُهُ فِي الْكِفَّةِ الْأُخْرَى فَتَشِيلُ حَسَنَاتُهُ. فَإِذَا يَئِسَ وَظَنَّ أَنَّهَا النَّارُ جَاءَ شَيْءٌ مِنَ السَّحَابِ حَتَّى يَقَعَ فِي حَسَنَاتِهِ، فَتَشِيلُ سَيِّئَاتُهُ. قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: "أَتَعْرِفُ هٰذَا مِنْ عَمَلِكَ؟". فَيَقُولُ: "لَا". فَيُقَالُ: "هٰذَا مَا عَلَّمْتَ النَّاسَ مِنَ الْخَيْرِ فَعُمِلَ بِهِ مِنْ بَعْدِكَ". (جامع بیان العلم وفضلہ، رقم 224)

ترجمہ حضرت امام ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''مجھے یہ بات پہنچی ہے: جب قیامت کے دن ہوگا، تو ایک شخص کی نیکیاں ترازو کے ایک پلڑے میں رکھی جائیں گے، اور اس کی برائیاں دوسرے پلڑے میں رکھی جائیں گی، تو اس کی نیکیاں (ہلکی ہونے کی وجہ سے) ہوا میں اڑنے لگ جائیں گی۔ یہ دیکھ کر وہ شخص بالکل مایوس ہوجائے گا، اور اس کو جہنم کی آگ میں جانے کا یقین ہوجائے گا۔ اچانک بادل میں سے آکر ایک چیز

اس کی نیکیوں میں شامل ہوجائے گی (تو اس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوجائے گا)، اور اس کی برائیوں کا پلڑا (ہلکا ہونے کی وجہ سے) ہوا میں اڑنے لگے گا۔ اس شخص سے کہا جائے گا: ''کیا تُو اپنے اس عمل کو پہچانتا ہے؟''۔ وہ عرض کرے گا: ''نہیں''۔ پھر اس سے کہا جائے گا: ''یہ وہ نیک اعمال ہیں جو تُو نے لوگوں کو سکھائے اور بتائے تھے، پھر تیری وفات کے بعد ان پر عمل کیا گیا ہے''۔

3 کتبِ حدیث میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی فقہی اقوال

بعض محدثین نے اپنی کتب میں متصل سند کے ساتھ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی فقہی اقوال کو بھی روایت کیا ہے۔

1 صحیح ابن حبان میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی فقہی قول

اثر 12:۔أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَا: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى أَبِي حَنِيفَةَ بِمَكَّةَ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: "إِنِّي لَبِسْتُ خُفَّيْنِ وَأَنَا مُحْرِمٌ"، أَوْ قَالَ: "لَبِسْتُ سَرَاوِيلَ وَأَنَا مُحْرِمٌ"، شَكَّ إِبْرَاهِيمُ. فَقَالَ لَهُ أَبُو حَنِيفَةَ: "عَلَيْكَ دَمٌ". قَالَ: فَقُلْتُ لِلرَّجُلِ: "وَجَدْتَ نَعْلَيْنِ، أَوْ وَجَدْتَ إِزَارًا؟". فَقَالَ: "لَا". فَقُلْتُ: "يَا أَبَا حَنِيفَةَ! إِنَّ هٰذَا يَزْعُمُ أَنَّهُ لَمْ يَجِدْ". فَقَالَ: "سَوَاءٌ وَجَدَ، أَوْ لَمْ يَجِدْ". (صحیح ابن حبان رقم 3780)

ترجمہ حضرت حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں مکہ مکرمہ میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اس دوران ایک شخص نے آکر آپ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا: ''میں نے احرام کی حالت میں موزے پہن لیے ہیں''، یا ''میں نے احرام کی حالت میں پاجامہ پہن لیا ہے''۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے فرمایا: ''تم پر دَم لازم ہے''۔ (راوی کہتے ہیں:) میں نے اس شخص سے پوچھا: ''کیا تمہارے پاس جوتے یا تہبند تھا؟''۔ اس نے کہا: ''نہیں''۔ میں نے کہا: ''اے ابوحنیفہ! اس کے پاس (احرام

میں پہننے کے لیے) یہ چیزیں نہیں تھیں"۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "برابر ہے چاہے اس کے پاس ہو، یا نہ ہو"۔

2 صحیح ابن خزیمہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی فقہی قول

اثر 13:۔ثَنَا أَيُّوبُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا أَبُو مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا حَنِيفَةَ، أَوْ سُئِلَ أَبُو حَنِيفَةَ عَنِ الْوِتْرِ. فَقَالَ: "فَرِيضَةٌ".

(صحيح ابن خُزَيمة، ج1 ص530، 531 رقم1069۔ المؤلف: أبو بكر محمد بن إسحاق بن خزيمة بن المغيرة بن صالح بن بكر السلمي النيسابوري (المتوفى: 311ھ). الناشر: المكتب الإسلامي۔ الطبعة: الثالثة، 1424ھ-2003م)

ترجمہ حضرت عبدالوارث بن سعید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے وتر کے متعلق سوال کیا، یا اُن سے وتر کے بارے میں سوال کیا گیا۔ تو انھوں نے فرمایا: "فرض یعنی واجب ہے"۔

3 مسند ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی قول

اثر 14:۔أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَارِثِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى بْنِ سَلَّامٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْبَلْخِيِّ، قَالَ: قَالَ أَبُو حَنِيفَةَ، لِإِبْرَاهِيمَ: "إِنَّكَ رُزِقْتَ مِنَ الْعِبَادَةِ شَيْئًا صَالِحًا، فَلْيَكُنِ الْعِلْمُ مِنْ بَالِكَ، فَإِنَّهُ رَأْسُ الْعِبَادَةِ وَبِهِ قِوَامُ الدِّينِ"۔

(مسند إبراهيم بن أدهم الزاهد، رقم46۔ المؤلف: أبو عبد الله محمد بن إسحاق بن محمد بن يحيى بن مَنْدَه العبدي (المتوفى: 395ھ)۔ الناشر: مكتبة القرآن - القاهرة؛ الآثار، للامام ابی یوسف رقم 3489؛ المسند للثعالبی رقم 943؛ الموسوعة الحديثية لمرويات الامام ابی حنيفة، ج4 ص305، 306 قم553-555۔ جمعه واعده وعلق عليه: العلامه المحقق الشيخ لطيف الرحمن البهرائچی القاسمی)

ترجمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابراہیم بن ادہم ابن منصور رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی 162ھ) کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: "آپ رحمۃ اللہ علیہ کو عبادت گزاری میں سے اچھا

حصہ مل گیا ہے، اب اس کے بعد علم پر توجہ ہونی چاہیے کیونکہ وہ عبادت کی اصل ہے اور اسی سے دین کی مضبوطی ملتی ہے"۔

تمت

مشنو سخنِ دشمنِ بد گوئے خدا را
با حافظِ مسکینِ خود اے دوست! وفا کن

ترجمہ خدا کے لئے، بدگو دشمن کی بات نہ سن۔ اے دوست! اپنے مسکین، حافظ کے ساتھ وفا کر۔

افسانۂ یارانِ کہن خواندم و رفتم
در یاب کہ لعل و گہر افشاندم و رفتم

ترجمہ میں نے قدیم دوستوں کی داستان بیان کر کے جا رہا ہوں۔ تم موتیوں کی تلاش کرتے رہو، کہ میں نے لعل اور گہر بکھیر دیئے ہیں اور میں جا رہا ہوں۔

اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل وکرم اور لطف وعنایت سے اس خدمت کو شرفِ قبولیت سے نوازے۔ اور باقی حصوں کی تکمیل کی خاص توفیق عطا فرمائے۔ اخلاص، قبولیت اور استقامت سے نوازے۔ مجھے، میرے والدین، بہن بھائیوں، گھر والوں، اساتذۂ کرام اور احباب ومتعلقین کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین ثم آمین۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (البقرة:127)

ترجمہ اے ہمارے ربّ! ہم سے یہ خدمت قبول فرما لے، تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

اعجاز احمد اشرفی عفی عنہ

جمعہ، 18/رمضان المبارک 1445ھ 29/مارچ 2024ء